**Amanuensis** (*a-man-u-en'sis*), *n.* A writer; a copyist; a clerk: محرر - نقلنویس

**Amaranth,** *n.* A flower that never fades; a colour nearly purple: - صدا بہار - گل شاداب ارغوانی رنگ

**Amaranthine,** *a.* Immortal; unfading; everlasting: مدامی - همیشه تازه - لازوال

**Amass,** *v. t.* To accumulate; to heap up: جمع کرنا - ڈھیر لگانا

**Amateur** (*am-a-tar'* or *tur*), *n.* A lover of any art, sport, game, etc., but who does not practise it for gain only; one who cultivates an art from the mere taste for it; a delittante: شایق - شوقین - عطائی

**Amatory,** *a.* Producing love; erotic; tender: عشق انگیز - عاشقانه

**Amaze,** *v. t.* To confound with tear or sudden surprise; to astonish: - متعجب یا متحیر کرنا اچنبھت کرنا - حیرت میں ڈالنا

Syn.—Bewilder, confound, perplex, astound.

**Amazement,** *n.* Astonishment; wonder; great surprise: تعجب - حیرت - اچنبھا - بڑی حیرانی

**Amazing,** *a.* Wonderful: حیرت انگیز - طرفه - عجیب و غریب - ادبھت

**Amazon,** *n.* A warlike woman; a virago: مسلح عورت جو مردانه لباس میں هو - اردا بیگنی - لڑاکا عورت - مردزن صفت -

**Ambassador,** *n.* An envoy of the highest rank sent to a foreign government; a diplomatic minister of the lightest order sent by one sovereign power to another (*Fem.* Ambassadress) یلچی - سفیر - راجدوت

**Amber,** *n.* A yellowish fossil resin, used in making ornaments: عنبر - کہربا

**Ambergris,** *n.* A hard, opaque, resinous substance of an ash-gray colour, found floating on the sea or on the sea-coast of warm countries and in the intestines of the spermaceti whale: مشک دانه - عنبر

**Ambidexter,** *a.* Able to use both hands with equal ease; a double-dealer: دوهتها - دوطرفه - ریا کار

**Ambient,** *a.* Encompassing; surrounding: چاروں طرف گھیر نے والا - محیط - چراور

**Ambiguity,** *n.* Ambiguousness more than one meaning; doubtful or double meaning; equivocalness; uncertainty: اشتباه - ابہام - تذبذب - شک - دبدها - مغالطه - دھوکا - دو ارتھه - رمز

**Ambiguous,** *a.* Having two meanings; doubtful; equivocal: ذومعنی - دو ارتھا - رمز آمیز - مشکوک - مبهم - پیچدار - مذبذب

Syn.—Uncertain, dubious, indefinite, vague, obscure.

**Ambition,** *n.* Eager desire of superiority; aspiration; covetousness: حوصله - هوس - امنگ - بلندنظری - دهن - طمع - بلند پروازی

**Ambitious,** *a.* (Is followed by Prep. *of*) Desirous to excel; greedy: حوصله مند - عالی منش - آرزومند - امنگی

**Amble,** *v. t.* To move as a horse at an easy pace affectedly: دوگامه چلنا - رهوار یا رهوال چلنا - دوغا چلنا
*n.* A pace of a horse between a trot and a walk: دوگا ما چال - رهوال

**Ambler,** *n.* A horse that moves at an easy pace affectedly: رهوال - قدمباز گھوڑا

**Ambrosia,** *n.* The fabled food of the gods which conferred eternal youth; and beauty to those who ate it; something delightfully sweet and pleasing: آب حیات - امرت - سدها

**Ambrosial,** *a.* Having the qualities of ambrosia; delicious; fragrant: آب حیاتی - لذیذ - خوش ذایقه - مزه‌دار - خوشبودار

**Ambrosial,** *a.* Delicious; fragrant: لذیذ - مزه دار خوشبو دار

**Ambulance,** *n.* A carriage for the wounded or sick; a carriage which follows an army and serves as a movable hospital for the wounded; field hospital establishment: زخمی اور

مریض سپاھیوں کو میدان جنگ سے اٹھانے والی گاڑی - میدان جنگ کے شفاخانہ کا عملہ

**Ambuscade, Ambush,** *n.* A hiding to attack by surprise ; a lying in wait ; lurking : کمین گھات میں لگے * گاہ - گھات کی جگھہ * **To lie in—,** رھنا - داﺆ گھات میں بیٹھنا

**Ameliorate,** *v. t.* To make better ; to improve : بہتر کرنا - درست کرنا - سدھارنا - اصلاح کرنا

**Amelioration,** *n.* Improvement ; a making or becoming better : ترقی - بہتری - اصلاح - سدھار

**Amen,** *ad.* So be it : آمین - ایساھی ھو - الہم استر - آمین اللہ

**Amenable,** *a.* Accountable ; governable ; tractable ; submissive : جواب دہ - مطیع - اطاعت پزیر

**Amend,** *v. t.* To correct ; to reform ; to make right : درست کرنا - صحیح کرنا - ترمیم کرنا - سدھارنا - بنانا * *v. i.* To become better : درست ھونا - اصلاح ھونا

**Amende honorable,** A frank apology ; reparation : عذر معاذرات - علانیہ معافی مانگنا اور نقصان بھرنا -

**Amendment,** *n.* An alteration for the better ; a reformation ; rectification : ترمیم - اصلاح - درستی

Syn.—Correction, improvement, reformation.

**Amends,** *n. (pl.)* Recompense ; compensation ; fine ; penalty : مکافات - معاوضہ - جزا - تاوان - ڈانڈ - بدلہ * **To make—for,** to compensate : بدلہ چکانا - تاوان دینا - ڈانڈ بھرنا

**Amenity,** *n.* Agreeableness ; pleasantness ; civility : خوبی - فرحت - نرمی - اشرافت

**Amensa et thoro :** طلاق نان و نفقہ - روٹی کپڑا دینے سے انکار

**Amerce,** *v. t.* To punish by a fine : جرمانہ کرنا - ڈنڈ لینا ۔

**Amercement,** *n.* A fine ; penalty inflicted : جرمانہ - ڈنڈ

**Amethyst,** *n.* A precious stone of a violet-blue colour : نیلم - لاجورد - یاقوت

**Amiability, Amiableness,** *n.* Sweetness of temper ; lovableness : خوش مزاجی - ھردل عزیزی - لطافت - شایستگی - نیک بختی

Syn.—Kindliness, sympathy, loving-kindness.

**Amiable,** *a.* Charming ; worthy of love ; sweet ; gracious ; kindly : ھر دل عزیز - نیک نہاد - شیریں مزاج - من بھاﺆ - سرشیل

**Amicability,** *n.* Friendliness ; agreeableness ; kindness : دوست نوازی - شفقت - صاحب مروتی

**Amicable,** *a.* Friendly ; peaceable ; دوستانہ - صلح خواہ - ھلا ملا - ملا جلا - صاحب مروت

Syn.—Cordial, friendly, hearty, sociable.

Ant.—Adverse, hostile, unfriendly.

**Amicably,** *ad.* In a friendly manner ; peaceably ; agreeably : دوستانہ طور پر - صلح کے ساتھہ - آپس میں

**Amid, Amidst,** *prep.* In the midst or middle of ; among : بیچ میں - درمیان * **—the rest,** باقیوں میں

**Amiss,** *a.* Ill ; faulty ; wrong : غیر واجب - ناقص - غلط - دوشی * *ad.* In faulty manner ; in a wrong sense : سہواً - بھولکر - غلط طور سے - چوک سے * **To take—,** برا ماننا - ناراض ھونا - خفا ھونا

**Amity,** *n.* Friendship ; good understanding ; harmony : دوستی - مہربانی - اخلاص - میل - ارتباط

**Ammonia,** *n.* A strong-smelling gas used in medicine and the arts : ھوش میں لانے کی دوا **Salammoniac,** نوسادر

**Ammunition,** *n.* Any thing used for munition or defence ; military stores as powder, balls, &c : اسباب جنگ مثلاً گولا بارود وغیرہ

**Amnesty,** *n.* A general pardon of offences against government ; an oblivion : عفو - معافی نامہ عام - جان بخشی

**Amok,** *See* **Amuck.**

**Among, Amongst,** *prep.* Of the number of ; amidst : بیچ میں - درمیان - منجملہ

**Amorous,** *a.* Inclined to love ; easily inspired with love ; fondly in love of : عاشق مزاج - عشق باز - عاشقانہ - فریفتہ - شیدا - رسیا - رنگیلا

**Amorousness,** *n.* Fondness ; lovingness : عشق بازی - تعشق

**Amorphous,** *a.* Irregular ; formless : بھدا - بیڈھنگا - بیڈول

**Amort,** *a.* Dull ; dejected ; spiritless : سست - اداس - افسردہ خاطر - مردہ سا

**Amount,** *n.* The sum total; the whole result; the effect or value : جمع - کل - تعداد - مبلغ - بقدر - بانداز - رقم - مقدار - حاصل - تک * **To the—of,** - * *v. i.* To rise to or reach by adding the whole items; to result in : پہونچنا - چڑھنا

**Amour,** *n.* A love intrigue : اشنائي - لگاؤ - عشق

**Amphibious,** *a.* Living both on land and water : دوعنصري - خشکي اور پاني میں رهنے والا - جل تھل چر

**Amphibia, Amphibians,** *n. pl.* Animals capable of living both under water and on land : آبي و هوائي جانور - خشکي و تري دونوں مین رهنے والے جانور

**Amphitheatre,** *n.* A circular edifice having rows of seats one above another and having an open space, called the arena, in the centre; a place for shows and games : تماشے کا گول گھر - دنگل - اکھاڑا

**Ample,** *a.* With room enough; of large size; plentiful; sufficient : بهت بڑا - وسیع - کشادہ - کافي - فراخ - بهت سا

**Syn.**—Full, spacious, extensive, wide, capacious.

**Ant.**—Insufficient, inadequate, scanty.

**Amplification,** *n.* Enlargement; exaggeration; diffusive description : طوالت - مبالغہ - بڑھاؤ - وستار - پھیلاؤ

**Amplify,** *v. t.* To make more copious in expression; to add to; to speak or write diffusively : بڑھانا - پھیلانا - طول دینا - مبالغہ کرنا - طوالت سے بیان کرنا -

**Amplitude,** *n.* Largeness of dimensions; ample capacity; extent : وسعت - کشادگي - سمائي - فراخي

**Amply,** *ad.* Largely; liberally; copiously; abundantly; sufficiently : بکثرت - بافراط - بهتایت سے - ریل پیل سے - مالا مال - بھر پور

**Amputate,** *v. t.* To cut off, as a limb or branch : عضو کاٹنا - قلم کرنا

**Amputation,** *n.* The operation of cutting off a limb or branch : قطع عضو - تراش - قلم

**Amuck,** *(Malay) ad.* Madly; in murderous frenzy : * دیوانہ وار - اندھا دھند - بے تحاشا - تندي سے **To run—,** to rush about frantically attacking all that come in the way : دیوانہ وار دوڑنا اور جو آگے آوے اُسے مارنا

**Amulet,** *n.* A jewel or ornament worn as a charm round the neck or arm to prevent sickness or other evil : تعوید - جنتر - گنڈا

**Amuse,** *v. t.* To divert; to entertain; to gratify : بهلانا - خوش کرنا - خیال هٹانا - دل لگانا - تفریح دینا * To delude : - جھانسا دینا - دم یا باتوں میں رکھنا بهکانا

**Syn.**—Delight, please, occupy, biguile.

**Ant.**—Annoy, disquiet, tire.

**Amusement,** *n.* Diversion; entertainment; play; pastime : - تفریح طبع - کھیل تماشا - دل بهلاؤ دلگي - شغل

**Amusing, Amusive,** } *a.* Entertaining; pleasing; causing fun or pleasure; (person) دلگي باز - نقل مجلس - (things) - دل بهلاؤ - فرحت انگیز - دلچسپ

**An,** The indefinite article placed before a word beginning with a vowel : حرف تنکیر جو اُن الفاظ کے قبل آتا هے جنکے شروع میں حرف علت کي آواز هو * One; ایک - کوئي

**Anacardium,** *n.* A kind of fruit used for medicinal purposes; it is used by washermen to mark the clothes, and this serves the purpose of cloth-marking ink : بهلانوا - بهلونجي

**Anachronism,** *n.* An error in chronology; a putting of an event earlier or later than it really happened; an error in dating : تاریخ کي غلطي - اِختلاف وقت

**Anagram,** *n.* The change of one word or phrase into another by the transposition of its letters, as 'live' = 'evil', 'time' = 'emit'; 'Florence Nightingale' = 'Flit on, cheering angel' : حروف کي تبدیلي سے ایک لفظ یا جملہ کو دوسرا کر ڈالنا - تعریف قلب - لف ونشر

**Analogical,** *a.* Showing similarity of relations; similar : مطابق - مشابہ - همشکل - ملتا جلتا

**Analogous,** *a.* Having some likeness in thought; with parts or qualities that can be thought of as like those of something else : مطابق - یکساں - مشابہ - ایک صورت کا - همشکل

**Analogue,** *n.* A thing corresponding to another : متشابہ یا همشکل چیز

**Analogy,** *n.* Alikeness in some ways between things that are otherwise different; a resemblance of relations, as in the phrase: 'Knowledge is to the mind what light is to the eye'; 'Childhood is the dawn of manhood's day': چیزوں کی بعض حالتوں کی مشابہت - مشابہت - مطابقت - موافقت - قرینہ

**Analyse,** *v. t.* To resolve a whole into its elements; to separate into component parts: تشریح کرنا - ترکیب کرنا - تفصیل کرنا - تفریق کرنا - جز و ٹکڑے کرنا

**Analysis,** *n.* (*pl.* **Analyses**) Separation into elements; dissection; examination of constituents; *(Gram.)* the arrangement into its logical and grammatical elements of a sentence or part of a sentence: تشریح - تفریق - تفصیل - ترکیب نحوی

**Analyst,** *n.* One skilled in analysis esp., chemical analysis: سودھی - سودھنے والا - تفریق داں - تجزہ داں

**Ananthous,** *a.* Flowerless: بے پھول کا

**Anarchy,** *n.* Want of government in a country; political confusion; a breakdown of law and order: بدانتظامی - غدر - ھنگامہ - بدعملی - اندھیر - چوپٹ راج - مرھٹی گھس گھس - ھربونگ کا راج

**Anarchist,** (*—kist*) *n.* One who advocates anarchy; or aims at the overthrow of the civil government of his country: غدار - مخالف بادشاہ - فاسد - بلوائی - خود مختاری کا خواھاں

**Anarsarca,** *n.* A kind of dropsy: استسقی - سوتھہ - ایک قسم کا جلندر

**Anathema,** *n.* A solemn ecclesiastical curse or denunciation involving excommunication: لعنت - سراپ - دھکار - حقہ پانی کی بندی - کریا کرم سے نکلا جانا - پھٹکار

**Anathematise,** *v. t.* To pronounce accursed; to excommunicate: پھٹکارنا - ذات باھر کرنا - برادری سے خارج کرنا - حقہ پانی بند کرنا

**Anatomist,** *n.* One skilled in the art of dissecting any organised body: تشریح داں - فصاد - جراح - انگ و دیہ گنی

**Anatomize,** *v. t.* To dissect; to examine critically; to analyze: چیرنا - کاٹ کوٹ کرنا - چاک کرنا - چیر پھاڑ کر کے جانچنا

**Anatomy,** *n.* The art of dissecting any organised body; the science of the structure of the body learned by dissection: علم تشریح - جراحی - چیر پھاڑ - بدن کا علم

**Ancestor,** *n.* A forefather; one from whom a person is descended: پرکھا - باپ دادا - بزرگ - اسلاف

**Ancestorial,** } *a.* Descending from ancestors:
**Ancestral,** } موروثی - پشتینی - جدی - باپ دادا کی پیروی - آبائی

**Ancestry,** *n.* Lineage; high birth: خاندان - حسب و نسب - پیڑھی - کل - عالی نسل - عالی خاندان

**Anchor,** *n.* An iron instrument with a hook for holding a vessel by gripping the ground; (*Met.*) any thing that gives stability or security: لنگر - جاے پناہ - آسرا - بھروسہ * To cast—, لنگر ڈالنا * To weigh—, جھاز لنگر اٹھانا * Sheet—, بڑا لنگر * To come to—, جھاز کھڑا کرنا

**Anchorage,** *n.* A ground for anchoring; a harbour; a hold; ground of trust; the duty: لنگر ڈالنے کی جگھہ - بندر گاہ - بندر کا محصول - پناہ گاہ - تکیہ گاہ -

**Anchorite,** *n.* A recluse; a hermit: گوشہ نشین - زاھد - سنیاسی - تارک الدنیا

**Anchovy,** *n.* A small sea-fish: ایک قسم کی چھوٹی سمندری مچھلی

**Ancient,** *a.* Old (in time); of long duration; belonging to former times; past: پرانا - قدیم - دیرینہ - مدت کا - اگلا - پیشین - اگلے زمانے کا

——*n.* Patriarch; an old man; one who lived long ago: پرکھا - بزرگ * *pl.* men of old; those who lived in remote times: متقد مین - قدما - سلف کے لوگ - پرکھے

**Ancipital,** *a.* Double-faced; two-edged: دو رخا - دو دھارا

**Ancillary** *(an-sil-ar-ı)*, *a.* Subordinate to; subservient: خدمتگار - مدد گار - ماتحت

**And,** *conj.* The conjunctive particle used to join words and sentences * حرف عطف - اور - و —so forth, —so on, وغیرہ - اسی طرح - علی هذالقیاس * —that, اور یہہ کہ

**Anecdote,** *n.* An incident of private life; a very short story; a biographical incident: روایت - حکایت - قصہ - داستان - چٹکلا

**Anemography,** *n.* A description of the wind: بیان ہوا

**Anemometer,** *n.* For measuring the velocity or pressure of the wind: مقیاس الہوا - ہوا ناپ

**Anent,** *prep.* Concerning; about; in regard to: نسبت - بابت

**Anew,** *ad.* Newly; afresh; over again: - از سر نو - نئے سر سے - پھر سے

**Angel,** *n.* A spiritual being; a messenger from God; a beautiful person: فرشتہ - ملک - حور - پریزاد - ماہ لقا - پدمنی عورت * **Like—'s visits, few and far between:** گاہے ماہے کی ملاقات - (آج چاند کدھر سے نکلا) * **The—of death,** ملک الموت - ازازیل - جم * **—s who question the death,** منکر نکیر - جمراج * **The recording—s,** کراماً کاتبین - چتر گپت

**Angelic,** *a.* Belonging to or resembling angels: ملکی - فرشتہ خو - پری پیکر

**Anger,** *n.* A strong passion; indignation; wrath; great displeasure: غضب - غصہ - خفگی - طیش - ریش - تیہا * **Flushed with—,** غصہ میں لال ہو گیا - لال پیلا ہو گیا

Syn.—Rage, fury, vie, choler.

——*v. t.* To make angry; to irritate: غصہ دلانا - خفا کرنا

**Angina,** *n.* Inflammation of the throat: گلے کی سوجن

**Angle,** *n.* A corner; point where two lines meet; *(Gram.)* the inclination of two straight lines which meet, but are not in the same straight line: زاویہ - گوشہ - کون * **Acute—,** زاویہ حادہ * **Adjacent—,** زاویہ متصلہ * **Alternate—,** زاویہ متبادلہ * **Exterior—,** زاویہ خارجہ * **Interior—,** اندرونی زاویہ * **Obtuse—,** زاویہ منفرجہ * *n.* A fish-hook; a fishing-rod with line and hook: مچھلی پھنسانے کا کانٹا - بنسی * **—of the eye,** گوشہ چشم - کویا * *v. i.* To fish with a rod and line: کانٹا ڈالنا یا بنسی لگانا * *v. t.* To entice; to try to gain by some artifice: دل پھنسانا - لبھانا * ہیلہ بازی سے کوشش کرنا - چارہ ڈالنا - چال بچھانا

**To—with a silver hook:** سونے کی کٹاری مارنا

**Angler,** *n.* One who fishes with a rod and line: بنسی باز - بنسی کا کھلاڑی

**Anglican,** *a.* English; belonging to the Church of England: انگریزی - انگریزوں کے مذہب کا

**Anglicize,** *v. t.* To convert into English; to express in English idiom: انگریزی بنانا - انگریزی محاورہ میں ڈھالنا

**Anglo-Indian,** *n.* An Englishman born or living in India: انگریز جسکی پیدایش یا سکونت ہندوستان میں ہو

**Angour,** *n.* A pain of the heart: درد دل

**Angry,** *a.* Indignant; wrathful: غضبناک - خفا - بیرحم - خشمگیں * *(Prov.)* **He that is—is seldom at ease,** طیش میں عیش کہاں—کرودھی کو چین کہاں

**Anguish,** *n.* Extreme pain of body or mind; agony: سخت درد - جانکندنی - عذاب - کشت - جگر سوزی - الم

Syn.—Agony, pang, distress, torture, torment.

**Angular,** *a.* Having angles; pointed; sharp and stiff; ungraceful: گوشہ دار - کونے دار - کونیا - نوکیلا - کڑا - چبھتا - اکتا - ترش مزاج

**Anhelation,** *n.* Shortness of breath; difficult respiration: دم پھولنا - تنفس - ہنپ ہنپی

**Animadversion,** *n.* Criticism; reproof; unfavourable remarks: عیب نمائی - ملامت - سرزنش - حرف گیری - نقطہ چینی

Syn.—Stricture, comment, blame, remark, reproof.

Ant.—Panegyric, encromium, commendation, approval.

**Animadvert,** *v. i.* To make remarks on; to find fault with: ملامت کرنا - سرزنش کرنا - عیب گیری کرنا

**Animal,** *n.* A creature endowed with life and the power of voluntary motion; any living being without reason: جانور - پشو - حیوان * **An irrational—,** حیوان مطلق * **A rational—,** حیوان ناطق - انسان - منش * *a.* of or belonging to animals; sensual: حیوانی * **—food,** گوشت - ماس * **—spirits,** طبیعت کا جوش - من کی لہر

**Animalcule,** *n.* (*pl.* Animalcule, Animalcula), An animal invisible or nearly so to the naked eye; a creature so small that it cannot be seen without a glass or microscope : بہت هي چھوٹا کیڑا - چھوٹا کیڑا جو خورد بین هي سے دکھائي دے

**Animate,** *v. t.* To give life to; to incite; to encourage : جلانا - جان ڈالنا - ترغیب دینا - همت دلانا - ڈھارس بندھانا - تقویت دلانا - * *a.* Alive : جاندار - زندہ

**Animated,** *a.* Living; lively; spirited; full of life : زندہ دل - پر جوش - گرم - چالاک - دلیر

**Animation,** *n.* Vigour; life; vivacity : - زندگي جوش - زندہ دلي

**Animosity,** *n.* Bitter hatred; active enmity; great ill-will : - بغض - عداوت - دشمني - کینہ - خصومت - لاگ

**Animus,** *n.* Intention; actuating spirit; prejudice; against : ارادہ - مزاج - خو

**Aniseed,** *n.* The aromatic seeds of a plant used for flavouring and as medicine : - بادیان - سونف * **Anisetle,** سونف کي شراب

**Ankle,** *n.* The joint connecting the foot and leg : ٹخنا - گٹا

**Anklet,** *n.* An ornament worn on the ankle : پازیب - کڑا - پایل

**Anna,** *n.* An Indian coin ( $\frac{1}{16}$ of a rupee) : آنہ - روپیہ کا سولھواں حصہ - ۴ پیسے

**Annalist,** *n.* A writer of annals : مورخ - واقع نگار - راوي

**Annals,** *n.* A history of events in chronological order; chronicles : - تواریخ - اتہاس - کتھا - سالانہ سر گذشت

**Anneal,** *v. t.* To temper (glass and steal) by heat; to fix colours on glass by heating it : تاؤ دینا - سخت کرنا - شیشے کو رنگنے کے لئے گرم کرنا

**Annex,** *v. t.* To affix; to subjoin; to connect; to add : لگانا - جوڑنا - شامل کرنا - وصل کرنا - ملحق کرنا

**Annexation,** *n.* Act of annexing; addition; union : اتصال - جوڑ - لاگ - میل - الحاق

**Annexed,** *ad.* Joined; attached; connected; added : جڑا هوا - منسلک - مشمولہ - نتھي کیا هوا

**Annihilate,** *v. t.* To destroy; to annul; to bring to nothing; to put out of being : نیست و نابود کرنا - مٹانا - فنا کرنا - معدوم کرنا - ستیا ناش کرنا

**Annihilation,** *n.* The state of being brought to nothing; a putting out of being : - بربادي نیستي - فنا - عدم

**Anniversary,** *n.* The annual celebration in honour of an event : برکھي - سالگرہ * *adj.* Happening year after year; annual : - سالانہ برسوڑي -

**Annomination,** *n.* The use of words nearly alike in sound but of different meanings; a pun : ذو معني لفظ - دو ارتھي شبد - جگت

**Anno Domini,** In the year of our Lord : سن عیسوي

**Anno Mundi,** In the year of the world : سن پیدایش دینا

**Annotate,** *v. t.* To make remarks on by notes; to comment upon : شرح یا ٹیکا لکھنا - حاشیہ یا تفسیر چڑھانا -

**Annotation,** *n.* An explanatory note; a remark; comment : تفسیر - شرح - ٹیکا

**Announce,** *v. t.* To make known; to publish; to declare : - اعلان کرنا - مشہور کرنا - ظاهر کرنا خبر دینا

Syn.—Proclaim, notify, intimate.

Ant.—Conceal, suppress, hide.

**Announcement,** *n.* Act of announcing; proclamation; declaration : - اشتہار - اطلاع - اعلان خبر

**Annoy,** *v. t.* To vex; to tease; to molest; to harm : دق کرنا - تکلیف دینا - کھجانا - دکھ دینا

Syn.—Pester, disturb, trouble, perplex.

Ant.—Gratify, please, conciliate.

**Annoyance,** *n.* Act of annoying the state of being annoyed; that which annoys; trouble; vexation : تکلیف - دقت - ایذا - تصدیعہ - مضرت

**Annual,** *a.* Happening every year; yearly; lasting only one year : سالانہ - هر سال - فصلي

**Annual,** *n.* A plant that lasts only one season; a literary production published once a year : ایک برسي پیز - فصلي پودا - سالانہ رسالہ

**Annually,** *ad.* Every year; yearly; year by year : هر سال - سال بہ سال - هر برس

**Annuitant,** *n.* One who receives or is entitled to receive an annuity : سالانہ وظیفہ پانیوالا - سالانہ پنشندار - انگلسیا

**Annuity,** *n.* An annual allowance ; a sum of money paid every year : سالانہ وظیفہ یا مشاہرہ

**Annul,** *v. t.* To make null and void ; to nullify ; to repeal ; to reduce to nothing or annihilate : رد کرنا - موقوف کرنا - منسوخ کرنا - اُٹھا دینا - میٹنا

**Annular,** *a.* Ring-shaped round ; circular : چھلا نما - حلقہ دار - گول

**Annulated,** *ad.* Furnished with circles like rings : چھلےدار - نقشےدار

**Annulet,** *n.* A little ring : - چھوٹا چھلا - تنھني - ککني

**Annulment,** *n.* The act of annulling ; abolition ; abrogation : منسوخي - موقوفي - تردید

**Annunciate,** *v. t.* To announce ; to bring tidings of : مشتہر کرنا - خبر لانا - خوشخبري دینا

**Annunciation,** *n.* Announcement : اطلاعدهي-بشارت ; * The Church festival in memory of the announcement of the incarnation of Christ brought by the angel to Mary, falling on the 25th of March : مارچ مہینہ کي پچیسریں تاریخ جس روز فرشتہ نے حضرت عیسی کے پیدا هونیکي خبر حضرت مریم کو دي تهي

**Anodyne,** *adj.* Soothing ; assuaging pain : درد کم کرنے والا - تسکین بخش * *n.* Any medicine which allays pain ; a soothing medicine : درد کم کرنیوالي دوا - تسکین بخش دوا - مسکن دوا - پیڑ هرن ارکهد * —necklace, پهانسي

Syn.—Opiate, sedative, narcotic.

**Anoint,** *v. t.* To pour oil upon ; to smear or rub with oil ; to consecrate by unction : تیل ڈالنا - چپڑنا یا ملنا - مساح سے پاک کرنا - راج تلک کرنا

**Anomalism,** *n.* A deviation from rule : بے قاعدگي - بے ضابطگي - انریت

**Anomalous,** *a.* Deviating from a general rule ; out of order ; irregular ; abnormal ; unusual : خلاف قاعدہ - بے قرینہ - بے ضابطہ - بے دستور - ککھنگ

**Anomaly,** *n.* Deviation from common rule ; irregularity ; something abnormal : - بے ضابطگي خلاف سرشتگي - انریت

**Anon,** *ad.* Forthwith ; immediately ; quickly ; at another time ; thereafter ; sometimes : جلدي - ابهي - اسي وقت - آناً فاناً میں - فوراً - کبهي کبهي - گاهے ماهے - پهر - * Ever and anon, every now and then : - جب تب - تهہر تهہر کے همیشہ

**Anonymous,** *a.* Wanting a name ; nameless ; without the writer's name : - بے نام - گمنام لامعلوم - بندہ خدائي

**Another,** *a.* Not the same ; different ; one more ; any one else : - دوسرا - اور کوئي - غیر - پرایا - ایک اور

**Answer,** *n.* A reply ; that which is said in return to a call, question, prayer, &c. ; the result of an arithmetical or mathematical operation ; a solution ; (*law*) a counter-statement of facts in a course of pleadings : - جواب اتر - حل - تردید - جواب دعوى - (to a riddle) بوجهہ - پهل * —in appeal, جواب مرجبات * definite—, قطعي جواب - جواب شافي * Evasive—, ٹال مٹول

——, *v. t.* To reply to ; to be opposite to ; to refute ; to act in satisfaction ; to correspond with ; to suit ; to come in answer to ; to be security for ; to render account to or for ; to suffer the consequences of ; to serve : جواب دینا - مقابل پر یا جواب میں هونا - لاجواب کرنا - رد کرنا - نباهنا - انجام دینا - موافق هونا - سن کرانا (as, I tapped on the door, and a lady *answered* the knock) - ضامن هونا - حساب دینا نتیجہ - بهگتنا - کام دینا

——, *v. i.* To reply ; to respond ; to be like ; to be sufficient (as, I do not want two one will *answer* ; Money *answereth* all things) ; to be correlative ; to succeed ; to be accountable : جواب دینا - موافق هونا - کافي هونا (جیسے " دو نهیں چاهئے ایک هي کافي هے) لازم ملزوم هونا - نبهنا - موزوں هونا - ذمہوار هونا

**Answerable,** *a.* Capable of being answered ; obliged to give an account ; responsible ; suitable ; liable : - قابل جواب - قابل باز پرس جواب دہ - سزاوار - موافق - لائق - مستوجب

**Ant,** *n.* An emmet : چیونٹي - مور * White ants : دیمک

**Antacid,** *adj.* Neutralizing acidity : - امل مار دافع ترشي - کهٹائي مار

**Antagonism,** *n.* A contest; opposition; contrariety: مباحثہ - تکرار - مخالفت - بیر - لاگ - مقابلہ - اختلاف

**Antagonist,** *n.* An adversary; a foe; an opponent; a competitor; rival: مخالف - دشمن - حریف - مقابل - مخاصم - جوڑ

**Antarctic,** *a.* Relating to the southern pole or to the region near it: جنوبي قطب والا - قطب جنوبي

**Ante—, Anti—,** *(prefix.) (In comp.)* Before: آگے - پہلے - پیش - قبل

**Antecedent,** *a.* Going before, in time or place; prior; preceding: ما قبل کا - مقدم - پیشرو - پہلے کا - پیشین

——, *n.* That which goes before in time or place; (*Gram.*) the word to which a relative refers; *pl.* a person's past history or conduct: مقدم - ماقبل - موصول - کوائف گذشتہ (*Math.*) جملہ شرطیہ - مقدم (*Logic*) - پہلا انک - رقم اول

**Antecedently,** *adv.* Previously; at a time preceding: قبل ازیں - پیشتر سے - آگے

**Ante-chamber, Ante-room,** *n.* A chamber leading to the chief apartment: پیش دالان - ڈیوڑھي - باہر کا کمرہ

**Ante-date,** *v. t.* To date beforehand; to anticipate; to date before the real time: وقت سے پہلے کي تاریخ لکھنا - پیشبندي کرنا - آگے کر کے تاریخ لکھنا

**Ante-diluvian,** *a.* Happening before the Flood (Noah's): طوفان نوح سے پیشتر * A person who lived before the Flood: نوح کے زمانہ کا

**Antelope,** *n.* A species of deer: چھلےدار سینگ والا مرگ - ھرن - آھو - غزال - مرگ

**Antelucan,** *a.* Being before light; preceding the dawn: روشني نکلنے سے پیشتر - پو پھٹنے سے پہلے -

**Ante-meridian,** *a.* Before noon; in the forenoon; (A. M.) قبل از دوپہر

**Antemetic,** *a.* Restraining or allaying vomiting: قے روکنےوالي ; * *n.* A medicine which checks vomiting: قے روکنےوالي دوا

**Antemundane,** *a.* Before the world's creation: دنیا کي پیدایش سے پہلے

**Antennæ,** *n. pl.* The feelers of an insect: سینگ جس سے کیڑے ٹٹولتے ھیں

**Antenatal,** *a.* Existing or happening before birth: قبل از پیدایش

**Antenuptial,** *a.* Before marriage: شادي سے پہلے

**Anterior,** *a.* Before in time or place; former; foregoing: مقدم - پیشین - اول - اگلا - سابق کا

**Anthem,** *n.* A divine song; a hymn of praise: بھجن - زبور - تعریف کا گیت

**Anthology,** *n.* A collection of beautiful passages from authors; a collection of selected poems; elegant extracts: انتخاب نظم - گلدستہ نظم - گل دستہ اشعار

**Anthropology,** (*an-thro-po-lo-ji*), *n.* The science of mankind: علم نوع انسان

**Anthropometry,** *n.* The measurement of men for identification and other purposes: پیمائش جسم انسان

**Anthropomorphism,** *n.* The representation or conception of the Deity under a human form, or with human attributes and affections: قادر مطلق کا شکل انسان میں آنا - جسم انسان میں روح پاک کا حلول کرنا - اوصاف انساني کو خدا کي طرف منسوب کرنا

**Anthropophagy,** *n.* Cannibalism: مردم خوري - آدم خوري

**Anti—,** (*prefix*) (*In comp.*) Opposite to; against: دافع - دشمن شکن - مار - ھرن - ناسک - خلاف - ضد - نقیض

**Antic,** *a.* Odd; ridiculous; old-fashioned: عجیب - قابل ھنسي

——, *n.* A buffoon; a grotesque or fantastic figure; an absurd or ridiculous gesture: بہروپ - مسخرہ * *pl.* Tricks: چھل بل - کھیل کود

**Antichrist,** *n.* An opponent of Christ; the great enemy of Christ and His truth: مخالف مسیح - دجال

**Anticipate,** *v. t.* To take or do before; another; to foresee; to expect; to preclude; to foretaste: پیشدستي کرنا - پہلے سے سوچنا - جي ھي جي میں پہلے سے خوش ھونا یا مزہ لینا

**Anticipation,** *n.* Expectation; foretaste; realization beforehand; preconceived opinion: پیش قدمي - تصور - خیالي مزہ

**Antidote,** *n.* A medicine that counteracts poison; remedy; preventive: تریاق - زھر مہرہ - پسار - دوا - مانع

**Antimony,** *n.* A whitish, brittle metal used in medicine : سرمہ - آنجن

**Antipathy,** *n.* A natural dislike; enmity; aversion : نفرت - عداوت - دشمني - گريز - کراهيت - چڑ

**Antipodes,** *n. pl.* Those who live on the opposite sides of the globe and whose feet are directly opposite; *(fig.)* any thing diametrically opposite or opposed to another; a contrary : ساکنان تحت الارض يا وے لوگ جو کرہ زمين کے مقابل جانب رهتے هيں - ضد - برودہ - نقيض

**Antiputrefactive, Antiputrescent,** *a.* Counteracting or preventing putrefaction; antiseptic : سڑنے سے روکنے والي

**Antiquary, Antiquarian,** *n.* One devoted to the study of ancient times; one who studies or is interested in ancient matters or things; an archæologist : زمانہ سلف کي تحقيق کرنے والا - محقق نشانات زمانہ قديم

**Antiquate,** *v. t.* To make obsolete, old or void : بے رواج کرنا - متروک کرنا - پرانا کرنا

**Antiquated,** *p. ad.* Grown old-fashioned; out of date : پرانا - متروک - غير مستقل

**Antique,** *a.* Ancient; of old fashion; odd : * قديم - پراچين - عجيب - انوکها - نرالا - عطيق
*n.* A work of ancient art : دستکاري زمانہ قديم

**Antiquity,** *n.* Ancient times or their people; great age; a relic of ancient times : زمانہ سلف - اوايل - اگلے وقت - قديم لوگ - متقدمين - قدامت - نشان هنر سلف

**Antithesis,** *n. pl.* **Antitheses** (*—sez.*) Opposition of woods; contrast; (*Rhet.*) a figure by which contraries are opposed to contraries; a contrast or opposition of words or sentiments (as, The prodigal *robs his heir*, the miser *robs himself*) : صنعت تضاد - معارضہ - مقابلہ - اجتماع ضدين - برودہ النکار

**Antitoxin,** *n.* (*Med.*) A fluid introduced into the blood to counteract the poison of a disease : کسي مرض کے زهر کو مارنےوالي دوا جو بذريعہ پچکاري خون ميں پهونچائي جاتي هے

**Antonomasia, Antonomasy,** *n.* (*Rhet.*) The use of the name of some office, dignity, profession, etc., instead of the name of a person; (as, Mr. Chancellor, Mr. Editor or conversely the use of a proper noun instead of a common noun as, A *Solomon*, for a wise man) : کسي عهدہ يا پيشہ کے نام کا استعمال بجائے کسي شخص کے نام کے يا برخلاف اسکے کسي شخص کے نام کو بجاے رسم عام کے استعمال کرنا (جيسے مسٹر ايڈيٹر - ايک سليمان بجاے عقلمند شخص کے)

**Antler,** *n.* A branch of a stag's horn : بارہ سنگے کے سينگ کي شاخ

**Antonym,** *n.* A word directly opposed to another in meaning : لغت اضداد

**Anus,** *n.* The inferior opening of the alimentary canal; the fundament : مقعد - کون - گدا

**Anvil,** *n.* An iron block on which metals are hammered and shaped : * نهائي - سندان - اهرن
It is on the—, بن رهي هے - هاتهہ ميں هے

**Anxiety,** *n.* Pain or uneasiness of mind; solicitude; care; disquietude : اضطراب - فکر - انديشہ - تردد - افسردگي - تشويش - چنتا

Syn.—Concern, uneasiness, restlessness.

Ant.—Carelessness, heedlessness, inattention.

**Anxious,** *a.* Solicitous; earnestly desirous; uneasy : فکرمند - متردد - متفکر - انديشہ ناک - بے قرار

**Any,** *a.* One out of many; an indefinite number or quantity; some of whatever kind : کوئي - کوئي سا - جونسا - جو کوئي - کسي قدر - کچهہ - کسي طرحکا * At—rate, at all events : جيسا هو هر چہ باداباد - جو هو سو هو - بهر صورت کچهہ هي هو

**Any,** *ad.* In any degree; to any extent; at all (any better) کچهہ - کچهہ ايک - کسي قدر - ذرا

**Anyhow, Anywise,** *ad.* In any way; in any event; on any account : بهر کيف - کسي طرح - جيسے بنے - کيسے هي - کسي نہ کسي طرح - بهر نوع

**Anywhere,** *ad.* In any place : کهيں - کسي جگهہ - جهاں کهيں - کهيں نہ کهيں

**Aorist,** *n.* (*Gram.*) A verb of an indefinite tense in some languages : مضارع - اديس

**Aorta,** *n.* The artery which rises immediately out of the left ventricle of the heart : رگ جان - شاہ رگ

**Apace,** *ad.* Quickly; hastily; swiftly; fast : جلدي سے - شتابي سے - فوراً - ترنت

**Apanthropy,** *n.* A love of solitude ; an aversion to the company of men : تنہائي کا شوق انساني صحبت سے گريز

**Apart,** *ad.* Separately ; aside ; asunder ; away: عليحدہ - ايک طرف - جدا - نيارا - ايک کنارہ - دور - پرے - الگ - در کنار (as, Other consideration *apart*, your age is a bar to appointment in this department) : خيال کرنے والے ديگر باتيں در کنار تمہاري عمر وغيرہ

**Apartment,** *n.* A room in a house : کمرہ - کوٹهي - کوٹها - خانہ

**Apathetic, Apathetical,** *a.* Having no feeling; caring nothing : مردہ دل - سرد مہر - بے پروا

**Apathy,** *n.* Want of feeling ; indifference ; coldness ; unconcern ; بے پرواهي - عدم توجهي - سرد مہري - مردہ دلي

**Ape,** *n.* An animal of the monkey kind having no tail ; (*fig.*) one who imitates servilely ; a mimic : بندر - لنگور- بهانڈ - نقال - ريس کرنےوالا - هرسيا

**——,** *v.* To imitate servilely ; to mimic : نقل کرنا - تقليد کرنا

**Apepsy,** *n.* A want of digestion : قوت هاضمہ کا زايل هوجانا

**Aperient,** *a.* Gently purgative ; laxative : دستاور - منرج - ملاين ; *n.* Any laxative medicine ; a purgative : جلاب - ريچک اوکهد

**Apert,** *a.* Open ; evident : کهلا - ظاهر

**Aperture,** *n.* An opening ; a hole ; a gap ; a passage ; a cleft : سوراخ - موکها - چهيد - جهري - روزن - شگاف - دراز

**Apex,** *n.* [*pl.* Apexes (*a' pex-ez*), Apices (*a' pi-sez*)]. The top of any thing ; the highest point ; peak ; summit : نوک - سرا - چوٹي - اني - سکهر

**Aphæresis, Apheresis,** *n.* The taking of a letter or syllable from the beginning of a word , (*Surg.*) amputation : لفظ کے شروع کا حرف يا ٹکڑے ميں سے گرا دينا - حذف شروع - قطع عضو - جوڑ کاٹنا

**Aphonia, Aphony,** *n.* Loss of voice ; dumbness ; voicelessness : گلا بيٹهنا - آوازنہ هونا

**Aphorism,** *n.* A precept or principle expressed in a few words ; a brief pithy saying : مثل - مقولہ - بچن - کہاوت

**syn.**—Adage, proverb, maxim.

**Apiary,** *n.* The place where bees are kept ; a stand or shed for bees : مهال خانہ - مد ماکهي کا گهر

**Apiculture,** *n.* The art of managing bees in hives ; bee-keeping ; مد ماکهي پالنے کا هنر

**Apiece,** *ad.* To each ; each by itself ; by the individual : - هر ايک کو - علحدہ علحدہ - ايک ايک هي - وبهاگ سے

**Apish,** *a.* Having the qualities of an ape ; inclined to imitate superiors ; affected ; foolish : بندر سا - مچهندر - ميموں حصلت - احمق - حرصيا

**Apocalypse,** *n.* A revelation ; disclosure ; the last book of New Testament : الهام - مکاشفہ آسماني کتاب

**Apocope,** *n.* The omission of the last letter or syllable of a word as *th'* for *the* : محذوف الاخر - ترخيم - اوپ

**Apocopate,** *v.* To cut off or drop the last letter or syllable of : ترخيم کرنا - لفظ کا آخري حرف يا جزو گرا دينا

**Apocructic,** *a.* (*Med.*) Astringent ; repelling : قابض - قبض کرنےوالي

**Apocrypha,** *n.* Books of doubtful authority or credit : ناقابل اعتبار کتابيں - غير ملهم کتابيں

**Apocryphal,** *a.* Uncertain ; of doubtful authority : مشکوک - غير معتبر - بے سند - غير الهامي

**Apodal,** *a.* Having no ventral fins ; having no feet : بے گلپهڑے کا

**Apologist, Apologizer** *n.* One who makes an apology : معافي چاهنے والا - عذر خواہ

**Apologize, Apologise,** *v. i.* To make an excuse or apology : عذر کرنا - عذر چاهنا- تعذر کرنا- معافي مانگنا

**Apologue,** *n.* A moral fable ; an allegory : نصيحت آمير حکايت - تمثيل - حکايت - قصہ - کهاني

**Apology,** *n.* An excuse ; defence ; a poor substitute (as, That tattered cloud about his head is an *apology* for a turban) ; a makeshift : معافي - معذرت - عذر - تدبير - قصور کا اقرار اور معافي کي درخواست

**Apophthegm, Apothegm,** *n.* (Pr. *a-po-them*) A short pithy and instructive saying: ضرب المثل - کہاوت - مقولہ

**Apoplexy,** *n.* A sudden deprivation of sense and motion; a fit or stroke caused by brain disorder: سکتہ - مرگي - سرع

**Apostasy,** *n.* A total desertion of one's faith, principles or party: انحراف - مذهب - ترک دين - برگشتگي - الحاد

**Apostate,** *n.* One who has forsaken his faith; a pervert: منکر دين - منحرف - برگشتہ - ملحد - دهرم نشٹي * *a.* False; unfaithful; fallen: بے ايمان - جهوٹا - بے دهرم - منحرف

**Apostatize,** *v. i.* To abandon one's faith or party: اپنا اصول دين يا فريق چهوڑنا - رو گردان هونا - ڈگنا

**Apostle,** *n.* One of the twelve disciples of Christ who were commissioned to preach the gospel one regarded as having a similar mission; one sent to preach or teach: مريد مسيح - رسول - حواري - پريرت

**Apostrophe,** *n.* A sudden change in discourse; a sudden and direct address to a person or thing in the course of a speech; *(Gram.)* the sign used to mark the omission or merely as the sign of possessive case in nouns: وہ صنعت تحرير جسميں مضمون کو چهوڑ کر مصنف دفعتاً کسي کي طرف مخاطب هو جاتا هے - علامت حذف

**Apothecary,** *n.* One who prepares and sells drugs for medicine: عطار - دوا فروش - دوا ساز

**Appal,** *v. t.* To terrify; to frighten; to dismay: ڈرانا - خوف دلانا - همت توڑنا

**Appalling,** *a.* Dreadful; shocking: دهشت انگيز - هيبتناک - ڈراونا

**Appanage, Appenage, Apanage,** *n. (Law.)* Provision made for the maintenance of the younger children of kings, princes &c.; dependency: معاش يا جاگير بادشاہ کے نا بالغ بچوں کے واسطے

**Apparatus,** *n.* Means got ready for doing some work; a collection of instruments or tools: لوازم - ساز و سامان - سر انجام - سامگري - آلات - اوزار

**Apparel,** *n.* Covering of the body; clothing dress; raiment: پوشاک لباس - کپڑا * *v.* to clothe; to adorn: پوشاک پهنانا - آراستہ کرنا

**Apparent,** *a.* Visible; plain; evident: ظاهر - روشن - آشکار - عياں - صريح - فاش - واضح - هويدا - ديکهنے ميں * Heir—, one who is at present the heir: ولي عهد - راج کنور

Syn.—Obvious, clear, manifest, distinct.

Ant.—Inevident, obscure, invisible.

**Apparition,** *n.* Appearance; a ghost; a spectre: صورت - شکل - بهوت - پريت - سايہ

**Appeal,** *v. t.* To call on one to come and help; to have recourse to; to ask that a case be taken from one court to another; to refer to a superior judge: فرياد کرنا - مرافعہ کرنا - اپيل کرنا - عدالت ادني سے عدالت اعلي ميں چارہ جوي کرنا * To—to arms, هتهيار سے چارہ جوي کرنا

——, *n.* A call for help; recourse; a supplication; an entreaty; a reference to a higher court: نالش - فرياد - مرافعہ - صدر عدالت سے چارہ جوي

**Appear,** *v. t.* To be visible; to seem; to come in the presence of a superior; to be manifest: دکهلائي دينا - معلوم هونا - نظر آنا - حاضر هونا - پيش هونا - ظاهر هونا - اگهڑنا - نماياں هونا

**Appearance,** *n.* Act of coming into sight; the thing seen; external show; semblence; mien; presence; sign: دکهاوا - نموداري - ظهور - شکل - موجودگي - حاضري - ظاهري صورت - نمايش - آثار * To keep up—, حيثيت بنائے رهنا

Syn.—Arrival, air, look, manner, mien.

**Appease,** *v. t.* To make quiet; to compose; to satisfy; to dispel, hunger, fear &c.: خاموش کرنا - راضي کرنا - شانت کرنا - ٹهنڈا کرنا - منانا - مارنا - دبانا - فرو کرنا

**Appellant,** *n.* One who appeals: داد خواہ - اپيلانٹ - مرافعہ کرنيوالا

**Appellate,** *a.* Relating to appeals; having cognizance of appeals: مرافعہ سے نسبت رکهنے والا - اپيل سننے والي (عدالت)

**Appellation,** *n.* Address; name; title: خطاب

**Appellative,** *n.* Name; title: لقب - نام * *a. (Gram.)* naming or marking out; denominative: اسم جنس - نکرہ - جاتي نام باچک - لقبي - جنسي

**Append,** *v. t.* To attach; to annex; to add to hang; to subjoin :- تتھی کرنا - منسلک کرنا - لگانا ملحق کرنا - شامل کرنا - لگانا - جوڑنا

**Appendage,** *n.* Something added or annexed to : ضمیمہ - تتمہ - الحاق - پیوند - آویزہ

**Appendant,** *a.* Annexed; hanging; attached : ملحق - آویزاں - منسلکہ

**Appendix,** *n.* (*pl.* Appendixes, Appendices) A supplement or adjunct to book : to - تتمہ ضمیمہ - ذیل

**Appertain,** *v. t.* To belong to; to relate : علاقہ رکھنا - متعلق ہونا - سنبندہ رکھنا

**Appertaining,** *p. a.* Proper مناسب - واجب

**Appetible,** *a.* Desirable, engaging : - دلخواہ دلپذیر

**Appetite, Appetence, Appetency,** *n.* Natural desire; inclination; tendency; hunger : خواہش - رغبت - رجحان - اشتیاق - بھوک - گرسنگی - اشتہا

Syn.—Craving, longing, desire.

**Applaud,** *v. t.* To praise highly; to commend; to extol; to show approval of (esp. by clapping the hands) : تعریف کرنا - تحسین کرنا - تالي بجانا - واہواہ کرنا - سراہنا - آفرین کرنا

Syn.—Praise, extol, commend, magnify.

Ant.—Deride, denunciate, scorn.

**Applause,** *n.* Loud praise; acclamation; shouts of praise; cheers; commendation : تحسین -تعریف - واہ واہ - آفرین - ستایش - مرحبہ

**Apple,** *n.* A tree and its fruit; the pupil of the eye; something esp. dear : سیب - آنکھ کی پتلي - مردمک چشم - آنکھوں کا تارہ - کلیجہ کا ٹکڑا * —of discord, لڑائی کا گھر - جھگڑے کي جڑ - بس کي گانٹھ * —of love, love—, ولایتي بیگن - ٹماٹر * Apple-pie order, perfect order: درستي - اچھا انتظام - ترتیب * In apple-pie order, اچھا سجایا - ٹھیک ٹھاک *

**Appliance,** *n.* Act of applying; thing applied; means or instrument; a device; a remedy; apparatus : - لگاوٹ - پیوند - اسباب - اوزار - حکمت تجویز - سامان

**Applicability, Applicableness,** *n.* Suitability: مطابقت - مناسبت - لگاو

**Applicable,** *a.* Suitable; fit; relevant : to the point : مناسب - مطابق - موزوں - جو لگ سکے ٹھیک

**Applicant,** *n.* One who applies; a petitioner; a candidate : سائل - درخواست - کنندہ - عرضي دینے والا

**Application,** *n.* Act of applying; laying on medicine; practical lesson or moral of fables, &c. (as, You know the fable of "King Log" what is the *application*); petition; close devotion or attention; sense : - لگاو دوا لگانا (تیل - مرہم - زماد) نصیحت - استعمال - درخواست - عرضي - توجہ - مشغولیت - موقع

**Apply,** *v. t.* To lay or place; to use or employ; to use as fitting or relative; to give the mind to; to apply oneself in earnest : - لگانا رکھنا - استعمال کرنا - عاید کرنا - لگانا - منسوب کرنا- دل لگانا یا دینا - سرگرمي سے کام کرنا - کمر باندھنا

——, *v. i.* To suit; to agree; to make request; to attend closely : درست کرنا * To have recourse to (with a view to gain something) : ٹھیک ہونا - لگنا - ملنا - ٹھیک آنا - شایاں ہونا - درخواست کرنا - چاھنا یا مانگنا - دھیان دینا

**Appoint,** *v. t.* To establish; to give place to; to put into an office; to fit out; to equip : نصب کرنا - مقرر کرنا - تعینات کرنا - جگہہ دینا - تیار کرنا - آراستہ کرنا

**Appointment,** *n.* Act of appointing; settlement; designation to office; an office held; stipulation; engagement for meeting (with); (*pl.*) decoration; equipments : تقرري - ملنے کا وعدہ - قول قرار - حکم - عہد - آراستگی - ساز و سامان

**Apportion,** *v. t.* To divide in just shares; to allot; to distribute; to assign : - تقسیم کرنا حصہ کرنا - بانٹنا - مخصوص کرنا - ٹھہرانا

**Apportionment,** *n.* A dividing into parts : تقسیم - بٹائي

**Apposition,** *n.* Addition; a setting to; accretion; juxtaposition : زیادتی - اضافہ - نزدیکي (*Gram.*) دو اسموں کا ایک حالت میں ہونا

**Apposite,** *a.* Suitable; fit; very applicable; appropriate : موزوں - موقع کا - برمحل - ٹھیک

**Appraise,** *v. t.* To estimate the value of; to set a price upon : - تشخیص کرنا - مول لگانا انکنا - قیمت ٹھہرانا - کوتنا - نرخ ٹھہرانا

**Appraisement,** *n*. Act of appraising ; valuation ; estimation of worth : تخمینہ - تشخیص - اندازہ - انک

**Appraiser,** *n*. A professional valuer : جنچوریا - انکویا - نرخی - دلال

**Appreciable,** *a*. Perceptible ; capable of being valued ; considerable : معلوم ہونے کے قابل - قابل قدر

**Appreciate,** *v. t.* To esteem highly ; to value : قدردانی کرنا - چاہنا - گن پہچاننا

**Appreciation,** *n*. Correct estimation ; valuation ; rise : قدردانی - گرانی

**Apprehend,** *v. t.* To arrest ; to seize : گرفتار کرنا - پکڑنا * To understand ; to imagine ; to conceive ; to be in fear of a future evil : سمجھ لینا - خیال میں لانا - خوف کھانا - دغدغہ رکھنا - اندیشہ کرنا

**Apprehension,** *n*. Arrest ; seizure : گرفتاری * Fear ; distrust : دغدغہ - اندیشہ - خوف * Conception ; perception : سمجھ - فہم (as, He is a man of dull *apprehension* : وہ ٹھوس دماغ کا (غبی) آدمی ہے ; Vulgar *apprehension* : (عام فہم)

**Apprehensive,** *a*. (*prep.* of) Anticipative of evil ; suspicious , fearful : خایف - اندیشہ مند

**Apprentice,** *n*. One bound to another to learn a trade or art ; a candidate ; a learner ; a novice : شاگرد - نو آموز - اُمیدوار - کام سیکھنے والا

**Apprenticeship,** *n*. The time an apprentice serves : زمانہ شاگردی - شاگرد عام

**Apprise,** *v. t.* To give notice (of) ; to inform : واقف کرنا - خبر دینا - اطلاع دینا - جتانا - چتانا

**Approach,** *v. t.* To come or go near in time or place ; to advance nearer ; to bring near ; to come or draw near to ; (*fig.*) to come near or resemble : نزدیک آنا - قریب پہونچنا - آپہونچنا - نگچیانا - آ یا جا لگنا - پہونا

——, *n*. The act of drawing near ; a coming or advancing near ; access ; a passage ; (*pl.*) trenches ; advances : نزدیکی - آمد - رسائی - گذر - پہونچ - راستہ - مورچے - رسوخ پیدا کرنے کے حیلے

**Approbation,** *n*. Commendation ; approval ; sanction : منظوری - پسندیدگی - قبول - خاطر پذیری

Syn.—Consent, liking, concurrence.

**Appropriate,** *v. t.* To take as one's own ; to set apart for or assign to ; (*Law*) to alienate a benefice : اپنا کرنا - اپنانا - لے لینا - اپنے قبضہ میں لانا - اپنے تصرف میں لانا - مخصوص کرنا - علیحدہ کرنا - نکال رکھنا - وقف کرنا - خدا کے نام * یا اللہ کی راہ میں دینا - سنکلپ کرنا - دھرم میں لگانا
—in account, حساب میں لگانا - محسوب کرنا *—
wrongly, ہتیا لینا - دبا لینا - ناجایز طور پر قبضہ کرنا - غبن کرنا - خورد برد کرنا

——, *a*. (*prep.* to, for) Fit ; suitable ; set apart for a particular purpose : لایق - واجب - مخصوص

**Appropriateness,** *n*. Suitableness ; fitness : مناسبت - موافقت

**Appropriation,** *n*. Application to a particular use ; anything set apart : تصرف - تخصیص - وقف - دھرمارتھ

**Approval,** (*proov'.*) *n*. Approbation ; commendation : پسندیدگی - منظوری - مقبولی - خوشنودی

**Approve,** (*proov'.*) *v. t.* (Prep. *of*) To like ; to think or speak well of ; to be pleased with ; to commend ; to sanction officially ; to prove to be ; to sanction : پسند کرنا - تعریف کرنا - قبول کرنا - منظور کرنا - ثابت کرنا - تصدیق کرنا - ماننا

**Approvable,** *a*. Capable of being approved ; meritorious : منظوری کے لایق - قابل

**Approver,** *n*. One who confesses a crime and accuses another : مجرم اقراری

**Approximate,** *a*. Coming near to ; lying very close to ; nearly equal or correct : نزدیک - قریب قریب - برابر یا صحیح - عنقریب

——, *v. i.* To approach (especially said of amount ; state or degree) ; *esp.* to draw near to : نزدیک جانا - پہونچنا - قریب قریب ہونا - لگ بھگ ہونا * *v. t.* To make nearly equal : قریب پہونچانا

**Approximation,** *n*. Act of coming near ; an approach ; figures nearly but not correct : نزدیکی - تقریب - تقرب

**Appulse,** *n*. A striking against ; a touching ; a sudden contact : ٹکر - ٹھوکر - ملاپ

**Appurtenance,** *n*. An adjunct ; an appendage : متعلق شے - لوازم

**Apricot,** *n*. A stone fruit : خوبانی - زرد آلو

**April,** *n.* The fourth month of the year : انگریزی چوتھا مہینہ - چیت بیساکھ

**Apron,** *n.* A covering for the front part of the body ; an article of clothing worn in front to protect the clothes from dust or injury : کپڑا جو پوشاک کو صاف رکھنے کے لئے کام کرتے وقت سامنے پہنا جاتا ہے - تہہ بند - گردھنی * **—string,** 

**Apropos** (*ap-ro-po*), Opportune ; seasonable ; to the purpose ; fitting the occasion ; by the way : بر محل - موقع پر - مناسب حال - ضمنی - اتفاقاً

**Apt,** *a.* Fit ; liable ; inclined ; liable ; having a tendency ; quick to learn ; ready ; prompt : معقول - مناسب - لایق - مائل - راغب ہونے والا - تیز فہم - آمادہ - مستعد - مرغوب - اولین

Syn.—Meet, disposed, qualified, quick, ready, inclined.

**Aptitude, Aptness,** *n.* Fitness ; tendency ; readiness ; readiness in learning ; docility ; talent : قابلیت - رغبت - مستعدی - تربیت پزیری - استعداد

**Aptly,** *ad.* In a suitable manner ; pertinently ; readily ; cleverly : معقول طور سے - سلیقے سے - مستعدی سے - ہوشیاری سے

**Aqua fortis,** *n.* Nitric acid : شورہ کا تیزاب

**Aquarius,** *n.* The water-bearer ; a sign in the zodiac which the sun enters about the 21st of Jan. : برج دلو - کمبوھ راس

**Aquatic,** *a.* Living or growing in water : آبی - دریائی - جلچر

**Aquatic,** *n.* A plant which grows in water ; *pl.* Sports or exercises practised on or in water as rowing, swimming : آبی پودا - جل بروا - پانی کے کھیل مثلاً تیرنا - کھینا وغیرہ

**Aqueduct,** (*ak'we-dukt.*) *n.* An artificial channel for water : نالی - موری

**Aqueous,** *a.* Watery : مرطوب - آبی * **—humour,** آنکھ کی رطوبت

**Aquiline,** *a.* Resembling an eagle's beak (nose) ; hooked : ٹیڑھا - آنکڑی دار - عقاب کی چونچ سا

**Arab,** *n.* A native of Arabia : عرب کا باشندہ - عربی - گھوڑا * **Street Arabs,** neglected or homeless boys or girls : لاوارث لڑکے

**Arabesque,** *a.* In the manner of Arabian architecture : عرب کی معماری کے موافق - نقشین - بیل بوٹے دار

**Arabic,** *n.* The language of the Arabians : اہل عرب کی زبان - عربی * **Gum—,** ببول کا گوند

**Arable,** *a.* Fit for ploughing or tillage : قابل زراعت - جوتنے لایق - کھیتی یوگ

**Arbiter, Arbitrator,** *n.* A person appointed or chosen by parties in controversy to decide their differences ; an umpire ; a judge : ثالث - منصف - پنچ

**Arbitrament,** *n.* Award ; decision determination : settlement : فیصلہ - فیصلہ ثالث - فیصلہ پنچ

**Arbitrarily,** *ad.* In an arbitrary manner ; absolutely ; tyrannically ; capriciously : زبردستی سے - جبراً - سینہ زوری سے - خودسری سے

**Arbitrary,** *a.* Despotic ; not bound by rules ; absolute ; capricious : خودسر - خود مختار - بیقاعدہ - زبردستی کا - بے وجہ - دایر و سایر - ظالم * **—government,** خود مختار سلطنت - سلطنت مطلق الاعنان

**Arbitrate,** *v. t.* To hear and decide, as arbitrators : ثالثی کرنا - پنچایت کرنا - انصاف کرنا - چکانا

Syn.—Tyrannical, imperious, unjust.

Ant.—Compliant, docile, meek, submissive.

**Arbitration,** *n.* Act of arbitrating ; decision between two parties by someone whom they have chosen : فیصلہ - پنچایت - ثالثی - نبٹیرا - فیصلہ - بیچ بچاؤ

**Arbitress, Arbitratrix,** *n.* A female arbiter, پنچ ( عورت )

**Bind,** *v. t.* To tie together; to fasten; to restrain; to engage; to border; to cover (a book); to oblige: باندھنا - کسنا - روکنا - ٹھہرا لینا - حد باندھنا - جلد بندي کرنا - ممنون کرنا

**Syn.**—Confine, restrain, compel.

**Binding,** *a.* Obligatory: لازم - واجب * Costive: قابض * The covering, &c., of a book: جلد

**Binocular,** *a.* Having two eyes: دو چشمہ - دو انکھا

**Binomial,** *a.* An expression or quantity consisting of two terms connected by the sign *plus* or *minus*: دو عددي مقدار

**Biographer,** *n.* A writer of lives: سوانح عمري لکھنے والا - مورخ

**Biographical,** *a.* Pertaining to the history of a person's life: تذکرہ کے متعلق

**Biography,** *n.* The history of the life and character of a particular person: سوانح عمري

**Syn.**—Memoir, sketch, account, life.

**Biology,** *n.* Science of living matter: علم حیات

**Biparous,** *a.* Bringing forth two at a birth: دو بچے دینے والي

**Biped,** *n.* An animal with two feet: دو پاؤں والا جانور

**Birch,** *n.* A kind of tree: ایک قسم کا درخت

**Bird,** *n.* A general term for the feather kind; a fowl: پرند - چڑیا * **Bird's eye view,** a view as it might appear to a flying bird; a general view: اوپر سے دیکھا گیا - خلاصہ میں * **—of a passage,** a periodical visitor: خاص وقت پر آنے والا * **—lime,** a glue to catch birds: چڑیا پھنسانے کا لاسا * **—cage,** *n.* a cage to keep birds in: چڑیونکا پنجرا

**Birth,** *n.* Coming into life; parentage; nature extraction; production; inherited rank: پیدایش - اصل نسل - تولد - خاندان - پشتینی خطاب یا درجہ - خلقت * **To give—to,** پیدا کرنا - جننا * **—song,** بدھاوا - بدھائي

**Birthday,** *n.* The day of one's birth: سالگرہ - جنم دن

**Birthplace,** *n.* The place where a person is born: جاے پیدایش - جنم بھوم

**Birth-right,** *n.* A right acquired by birth: جنم ادھکار - حق ولادت

**Biscuit,** *n.* A kind of hard dry bread: بسکٹ - ٹکیا

**Bisect,** *v. t.* To cut or divide into two equal parts: تنصیف یا دو برابر حصہ کرنا

**Bisection,** *n.* Act of cutting into two equal parts: دو برابر حصے کرنا - تنصیف

**Bishop,** *n.* One of the head order of the clergy: بڑا پادري - مجتہدین عیسوي

**Bishopric,** *n.* The jurisdiction of a bishop: بڑے پادري کا حلقہ

**Bismuth,** *n.* A brittle reddish-white metal: پھول - کانسا

**Bissextile,** *n.* Leap year: سال کبیسہ - ہر چوتھا سال جب فروري کے ۲۹ دن ہوتے ہیں

**Bit,** *n.* The iron part of the bridle: گھوڑے کا دھانہ * A small piece; a morsel; smallest degree: ٹکڑا - پرزہ - لقمہ - نوالہ - ذرہ سا - بہت تھوڑا

**Bitch,** *n.* The female of the canine kind: - کتیا مادہ سگ

**Bite,** *v. t.* To crush or pierce with the teeth; to hold fast; to cheat; to pain: - دانت سے کاٹنا بھنبھوڑنا - کترنا - مضبوط پکڑنا - فریب دینا - جل دینا - لگنا - چرمرانا

**Biter,** *n.* One who bites; cheat: کتہا - کٹکھنا - مرزہ گیر (گھوڑا) * Great barkers are no—s, جو بھونکتے ہیں سو کاٹتے نہیں - جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں

**Biting,** *a.* Sharp; cutting; sarcastic: - تیز چبھتي ہوئي - طنزآمیز

**Bitter,** *a.* Having a hot, acrid taste; distressing; severe: تلخ - کڑوا - دلسوز - سخت

**Bittern,** *n.* A bird with long legs, which feeds upon fish: بگلا - بوتي مار

**Bitterness,** *n.* A bitter taste; malice; severity of temper, sorrow: - تلخي - بغض - ترشي سختي - آزردگي - رنج - غم

**Bitters,** *n. pl.* A liquid prepared from bitter herbs or roots: - نارنگي کے چھلکے کا عرق - عرق تلخ تلخ آب

**Bitumen,** *n.* A tar-like combustible substance: نفت - مٹي کا تیل

**Bivouac,** *n.* An encampment of soldiers in open air; the night watch of an army: فوج کا پڑاؤ یا مقام - شبینہ فوج کي شب بیداري

**Biweekly,** *ad.* Occurring once in two weeks but usually twice in every week: اصل میں پندرھویں دن - مگر محاورہ میں ہفتہ میں دو مرتبہ

**Blab,** *v. t.* To tell secrets; to tell tales; to tattle: بھید کھولنا - غپ ہانکنا - بک دینا * *n.* & *a.* پیٹ کا ہلکا - چھچھورا

**Black,** *a.* Of the colour of coal; very dark: کالا - سیاہ * Gloomy: تاریک * Forbidding: کریہہ * Mournful: غمگین * Evil: زبون * Horrible: ہولناک * Menacing; malignant: معاند - بغض سے بھرا ہوا * **—arts,** Magic: جادو افسونگري * **—ball,** *v. t.* to exclude by vote: * خلاف راے دینا - نامنظور کرنا - خارج یا نامنظور کرنا In—and white, in writing: تحریري * **—leg,** an impostor: دغاباز آدمي * **A—sheep,** a mean contemptible person: بد چلن یا بدنام آدمي

**Blackamoor,** *n.* A negro: حبشي

**Blackboard,** *n.* A board painted black, used in schools for writing or drawing lines on with chalk for instruction: کالا تختہ

**Blacken,** *v. t.* To make black; to darken: کالا کرنا - سیاہ کرنا

**Blackguard,** *v. t.* To abuse with vile language : بد زباني كرنا - گالي دينا - لچّاپن كرنا * *n.* A low fellow ; a scoundrel : كمينه - بدمعاش - بدذات

**Black-hearted,** *a.* Morally bad : سياه باطن - تيره دل

**Black-mail,** *n.* Money paid to avoid exposure the robber's fee ; exaction made by threats : روپيه جو اخفاے راز كے لئے جبراً ديا جاے - چوتھه - ڈنڈ - استحصال بالجبر

**Blacksmith,** *n.* A smith that works in iron : آهنگر - لوهار

**Bladder,** *n.* The urinary vessel : مثانه - پهكنا

**Blade,** *n.* A spire of grass : پتّا * The cutting part of an instrument : دهار - پهل * A sharp dashing fellow : بانكا - جوان - جانباز

**Blamable,** *a.* Culpable ; deserving of censure faulty : قابل الزام - قابل ملامت - قصور وار

Syn. – **Faulty, censurable.**

**Blame,** *v. t.* To charge with a fault ; to censure : الزام لگنا - بدنام كرنا

——, *n.* Imputation ; reproach ; censure : الزام - ملامت - تقصير

**Blameless,** *a.* Guiltless ; innocent : بے قصور - بے گناه - بے عيب

**Blameworthy,** *a.* Blamable ; deserving censure : قابل الزام - تقصيروار

**Blanch,** *v. t.* To whiten ; to bleach ; to strip or peel such things as husks : سفيد كرنا - رنگ اُڑانا - چهيلنا

**Bland,** *a.* Soft ; mild ; gentle ; soothing ; suave : ملايم - نرم - كومل - مسكن - چرب زبان

**Blandishment,** *n.* Soft words ; artful caresses ; allurement ; cajolery : شيرين زباني - چوچلاپن - ناز و نخره - غمزه - دلار پيار - پهلے سرے بازي

**Blank,** *a.* White ; unwritten ; empty ; fruitless ; سفيد - كوره - خالي - نشپهل * Dispirited : افسرده - خاطر * Unrhymed : غير مُقفّٰى - بے قافيه

——, *n.* A void space : خالي جگهه * A disappointment : نا اُميدي

**Blanket,** *n.* A woollen cloth, soft and loosely woven : كمل

**Blare,** *v. i.* To bellow ; to roar ; to make a loud noise like trumpet : چلّانا - گرجنا - زور سے بجنا

**Blarney,** *n.* Flattery ; complementary talk : چاپلوسي - خوشامد - چكني چپڑي باتيں

**Blasphemous,** *a.* Impiously irreverent towards God : خدا يا مذهب كي توهين كرنيوالا - كافر - منكر

**Blasphemy,** *n.* Irreverent or impious language : كلمه كفر

**Blast,** *n.* A gust of wind : هوا كا جهوكا * The sound of an instrument : پهونک كي آواز * An explosion : بهبهک - بهڑاكا * A blight : صدمه - آفت * *v. t.* To split by an explosion : اُڑانا * To blight : غارت كرنا - تباه كرنا * To shatter : ڈهانا - توڑ پهوڑ ڈالنا - پرزے اُڑا دينا

**Blaze,** *v. t.* To flame ; to be conspicuous : لو اُٹهنا - بهڑكنا - مشتهر هونا * **To—up,** بهڑک اُٹهنا * *n.* A brilliant flame ; excessive light and heat.

**Blazon,** *v. t.* To adorn : آراسته كرنا * To publish : مشتهر كرنا

**Bleach,** *v. t.* To whiten : سفيد كرنا - اوجلا كرنا

**Bleak,** *a.* Exposed to the wind ; chill ; desolate cheerless : كهلا - سرد و هوا زده - سونا - اداس - سونسان - ويران

**Blear,** *a.* Dim with rheum or water : كيچڑايا - چندها

**Blear-eyed,** *a.* Having sore eyes : چوندها - دهندها

**Bleat,** *n.* The cry of a sheep or lamb : بهيڑ كي آواز - بهيں بهيں

**Bleb,** *n.* A little tumour blister : آبله - چهالا - پهپهولا

**Bleed,** *v. t.* To let blood ; to take blood from by opening a vein : خون نكالنا - فصد كهولنا * To extort money : دق كركے روپيه لينا

**Blemish,** *n.* A mark of deformity ; reproach ; disgrace : داغ - كلنک - رسوائي - عيب - حرف

**Blend,** *v. t.* To mingle together ; to confound : ملانا - مخلوط كرنا

**Bless,** *v. t.* To confer blessing upon ; to pray for the happiness ; to render happy ; to glorify : بركت دينا - آفرين كرنا - بهرة مند كرنا - خوش كرنا

**Blessed,** *a.* Happy ; beatified ; holy ; joyful : خوشحال - اسوده - مبارک

**Blessing,** *n.* Benediction ; divine favour : دعا - آشير باد - فضل - رحمت

**Blight,** *n.* Mildew : کنجرا - پھوئي - پالا * Any thing nipping or blasting : کوئي برباد کرنےوالي شے - پالا - تسار

——, *v. t.* To blast; to frustrate : جھلسانا - مارنا - پالا مار جانا

**Blind,** *a.* Destitute of sight; unconscious; ignorant : اندھا - بے تمیز - بے خبر - جاهل * A— **alley,** a street closed at one end : گلي جسکا نکاس نه هو * **—man's buff,** a play : آنکھ مچولي

**Blind-fold,** *v. t.* To hinder from seeing; to cover the eyes : آنکھوں پر پٹي باندھ دینا - نه دیکھنے دینا - آنکھ بند کرلینا

**Blindness,** *n.* Want of sight; ignorance : اندھاپن - جہالت

**Blind-worm,** *n.* A small viper : کیچوا

**Blink,** *v. i.* To wink; to glimmer : آنکھ جھپکانا - اغماز کرنا - جھل ملانا - مچمچانا - پلک مارنا * To avoid noticing : چشم پوشي کرنا

**Blinkard,** *n.* One that has weak eyes : چُندھي آنکھ والا

**Bliss,** *n.* The highest degree of happiness; felicity : خوشي - فرحت - مسرت - شادماني

**Blissful,** *a.* Very happy : مسرت بخش - خوش مگن

**Blister,** *n.* A pustule; a vesicle : پھپھولا - آبله -

**Blithe,** *a.* Gay; joyous : خوش دل - زنده دل - خوش مزاج

**Blitheful, Blithesome,** *a.* Joyous; gay, merry : خوش مزاج - مسرور - زنده دل

**Bloat,** *v. t.* To cause to swell : سجانا - پھولانا

**Block,** *n.* A thick piece of timber; an obstruction; a hat mould; a framed pulley; a row of houses : کُندا - کالبرد - خانه دار گھرني - مکانوں کي قطار - روک - مزاحمت

——, *v. t.* To obstruct; to hinder; to shut up : روکنا - بند کرنا

**Blockade,** *v. t.* To shut up; to surround; to stop egress and ingress : محاصره کرنا - گھیر لینا - ناکه بندي کرنا - امد و رفت بند کرنا

**Blockhead,** *n.* A stupid fellow; a dolt : بیوقوف - احمق - کودن

**Blonde,** *a.* Of a fair colour or complexion : صبیح - گورا - حسین

**Blood,** *n.* The red fluid which circulates the body : خون - لہو * Descent : نسل * High pedegree : عالي خاندان - اچھي ذات * Temper : جوش * Murder : قتل * **Flesh and—,** human nature : انسانیت - بشریت * Kinsman : رشتهدار * **Half—,** not of the same parents : سوتیلا * **In cold—,** deliberately : قصداً - عمداً - جان بوجھکر

**Bloodhound,** *n.* A hound that follows by the scent : شکاري کتا جو بو سے شکار کي کھوج لگاتا ھے

**Blood-money,** *n.* The wages of murder : خون کا انعام

**Blood-relation,** *n.* One related by blood : ایک پیڑھي کا - ایک جدي

**Bloodshed,** *n.* The crime of murder; slaughter : قتل - خونریزي

**Bloodshot,** *a.* Filled with blood; red : خوني - سرخ

**Blood-sucker,** *n.* An animal that sucks blood, as a leech; a cruel man; an extortioner : جونک - کٹر آدمي - جلّاد

**Bloodthirsty,** *a.* Desirous to shed blood : خون کا پیاسا

**Bloody,** *a.* Stained with blood; cruel : خون آلوده - بے رحم - خوني - خونریز

**Bloom,** *v. t.* To yield blossom; to burst into flower; to open out; to glow : پھولنا - کھلنا - بہار پرانا - شگفته هونا - لہلہانا

——, *n.* A blossom : کلي - غنچه * The prime of life : عالم شباب - نو جواني - نو خیزي * Flush : لالي

**Blooming,** *a.* Flowering; bright; flourshing : پھلا پھولا - شگفته - هرا بھرا - شاداب - اقبالمند

**Bloomy,** *a.* Flowery; youthful : پھولدار - شباب کا

**Blossom,** *n.* The flower of a plant : غنچه - کلي - پھول

**Blot,** *v. t.* To obliterate; to eraze; to disfigure; to stain : مٹانا - قلم پھیرنا - بدشکل کرنا - دھبا ڈالنا

**Blotch,** *n.* A spot or pustule upon the skin : ددوڑا - داغ - چٹ

**Blow,** *v. t.* To make a current of air; to swell; to sound windmusic; to clear by blowing; to spread wide : پھولانا - پھونکنا - پھونک کر بجانا - صاف کرنا - چھنکنا - مشہور کرنا

**Blow,** *v. i.* To breathe hard; to bloom; to sound; to spout; to be brought by the wind: هانپنا - کھلنا - شگفتہ ہونا - بجنا - فوارہ چھوڑنا - اڑکے انا

——, *n.* A stroke; a calamity; a gale; larva: صدمہ - ضرب - گھونسا - آفت - تندباد - جھوکا - مکھي کا انڈا * **To—over,** to pass away: گذر جانا - ٹل جانا * **To—away,** to dissipate: * اڑادینا **To—out,** to extinguish: بجھانا * **To—upon,** to bring into disfavour: رسوا یا بے اعتبار کر دینا * **To—one's trumpet,** to trumpet forth one's own praises: اپني تعریف آپ کرنا * اپنے منھ میاں مٹھو بنا * **—hot and cold,** to be fickle; to be irresolute: بے ثبات ہونا - غیر مستقل مزاج ہونا - چنچل ہونا

**Blown,** *a.* Inflated; out of breath; flyblown: پھلایا ہوا - دم چڑھا ہوا - مکھي کے انڈوں سے بھرا ہوا

**Blubber,** *n.* The fat of whales: عریل مچھلي کي چربي * *v. t.* To cry like a child: لڑکے کي طرح رونا - بلبلانا

**Bludgeon,** *n.* A short thick stick. سونٹا - ڈنڈا

**Blue,** *a.* Sky-coloured; cerulean: نیلا - آسماني

**Bluff,** *a.* Big; broad and flat; blunt; surly; blustering: چوڑا چکلا - بڑا - ترش رو - ناتراشیدہ

**Bluish,** *a.* Somewhat blue: نیلگوں

**Blunder,** *n.* A gross or shameful mistake; an oversight: بھول - غلطي - خطا - خطاے فاش

**Blunderbuss,** *n.* A short gun with a large bore: چوڑے نل کي بندوق

**Blunderhead,** *n.* A stupid, careless fellow: بھولکڑ - بھوندو

**Blunt,** *a.* Dull on the edge or point; rough; not quick; abrupt: کند - بھونترا - کودن - جلد باز

**Blur,** *v. t.* To blot; to soil; to stain; to obscure; to disfigure: دھبا یا داغ ڈالنا - دھندلا کر دینا - بگاڑ ڈالنا

**Blurt,** *v. t.* To utter suddenly or inadvertently: یکایک یا بے سوچے سمجھے کہہ ڈالنا - بک اٹھنا

**Blush,** *v. i.* To redden with shame or modesty; to betray shame or confusion: شرمساري سے چہرہ لال ہو جانا - شرمندہ ہونا - خجل ہونا - سرخ ہونا - محجوب ہونا * *n.* Rosy tint; appearance: لالي - گلابي - شفق - نظر

**Bluster,** *v. i.* To blow with fitful violence; to bully; to boast: تھم تھم کے بزور چلنا - بشورلا غرانا - کرنا - سنسنانا - بھبکنا - شیخي مارنا

——, *n.* Violent storm; tumult; noisy swagger: جھکڑ - تند ہوا - لاف و گزاف

**Blustrous,** *a.* Noisy: پر شور - تیز

**Boa,** *n.* A species of snake: ایک قسم کا سانپ - اژدھا

**Boar,** *n.* The male swine: جنگلي سور - بنیلا

**Board,** *n.* A thin piece of sawn timber: تختہ * Food: کھانا * A council: محکمہ

**Boarder,** *n.* One who diets with another at a certain rate: کچھہ دیکر دوسرے کے ساتھہ کھانے والا

**Boarding,** *n.* Food and lodging: کھانا و سکونت

**Boarding-house,** *n.* A house, for boarders: طلبہ کے رهنے کا مکان

**Boast,** *v. i.* To speak highly of oneself; to brag; to be reasonably proud of: شیخي مارنا - فخر کرنا - ڈینگ مارنا - واجبي فخر کرنا

**Boastful,** *a.* Ostentatious; bragging; haughty: شیخي خورہ - مغرور - ڈینگیا

**Boat,** *n.* A small vessel moved by oars: کشتي - ناؤ

**Boatman,** *n.* One who manages a boat: مانجھي - ملاح

**Boatswain,** *n.* A subordinate officer of a vessel in charge of rigging anchors, &c.: سرھنگ

**Bob,** *v. t.* To move in a short jerking manner; to jerk up and down; to cheat; to angle: هلنا - دھوکا دینا - اوپر نیچے کرنا - پھنسانا

——, *n.* A pendant; a jerk of the head; a float: اویزہ - لٹکن - بندہ - جھٹکا - سر کا هلنا - ترندہ

**Bobbin,** *n.* A piece of wood on which thread is wound for making lace; reel; thin cord: جالي بننے کي سلائي - اٹیرن - ڈوري

**Bode,** *v. t.* To be the omen of; to show beforehand: شگون دینا - اگم بتانا * **Good onset bodes good end,** نیک آغاز نیک انجام

**Boddice,** *(Corrupted form of* bodies*)* *n.* Stays; corset: انگیا - چولي - سینہ بند

**Bodkin,** *n.* A large blunt needle; a small instrument for pricking holes or for dressing the hair: سوجا - ستاري - ڈوري پھرانے کي دانتےدار سوئي - بال کا کانٹا

**Body,** *n.* The material substance or frame of an animal ; a corpse : - جسم - ڈھانچہ - جثہ - لاش * The main part : خاص حصہ - قالب * A corporation : فرقہ - برادري - بھائي چارہ * A collection : مجمع * Person : شخص - نفر - انسان * In a—, ایک سنگ - اکٹھے - جھنڈ کا جھنڈ

**Body-guard,** *n.* A life-guard : خاصہ برادر - محافظ جسم

**Bog,** *n.* A marsh ; a morass : - دلدل - پھنساؤ - دھسان

**Bogey, Bogy,** *n.* A goblin : بھوتنا - ھوا

**Boggle,** *v. i.* To start ; to hesitate : - چونکنا پس و پیش کرنا - جھجھکنا

Syn.—Doubt, shrink, waver, falter.

**Boil,** *v. i.* To be agitated by heat ; to be hot ; ابلنا - کھولنا

**——,** *v. t.* To cause to boil ; to heat to the boiling point : جوشدینا - ابالنا - کھولانا * *n.* An inflamed and painful tumour : پھوڑا - گاگن - دمبل

**Boiler,** *n.* The vessel in which water is boiled ; caldron : دیگ - پتیلا

**Boisterous,** *a.* Violent ; turbulent ; stormy ; شدید - پرشور - تند - پر از طوفان - موجزن

**Bold,** *a.* Daring ; brave ; fearless ; impudent : بہادر - دلیر - نڈر - گستاخ

Syn.—Courageous, valiant, intrepid, valorous.

Ant.—Cowardly, timid, timorous, fearful.

**Bold-faced,** *a.* Impudent ; shameless : - گستاخ بے شرم - شوخ چشم

**Boldness,** *n.* Courage ; bravery ; confidence, forwardness : - جرات - دليري - بہادرت - شجاعت اطمینان - گستاخي

**Bolster,** *n.* A round long pillow ; a support ; گول لمبا تکیہ - گاو تکیہ - سہارا

**Bole,** *n.* The trunk of a tree : تنا - ڈال * Red clay : ملطاني مٹي

**Boll,** *n.* Pod or capsule ; round seed vessel of flax, cotton etc. : ڈوڈا - ڈھینڈي - پھلي

**Bolt,** *n.* An arrow ; a dart ; a thunder bolt ; the bar of a door ; a shackle : - تیر - بان بجلي - چٹخني - بیڑي

**——,** *v. t.* To fasten with a bolt ; to utter precipitately ; to swallow ; to shackle ; to sift : - بلي یا آگل لگانا - بے سوچے سمجھے بولنا ھڑپنا - بیڑي ڈالنا - چھاننا - پرکھنا * To bolt to the bran, چھان بین کرنا - دودھ کا دودھ اور پاني کا پاني کرنا

**Bolus,** *n.* A large pill : بڑي گولي - ٹکیا

**Bomb,** *n.* An explosive iron shell : بمب کا گولا

**Bombard,** *v. t.* To attack with bombs : گولے چلانا - توپوں سے اُڑانا

**Bombardment,** *n.* Attack with bombs : گولا اندازي - گولونکي مار - گولا باري

**Bombast,** *n.* High sounding words ; a pompous style : لغت تراشي - لفاظي

**Bombastic,** *a.* High-sounding ; pompous ; بڑے بڑے الفاظ سے بھرا ھوا - مبالغہ آمیز

**Bonafide,** *a.* (L.) In good faith : truly : ایماناً - سچا - نیک نیتي سے

**Bonbon,** *n.* A sugar plum ; sugar confectionary : بتاشہ - کھانڈ کے کھلونے

**Bond,** *n.* That which binds as a cord, &c. : بند - زنجیر * Any written obligation ; fetters ; imprisonment : - اقرار نامہ - تمسک - دستاویز بیڑي - قید * Penalty—, مچلکہ

**Bondage,** *n.* A slavery ; imprisonment : غلامي - قید - اسیري

**Bondsman,** *n.* A surety ; a slave : - ضامن غلام - بندہ

**Bone,** *n.* A firm hard substance of a dull white colour in animal body : ھڈي - اُستخوان * A—of contention, a subject of dispute : بناء مخاصمت - جھگڑے کي جڑ - زھر کي گانٹھ * To make no—s, to have no scruple : کچھ اندیشہ نہ کرنا * Body and—, *a.* Entirely : - بالکل سب کا سب * To pick a—with any one, to dispute : جھگڑا کرنا * To the—, to the inmost part : اندر تک

**Bone-ache,** *n.* Pain in the bones : ھڈي کا درد

**Bonfire,** *n.* A fire made for triumph : آتش شادماني - روشني - خوشي کا الاؤ

**Bonmot,** *n.* A joke ; a witty repartee : - چٹکلا ظرافت - لطیفہ - نکتہ

**Bonnet,** *n.* A covering for the head worn by females : زناني ٹوپي

**Bonny,** *a.* Handsome ; gay ; plump : - خوبصورت چنچل - گداز

**Bonus,** *n.* A premium given by way of addition : انعام - نفع

**Bony,** *a.* Consisting of bones; stout: هڈي دار - مضبوط

**Booby,** *n.* A large aquatic bird: آبي پرند * A dunce; a stupid fellow: احمق - بيوقوف - سادہ لوح

**Book,** *n.* A volume; a particular part of a work: كتاب - رساله - پوتهي * **To be in one's good—s or good graces,** to stand in high favour with one: كسي كا منظور نظر هونا * **To bring one to—,** to call a person to account: حساب مانگنا

——, *v. a.* To register in a book; to forward; to give one a conveyance ticket: كتاب ميں درج كرنا - روانه كرنا - راه داري كا ٹكٹ

**Bookbinder,** *n.* One whose occupation is to bind books: جلد بند

**Bookbinding,** *n.* The art of binding books: جلد سازي - صحافي

**Booking-clerk,** *n.* A ticket clerk at a Railway station: ريل پر ٹكٹ تقسيم كرنے والا محرر

**Bookish,** *a.* Fond of study: شوقين علم - مطالعه دوست - كتاب دوست

**Book-keeper,** *n.* One who keeps accounts: منيب - حساب ركهنے والا

**Book-maker,** *n.* One who writes or compiles books; a compiler: مولف

**Bookmate,** *n.* A school-fellow: هم مدرسه - هم مكتب

**Bookseller,** *n.* One whose occupation is to sell books: كتب فروش

**Bookworm,** *n.* A worm or mite that eats holes in books; an eager student: كتابي كيڑا - پڑهنے كا شايق

**Boom,** *n.* A chain or bar across a harbour; the sound of cannon: بلي - چهڑ - آڑ - توپ كي آواز - دنادن - دانيں دائيں * *v. i.* To rush violently; to roar: زور سے جهپٹنا - گرجنا

**Boon,** *n.* A gift; a prayer; a favour: بخشش - استدعا - عنايت

——, *a.* Gay; kind: خوش طبع - مهربان - زنده دل - يار باش * **A—companion,** يار شاطر - دلگي باز

**Boor,** *n.* A rude peasant; a clown: دهقاني - گنوار

**Boorish,** *a.* Rude; uncivilised; awkward: ناشايسته - اوجڈ

**Boose,** *v. t.* To drink excessively: كثرت سے شراب پينا - چڑهانا

**Boot,** *v. t.* To profit; to benefit: حاصل كرنا - فايده اٹهانا

——, *n.* Profit: نفع * A leather covering for the foot and leg: لنبا جوتا * **To—,** in addition to: اور بهي - زياده - روكن - گهلوا

**Booth,** *n.* A stall or tent in a fair: جهونپڑا - چهان - ڈيرا

**Bootless,** *a.* Useless; unprofitable; vain: لا حاصل - بيفايده - خالي

**Boot-lick,** *n.* خوشامدي - چاپلوس چپڑ قناتيه - جوتياں سيدهي كرنے والا

**Boot-maker,** *n.* One whose occupation is to make boots: موچي

**Boot-tree, Boot-last,** *n.* A last or wooden mould for stretching boots: (kálbud): كالبد

**Booty,** *n.* Spoil taken in war; plunder: مال غنيمت - لوٹ

**Booze,** *v. i.* Same, as **Boose.**

**Bo-peep,** *n.* A game to amuse children: آنكهه مچولي

**Borax,** *n.* A compound of boracic acid and soda: سوهاگا

**Border,** *n.* The outer part or edge of anything; a boundary: كناره - دامن - سوانه - حد (on cloth or paper) - مگزي - سنجاف - بيل - حاشيه (in a garden) روش

——, *v. t.* To be adjacent; to adorn with a border: متصل هونا - چهونا - ملنا - سنجاف لگانا

**Borderer,** *n.* A dweller on the border: سرحدي باشنده

**Bore,** *v. t.* To pierce: سوراخ كرنا * To vex: دق كرنا - چهيڑنا

——, *n.* A hole made by boring: سوراخ * A person that annoys: مغز چاٹ * The advancing front of a tidal wave in a river: طغياني * The cavity of a gun: بندوق كي مُهر - اندروني قطر

**Boreal,** *a.* Northern: شمالي - اُتري

**Boreas,** *n.* The north wind: باد شمال

**Borecole, Kale,** *n.* A kind of cabbage having curled or wrinkled leaves: نرم كله - گانٹهه گوبي

**Born,** *pp.* of **Bear** (to bring forth). Brought forth : زایدہ - جنا - زادہ

**Borne,** *pp.* of **Bear** (to carry). Carried ; supported : لے جایا گیا - سہارا دیا گیا

**Borough,** *n.* A town entitled to send one or more members to Parliament ; an incorporated town : قصبہ جو اپنا ممبر پارلیمنٹ میں بھیج سکے

**Borrow,** *v. t.* To ask or receive as a loan ; to adopt ; to imitate : اودھار مانگنا - قرض لینا - عاریتن لینا - نقل کرنا * **To borrow on usury brings sudden misery :** * مورتا بیاج بھیک منگائے **He that goes a borrowing goes a sorrowing :** ادھار کھائے ڈھوس بسائے

**Boscage,** *n.* Thicket underwood : جھاڑي - جھاڑ کھنڈ

**Bosh,** *a.* Nonsense ; trash ; void of meaning : بے مطلب - بے معني - مہمل

**Bosom,** *n.* The breast ; the heart ; embrace ; the interior : سینہ - دل - بغل گیري - اندرون * *n.* Confidential ; intimate : معتبر - جگري - دلي - گاڑھا

——, *v. t.* To enclose in the bosom ; to cherish ; to conceal : دل میں رکھنا - چھپانا

**Boss,** *n.* Protuberant part ; a stud ; master ; superintendent : نکلا ھوا حصہ - پھول - مالک حاکم - مہتمم

**Botanic, Botanical,** *a.* Relating to plants : نباتاتي

**Botanist,** *n.* One skilled in botany ; a naturalist : علم نباتات داں

**Botanize,** *v. t.* To seek for studying plants and collect plants for study : پودونکو جمع کرکے ترتیب سے لگانا اور مطالع کرنا

**Botany,** *n.* The science that treats of plants : علم نباتات

**Botch,** *n.* A swelling on the skin : ددوڑا - چتي - پھنسي * A clumsy performance : کچا یا ناقص کام

——, *v. t.* To mend or patch clothes clumsily : پیوند لگانا - اناڑي پن سے مرمت کرنا

**Botchy,** *a.* Marked with botches ; clumsy : پیوند لگا ھوا

**Both,** *a.* and *pro.* The one and the other ; the two : هردو - دونوں * *conj.* As well : نیز - بھی

**Bother,** *v. t.* To tease ; to perplex ; to give trouble to : دق کرنا - تنگ کرنا - کھجانا

**Botheration,** *n.* Trouble ; vexation : دقت - جھمیلا - بکھیڑا

**Bost,** *n.* The larvæ of the gadfly : جونک

**Bottle,** *n.* A glass vessel to hold liquor : بوتل - قرابہ * —**gourd,** کدو - گھیا

——, *v. t.* To put into a bottle : بوتل میں بھرنا * —**companion,** a companion in drinking : هم پیالہ

**Bottom,** *n.* The lowest part of anything foundation ; seat ; stanima ; vessel : پیندي - تلھٹي بنا - نشست - استحکام - جھاز

**Bottomless,** *a.* Unfathomable : عمیق - اتھاہ - اگم

**Bottomry,** *n.* Money borrowed on a ship : قرض لینا جھاز کي مالیت پر - جھاز بندھک

**Boudoir** *(Boo-dwar),* *n.* A lady's private room : زنان خانہ - خلوت گاہ

**Bough** *(bou),* *n.* A branch of a tree : شاخ - ڈالي * **The boughs that bearmost hangmost :** نہاد شاخ پر میوہ سر بر زمیں ( جتنا پھلے اوتنا جھکے )

**Bought,** *v. t.* Past tense or *pp.* of **Buy** : خریدا

**Bought,** *n.* A bend ; the part of the sling that contains the stone : خم - پیچ - مروڑ - گوپھن کي جالي جس میں پتھر رکھکر پھینکتے ھیں

**Bouillon,** *n.* (Pron. *Bul-yon.*) Clear soup. especially from beef : شوربا خاصکر گاے کے گوشت کا - یخني

**Boulder,** *n.* A large stone rounded : پتھر کا بڑا گول ٹکڑا * By the actions of water ; a large pebble : گول مول پتھر - بٹا

**Bounce,** *v. i.* To leap or spring suddenly : چھلانگ مارنا * To brag : شیخي مارنا * *n.* A leap : جست - چوکڑي * A heavy blow : دھماکا

**Bound,** *n.* A spring ; a jump ; a limit : چھلانگ - پھلانگ - حد

**Bound,** *v. t. or i.* To limit ; to form a boundary ; to restrain ; to spring : حد باندھنا - گھیرنا - کودنا

——, *a.* Destined ; intending to go ; under an obligation ; tied ; having a binding (as a book) : جانے والا - روانہ ھونے والا بندھا ھوا - پابند قرض - مجلد

**Boundary,** *n.* A limit; separating line: حد - سر حد - خط وحداني

**Bounden,** *n.* Binding; indispensable; obligatory: لازمي - ضروري

**Boundless,** *a.* Unlimited; unconfined: - بے حد لاانتها

**Bounteous,** *a.* Liberal; bountiful; generous: سخي - فياض

**Bountiful,** *a.* Liberal; abundant: - كريم - سخي كشاده دل - وافر

**Bounty,** *n.* Generosity; liberality; munificence; a generous gift: فيض - سخاوت - كرم - بخشش

**Bouquet** *(boo-kay),* *n.* A nosegay; bunch of flowers: گلدسته - پهولونكا گچها

**Bourgeois,** (Pron. *Boorzhwa*), *n.* A member of the middle class; a tradesman: متوسط درجه كا آدمي - بقال

——, (Pron. *Burjois*). A size of type between brevier and long primer: ايک قسم كا حروف جو بريوير اور لانگ پرايمر كے در ميان هوتا هے

**Burgeon,** *v. t.* To bud; to shoot; to sprout: كلي نكلنا - شاخ پهوتنا

**Bourn, Bourne,** *n.* A bound; a limit; a stream: حد - انتها - سوتا

**Bout,** *n.* A twist: گانٹهه * A contest: لڑائي * A debauch: شرابخواري

**Bovine,** *a.* Pertaining to cattle: مويشي كے متعلق

**Bow,** *v. t.* To bend the body in token of respect; to stoop; to depress; to crush: سلام كرنا - خم كرنا - جهكنا - زير كرنا - دبانا * **Better to—than break,** جهک چلے تو توٹے كاهے

**Bow** *(bo),* *n.* An instrument to shoot arrows; rain-bow; the stem or prow of a ship; a fiddle stick; an ornamental knot; an obeisance: كمان - جهاز كا سامنا - اگاڑي - ريشمي فيته كا پهول - گز * **A pellet—,** غليل * **Carders—,** دهنكي * **To bend a—,** كمان چڑهانا * **To unbend a—,** كمان اوتارنا * **To draw the long—,** to exaggerate: لمبي چوڑي هانكنا

**Bowels,** *n.* The intestines: آنتيں * The inner part of anything: اندروني حصه * Compassion: رحم - ترس * **The—of the earth,** the interior part of the earth: زمين كا اندروني حصه

**Bower,** *n.* An arbour; shady recess; a retired chamber: مانڈوا - كنج - كوٹهي - خلوت خانه

**Bowl,** *n.* A hollow, round vessel: - پياله جام - كٹورا - كاسه - * A wooden ball for playing: لكڑي كا گيند

——, *v. t.* To play with bowls; to move rapidly like a ball: كهيلنا - گيند سا ڈهلكنا - لوڑهكنا

**Bowler,** *n.* One who bowls at cricket: گيند دينے والا

**Bowling,** *n.* The act of rolling the ball at cricket: گيند دينا

**Bowling-green,** *n.* A level green for bowlers: گرنيت كهيلنے كا ميدان

**Bowman,** *n.* An archer: تير انداز

**Bowse,** *v. i.* *(Naut.)* To haul or pull hard: ملكر كهينچنا

**Bowshot,** *n.* The distance to which an arrow can be sent from a bow: وه فاصله جهانتک تير كمان سے پهونچايا جاسكے

**Bowstring,** *n.* The string of a bow: كمان كا چله

**Bow-yer,** *n.* A maker of bows; an archer: كمان بنانيوالا - تير انداز

**Box,** *n.* A chest: صندوق - صندوقچه * A blow on the head or ear: گهونسا * The driver's seat: كوچبكس * A kind of tree: ايک قسم كا درخت * A small shooting house: شكار گهر * A shelter for a sentry: سنتري گهر * A present: نذر يا تحفه * **To be in the wrong—,** to be mistaken: غلطي ميں هونا * **To be in a witness—,** to appear as a witness: شهادت دينا

——, *v. t.* To shut up in a box; to strike with the fist: بند كرنا - گهونسا مارنا

**Boxer,** *n.* One who fights with the fist: گهونسے باز

**Boy,** *n.* A male child; a lad: طفل - لڑكا - چهوكرا

**Boycott,** *v. t.* To combine against by refusing to buy the products of: كسي ملک كي چيزونكي خريد سے ملكر انكار كرنا

**Boyhood,** *n.* The state of being a boy: - لڑكپن طفلي - بچپن

**Boyish,** *a.* Childish: طفل مزاج - چهتپن كا * Trifling: هيچ

**Brace,** *v. t.* To bind close; to tighten: - كسنا باندهنا

**Brace,** *n.* A bandage; a support; a thick strap: تسمہ - آڑ - بند * A pair: جوڑا * *pl.* Braces; straps that suspend pantalloons: پتلون کي گيلس

**Bracelet,** *n.* An ornament for the wrists: کنگن - پہونچي - چوڑي - کڑا

**Bracing,** *a.* Healthy invigorating: صحت بخش - مقوي

**Bracket,** *n.* A slight wooden or iron support: خطوطہ - ديوال گير * The sign parenthesis: وحداني - ( ) يہہ نشان

**Brackish,** *a.* Saltish: کہاري - سور

**Brag,** *v. i.* To boast: شيخي مارنا

Syn.—Bluster, vaunt, swagger.

**Braggart,** *n.* A boaster; a vain fellow: شيخي باز

**Braid,** *v. t.* To weave together; to plait: بٹنا - گوندھنا

——, *n.* A texture: بناوٹ * A sort of lace: اوٹي - جالي * A knot: جوڑ * A plait: گوندھنا

**Brain,** *n.* The soft, whitish mass enclosed in the skull: مغز * The understanding: دماغ - عقل

——**fever,** *n.* Inflammation of the brain: سرسام * —**sick,** *a.* Diseased in the understanding; whimsical: پاگل - کورہ مغز

**Brainless,** *a.* Without understanding; silly: نادان - بيوقوف

**Brake,** *n.* A thicket: جھاڑي * An instrument for dressing hemp or flax: کنگھي * A contrivance to retard the motion of carriage wheels: پھيا - روک - اٹکاؤ * A harrow; a kneading trough: پٹرا - گوندھنے کا برتن

**Bramble,** *n.* A blackberry bush; any rough, prickly shrub: جھڑ بيري - خاردار جھاڑي

**Bran,** *n.* Husks of corn ground: بھوسي - چوکر

**Branch,** *n.* A small bough: شاخ * A shoot: ڈالي * Descendants of a family: اولاد - نسل * Section; limb: صيغہ - عضو

**Branchlet,** *n.* A small branch; a twig: ٹہني

**Brand,** *n.* A burning stick: جلتي ہوئي لکڑي * A sword: تلوار - کرچ * A stigma: داغ - کلنک * A hot iron for marking: داغنے کا اوزار * کا ٹيکا

*v. t.* To burn with a hot iron; to stigmatise: جلانا - بدنام کرنا

**Brandish,** *v. t.* To wave, as a weapon; to strike about; to flourish: گھومانا - پھرانا

**Brandnew,** *a.* Quite new: بالکل نيا - کورا - تہہ درز

**Brandy,** *n.* An ardent spirit distilled from wine: برانڈي شراب

**Brasier,** *n.* An artificer who works in brass: ٹھٹيرا - کسيرا

**Brass,** *n.* An alloy of copper and zinc: پيتل * Impudence: شوخي

**Brassy,** *a.* Like brass; impudent: پيتل سا - شوخ

**Brat,** *n.* A child, so called in contempt: لڑکا - چھوکرا - کچّے بچّے - چينگا پوٹے

**Bravado,** *n.* A boastful or threatening behaviour: لاف گزاف - دھمکي

**Brave,** *a.* Courageous; bold; daring; excellent: دلير - بہادر - شجاعت والا - جرات والا - خوب

——, *v. t.* To defy; to meet with courage: سامنا کرنا - مقابلہ کرنا

**Bravery,** *n.* Intrepidity; courage; heroism; splendour; finery: بہادري - دليري - جوانمردي - چمک دمک - زرق برق - پوشاک

**Bravo,** *n.* An assassin or murderer: خوني - قاتل

——*inter.* Well done! excellent! - کيا خوب - واہ واہ

**Brawl,** *v. t.* To quarrel noisily; to wrangle: جھگڑنا - غل مچانا * *n.* A noisy quarrel: جھگڑا

**Brawn,** *n.* The salted flesh of a boar: سور کا گوشت * The muscular part of the body: پٹھا - بازو

**Brawny,** *a.* Muscular; having great strength of muscles: شہزور - قوي

**Bray,** *v. i.* To utter a harsh cry, as an ass: رينکنا

**Braze,** *v. t.* To solder with brass: پيتل سے مڑھنا - جھالنا

**Brazen,** *a.* Made of brass: پيتل کا * Impudent: بيحيا - گستاخ

**Brazen-faced,** *a.* Shameless; impudent: بے شرم - گستاخ - شوخ

**Breach,** *n.* A gap: شگاف - سوراخ * Violation of a law or contract: عہد شکنی * A quarrel: جھگڑا

Syn.—Rent, cleft, disruption, dispute, contention.

Ant.—Contiguity, adhesion, union.

**Bread,** *n.* Food made of ground corn: روٹی - چپاتی * **—winner,** one who works for the support of the family: کماسُت - کمیرا * **—and butter:** (لفظی معنی) مکھن روٹی (محاورۃ) دال روٹی * **To fight with one's—and butter,** بھری تھالی میں لات مارنا

**Breadth,** *n.* Distance from side to side; width: عرض - چوڑائی - *(of a river)* پھاٹ *(of a wall)* اثار

**Break,** *v. t.* To part by violence: توڑنا * To violate: عہد شکنی کرنا * To interrupt; to destroy: معطل ہونا - قطع کرنا - برباد کرنا * To tame: پالنا - نکالنا

——, *v. i.* To burst: ٹوٹ یا پھوٹ جانا * To come to view: نظر آنا * To become bankrupt: دیوالا نکلنا * To lose health: کمزور ہونا * **To—off,** to discontinue: بند کرنا * **To—up,** to separate: علیحدہ ہونا * **To—ground,** to begin: شروع کرنا * **To—the heart,** to afflict: رنج پہونچانا - دل دکھانا * **To—the ice,** to make a beginning: از سر نو شروع کرنا * **To—down,** to fail or to come down by breaking: بند ہو جانا یا ٹوٹ جانا * **To—forth,** to issue suddenly: یکایک نکل پڑنا * **To—bulk,** to unload: بوجھہ اوتارنا * **To—over,** to dash forth: جھپٹ کے نکلنا * **To—a house:** نقب لگانا - سیند دینا * **To—in or upon,** to enter unexpectedly: اچانک آجانا * **To—into,** to enter forcibly: گھس پڑنا * **To—out,** to issue forth: نکل پڑنا * To arise or spring up: پیدا ہوجانا - پھیلنا * **To—with,** to part friendship with: قطع تعلق کرنا * **To—news to one,** to communicate bad news to one gently: کسی کو اسطرح پر خبر بد سنانا جسمیں اسے صدمہ نہ پہونچے * **—of day,** dawn: صبح - تڑکا

**Breakage,** *n.* Act of breaking: شکستگی * An allowance for things broken in transportation: روانگی میں چیزوں کے ٹوٹ جانیکا معاوضہ منہائی بابت شکست ریخت

**Breaker,** *n.* One that breaks: توڑنے والا * A wave broken on a rock or on the shore: چٹان پر ٹکرانے والی لہر

**Breakfast,** *n.* The first meal in the day - حاضری ناشتا * **Hope is a good—but it is a bad supper,** بھلی آس کلیوا بیاو آس جی لیوا

**Breakneck,** *a.* Violent; dangerous; سر توڑ - خطرناک - تہاشا

**Break up,** *n.* Dispersion; dissolution - انتشار برخاستگی - بربادی - انہدام

**Breakwater,** *n.* A mole to break the force of the waves: لہر توڑ - پشتہ بند

——, *v. i.* To cleanse a ship's bottom: جہاز کے نیچے کے حصہ کو صاف کرنا

**Breast,** *n.* The bosom; the mother's nipple: سینہ - چوچی - پستان * The heart; the conscience: دل - ضمیر - من

——, *v. t.* To meet in front: مقابلہ کرنا - سامنا کرنا * **To make a clean—,** to disclose fully and without reserve: صاف صاف - طبیعت کا بخار نکالنا - کہ ڈالنا

**Breast-plate,** *n.* Armour for the breast; a strap that runs across a horse's breast: چار آئینہ - چھاتی تک اونچا

**Breath,** *n.* The air drawn in and ejected out of the body; respiration: سانس - دم * Life; breeze: جان - ہوا * Respite; an instant: فرصت - دم - لحظہ * A puff of wind: ہوا کی رمق * A whiff: سسکاری * Fragrance: لپٹ مہک * Word: بابت * **To take away one's—,** to cause surprise: متعجب کرنا * **Under one's—,** very quietly: بہت خاموشی سے - بالکل چپ چاپ

**Breathe,** *v. i.* To draw in and expel the air; to live; to utter softly: سانس لینا - جینا - دم لینا - آہستہ سے کہنا * *v. t.* To inhale; to infuse; to exhale; to utter (softly); to divulge; to allow to take a little rest: دم لینا - اندر پھونکنا یا بھرنا - نکالنا - اڑانا - فاش کرنا - سستانا یا دم لینے دینا **To—one's last,** to die: مر جانا - گذر جانا

**Breathless,** *a.* Out of breath; spent with labour; dead: بیدم - ہانپتا ہوا - مردہ

**Breech,** *n.* The lowest part of the body ; the club end of a gun : چوتڑ - بندوق کي پيندي

**Breeches,** *n.* Trousers : پايجامه

**Breed,** *v. t.* To beget ; to bring up ; to educate : جننا - پرورش کرنا - تعليم دينا

——, *n.* Race or progeny ; kind : نسل - ذات - قسم * Cross : درغلا * Pure : اصيل - کهرا

Syn.—Engender, generate, produce.

**Breeding,** *n.* Nurture ; education ; manners : پرورش - ترتيب - تهذيب

**Breeze,** *n.* A light wind ; a disturbance ; باد صبا - نسيم - رنجش

**Brethren,** *n. pl.* of **Brother** : بهائي - برادري

**Brevier,** *n.* A small kind of printing type : ايک چهوٹے قسم کا ٹائپ

**Brevity,** *n.* Conciseness ; shortness : اختصار - کوتاهي - چهوٹائي

**Brew,** *v. t.* To make malt liquor : بوزه کشي کرنا * *v. t.* To contrive ; to plot : تدبير کرنا-منصوبه باندهنا

**Brewery,** *n.* A place for brewing : بهٹي - بوزه خانه

**Bribe,** *n.* A reward given to corrupt or influence : رشوت - گهوس * *v. t.* To give a bribe : رشوت يا گهوس دينا

**Bribery,** *n.* The practice of giving or taking bribes : رشوت خوري - رشوت ستاني

**Brick,** *n.* A mass of burnt clay : خشت - اينٹ
A regular—, a pleasant man : خوش مزاج آدمي

**Brick-bat,** *n.* A piece of a brick : روڑا - ٹهکرا

**Brick-dust,** *n.* Dust made by pounding bricks : سرخي

**Brick-kiln,** *n.* A kiln for burning bricks : پزاوه

**Brick-layer,** *n.* A mason : راج

**Bridal,** *n.* A nuptial festival ; marriage : بياهر - عروسي - شاديانه - بياه - شادي

**Bride,** *n.* A woman recently married, or engaged to be married : عروس - دلهن - بهو

**Bridegroom,** *n.* A man newly married, or about to be married : نوشه - دولها

**Bridesmaid,** *n.* A woman who attends on the bride : سهيلي

**Bridge,** *n.* A pathway erected over a river : پل * The upper part of the nose : ناک کا بانسا *
Flying—, پيپوں کا پل * Suspension—, جهولے کا پل

**Bridle,** *n.* The reins by which a horse is governed : لگام * A check : روک

——, *v. t.* To restrain or curb ; to hold in check : روکنا - لگام دينا - ضبط کرنا

**Brief,** *a.* Concise ; short ; contracted : مختصر - مجمل - سنکشيپ * I will be—, مختصر کهه دينا هوں * In—, مختصراً

**Brier,** or **Briar,** *n.* A prickly shrub ; a wild rose : ايک کانٹے دار جهاڑي - سدا گلاب

**Brig,** *n.* A small square-rigged two-masted vessel : دو مستول والا جهاز

**Brigade,** *n.* A division of troops : فوج کا ايک بڑا دسته جسميں کئي پلٹنيں هوتي هيں

**Brigand,** *n.* A robber ; a free-booter : لٹيرا-ڈاکو

**Brigandage,** *n.* Theft ; robbery ; plunder : چوري - ڈکيتي - رهزني

**Bright,** *a.* Shining ; transparent ; brilliant : اُجلا کرنا - شفاف - چمکيلا - جلادار - روشن

**Brighten,** *v. t.* To make bright ; to make lustreous ; to enliven ; to shed light upon ; to make hopeful : اُجلا کرنا - چمکانا - جلا دينا - روشن کرنا - جلوگر کرنا - پر اميد کر دينا

**Brightness,** *n.* Brilliancy ; lustre ; acuteness : چمک دمک - رونق - آبداري - تيزي - آب و تاب

**Brilliancy,** *n.* Splendour ; great brightness : تاب - چمک

**Brilliant,** *a.* Shining ; sparkling ; splendid : چمکدار - تابدار - آبدار

**Brim,** *n.* The rim or boder of any vessel ; the upper edge : کناره * The brink of a river : لب دريا * To—over, to overflow : بهه جانا * To fill to the—, to fill to the top : لبالب بهرنا

**Brimful,** *a.* Full to the top : لبريز

**Brimmer,** *n.* A bumper : جام لبريز - ساغر لبالب

**Brimstone,** *n.* Sulphur : گندهک

**Brindled,** *a.* Spotted ; streaked : ابلق - کبرا

**Brine,** *n.* Saltish water ; the sea ; tears : آب شور - سمندر - آنسو

**Bring,** *v. t.* To fetch from; to conduct; to convey or carry to; to accompany; to induce: لے آنا - لانا - لے جانا - ساتھہ ھونا مایل کرنا * **To—about,** to accomplish: نکالنا - تمام کرنا * **To—to book,** to call to account; to reprimand: حساب لینا - لیکھا لینا پھٹکارنا * **To—down,** to lower; to abase: کم کرنا - ذلیل کرنا * **To—forth,** to produce; پیدا کرنا * **To—forward,** to produce to view or notice: پیش کرنا - نظر کرنا * **To—in,** to introduce; to supply: داخل کرنا - مہیا کرنا * **To—off,** to procure; to be acquitted: بری کرنا - چھوڑانا * **To—on,** to originate; شروع کرنا * **To—over,** to cause to change an opinion: راے تبدیل کرنا * **To—round,** to conciliate: راضي کرنا * To make well; چنگا کرنا * **To—to,** to stop: تھرانا - روکنا * **To—to pass,** to effect: کرنا - انجام دینا * **To—under,** to subdue: زیر کرنا - تابع میں لانا * **To—up,** to educate: ترتیب دینا * to vomit: قے کر دینا * **To—up the rear,** to follow: پیچھے چلنا * **To—to light,** to make clear: ظاھر کردینا

**Brink,** *n.* The edge, as of a precipice; the bank; the border: کرارا - ساحل - کنارہ

**Brisk,** *a.* Lively; full of spirit; active: چنچل - چست - پھرتیلا - تیز - چالاک

**Brisket,** *n.* The breast of an animal: جانور کا سینہ

**Bristle,** *n.* The stiff hair of swine: سور کا بال

——, *v. i.* To stand erect like bristles: روئیں کھڑے ھونا

**British,** *a.* Pertaining to Great Britain: برطانیہ کا - انگریزي

**Brittle,** *a.* Easily broken; apt to break; fragile: کمزور - نازک - بھر بھرا

**Broach,** *v. t.* To pierce; to tap; to utter: چھیدنا - کھولنا - کہنا

**Broad,** *v.* Wide; extended; open: چوڑا - کشادہ - کھلا ھوا یا صاف

**Syn.**—Extensive, ample, comprehensive.

**Broad-brimmed,** *a.* Having a broad brim: چوڑے کنارہ کا

**Broadcast,** *a.* Widely spread; diffused: بکھرا ھوا - پھیلا ھوا

**Broadcloth,** *n.* A fine kind of woollen cloth: بانات

**Broaden,** *v. t.* To make broad: چوڑا کرنا - چوڑانا - کشادہ کرنا

**Broadside,** *n.* The side of a ship: جہاز کا ایک پہلو The discharge of all the guns on one side of ship: جہاز کے ایک پہلو کي کل توپوں کي باڑہ A sheet of paper printed on one side: ایک رخ چھپا ھوا کاغذ

**Broadsword,** *n.* A sword with a broad blade: تیغہ - کھڑک

**Brocate,** *n.* A flowered silken stuff variegated with gold or silver: کمخواب - زربفت - تاش بادلا

**Brochure** *(bro-shoor),* *n.* A short pamphlet: رسالہ

**Brocket,** *n.* A red deer, two years old: دو برس کا لال ھرن

**Brogue,** *n.* A stout, coarse shoe; a dialectic pronunciation: گنوارو جوتا - گنوارو بول چال

**Broil,** *n.* A tumult; a noisy quarrel: جھگڑا - دنگا - فساد

**Broil,** *v. t.* To dress or cook by laying on the coals: بھوننا - کباب کرنا

**Broken,** *pp.* Parted by violence; infirm; crushed; subdued; bankrupt: ٹوٹا ھوا - شکستہ کمزور - مغلوب - مطیع - دوالیہ *—**down with misfortune:** پھٹے حال - تباہ حال - خراب خستہ

**Broken-hearted,** *a.* Crushed by grief or despair: شکستہ خاطر - افسردہ خاطر

**Broker,** *n.* A commercial agent; middleman; a dealer in second-hand goods: دلال - بچولیا - کباڑي - کہنہ فروش

**Brokerage,** *n.* Commission of a broker: دلالي - دستوري

**Bronchial,** *n.* Belonging to the throat: حلق کے متعلق

**Bronchitis,** *a.* Inflammation of the tubes of the wind-pipe: حلق کي سوجن - ذات الریہ

**Bronze,** *n.* A reddish-brown metal, compounded of copper and tin: کانسا - پیتل - پھول

**Brooch,** *n.* An ornamental pin, or small buckle: دھکدھکي * *v. t.* To adorn with jewels: جواھرات سے آراستہ کرنا

**Brood**, *v. i.* To sit on eggs ; to hatch : انڈے سینا * To ponder : غور کرنا * *n.* Offspring ; the number hatched at once : اولاد - جھول

**Brook**, *n.* A rivulet : ندي - نالہ * *v. t.* To bear ; to endure : برداشت کرنا - سہنا

**Broom**, *n.* A besom for sweeping : جاروب - بڑھني

**Broth**, *n.* Liquor in which flesh has been boiled : شوربا - يخني

**Brother**, *n.* One born of the same parents ; an associate : سگا بھائي - برادر - ھم صحبت

**Brotherhood**, *n.* Fraternity ; an association : بھائي چارہ - برادري - بھائي بند

**Brother-in-law**, *n.* The husband of a sister, or a wife's brother : بہنوئي - سالا

**Brotherly**, *a.* Like brother ; affectionate : برادرانہ - عزيز

**Brow**, *n.* The arch of hair over the eye : ابرو - بھوں * The edge of any high place : کنارہ * The forehead : پيشاني

**Browbeat**, *v. t.* To bear down ; to humble ; to disconcert ; to abash : دبانا - جھڑکنا - دھمکانا - سخت کلامي سے شرمندہ کرنا

**Brown**, *a.* Dusky ; inclining to red or yellow : بھورا - ميگون - بادامي

**Brown-study**, *n.* Deep meditation ; reverie ; absent-mindedness : غور - خوض - حالت بے خودي

**Browse**, *v. i.* To feed on the shoots and leaves of plants : چرنا - چگنا

**Bruin**, *n.* A bear : ريچھ - بھالو

**Bruise**, *v. t.* To crush or mangle by blow ; to contuse : کچلنا - کوٹنا * *n.* A hurt made by a blunt instrument : کوٹنگي - چوٹ چپيٹ

**Bruit**, *v. t.* To report ; to noise abroad : مشہور کرنا - شور مچانا

——, *n.* A rumour ; a report : افواہ - شہرت - چرچا * **Much bruit, little fruit** (Great boast, little roast) : اونچي دوکان پھيکي پکوان

**Brunette**, *n.* A woman of a dark complexion : سانولي عورت

**Brunt**, *n.* A shock ; onset ; blow : صدمہ - حملہ - چوٹ

**Brush**, *n.* A broom for sweeping : کونچي * A painter's pencil : بالونکا قلم * A fox's tail : لومڑي کي دُم * A quick fight : دھاوے کي لڑائي

——, *v. t.* To sweep with a brush : جھاڑنا - بہارنا * To move with haste : تيز چلنا * **To — up**, to polish : چمکانا * To improve : ترقي دينا * **To — against**, to knock against : ٹکرانا * **To — up one's learning**, آموختہ پھيرنا * **To — or scamper off** : کانور يا چمپت ھونا

**Brushwood**, *n.* Rough shrubby thickets : جھاڑي - جھاڑ جھنکاڑ

**Brusque**, *a.* Rough ; rude : بيہودہ - گنوار - اوجڈ

**Brutal**, *a.* Pertaining to a brute ; savage : حيواني - وحشي - بے رحم

Syn.—Cruel, inhumane, ruthless, barbarous.

**Brutality**, *n.* Inhumanity ; savageness : سنگدلي - بے رحمي - وحشت

**Brutalize**, *v. t.* To make savage : وحشي يا سنگدل بنانا

**Brute**, *n.* A beast : جانور * A cruel or an unreasoning man : تند خو يا بے تميز شخص

**Brutish**, *a.* Bestial ; savage ; unfeeling ; stupid : حيواني - وحشي - بے رحم - بيوقوف

Syn.—Ignorant, stupid, savage, cruel.

**Bubble**, *n.* A water bladder ; a delusive scheme : حباب - بُلبلہ - نا پائدار يا بے ثبات چيز

——, *v. i.* To rise in bubbles ; to run with a gurgling noise : بُلبلے اوٹھنا - گڑ گڑاتے ھوئے بہنا * *v. t.* To cheat ; to deceive : دھوکا دينا - فريب کرنا

**Bubo**, *n.* A tumour in the groin : بد - گُھيا - گلٹي

**Buccaneer**, *n.* A pirate : دريائي ڈاکو - سمندري ڈاکو

**Buck**, *n.* A male deer ; a beau : ھرنا - بانکا - چھيلا

**Bucket**, *n.* A vessel for drawing up water : ڈول - ڈولچي

**Buckle**, *n.* A frame with tongue or catch to fasten things together : بکسوا - پيٹي

**Buckler**, *n.* A shield : ڈھال - سپر

——, *v. t.* To defend ; to support : پناہ دينا - بچانا - محافظت کرنا - حمايت کرنا

**Buckram**, *n.* A coarse stiff cloth : کلپ والا کپڑا - ميان تہہ

**Bud**, *n.* The first shoot of a plant ; a germ ; an undeveloped flower : کلي - غنچہ * *v. t.* To put forth buds : کليانا

Syn. Sprout, germinate, blossom.

**Buddhism,** *n.* The religion of the greater part of Central and Eastern Asia called after its founder Buddha : بودھ مذھب

**Budge,** *v.* To move off ; to stir ; to walk away : سرکنا - هلنا - ٹلنا

**Budget,** *n.* A bag ; a store : ذخیرہ - کیسہ * The annual financial statement : ملک کي آمدني و خرچ کا سالانہ حساب

**Buff,** *n.* Leather prepared from buffalo or other skins ; military coat ; yellow colour : بهینس کا چمڑا - سپاهیانہ پوستین - زرد رنگ * In buff, ننگا - برهنہ * To stand in—, استیں چڑھا کر * *a.* Light yellow : خفیف زرد رنگ کا کهڑا هونا

**Buff,** *n.* A buffet ; a blow : گهونسا - مکا * *v. t.* To strike : مارنا

**Buffalo,** *n.* A species of the ox : بهینس

**Buffer,** *n.* A contrivance affixed to railway carriages to break the force of a collision : تهاپي - ریل گاڑی کی ٹکر روکنے والي چیز

**Buffet,** *n.* A blow with the fist ; a slap : گهونسا - تهپڑ

**Buffoon,** *n.* A low jester : مسخرہ

**Buffoonery,** *n.* Low jests ; mimicry : مسخرہ پن - نقالي

**Buffoonize,** *v. i.* To play the fool : ٹھٹھولي کرنا

**Bug,** *n.* An ugly insect infesting beds, houses, &c. : کهٹمل

**Bug-bear,** *n.* A false terror ; an idle phantom : جهوٹهي ڈرانیوالي شے - لو لو - هوا

**Buggy,** *n.* A four-wheeled vehicle : چار پهیئے کی گهوڑا گاڑي - بگهي

**Bugle,** *n.* A musical wind instrument : بگل - نرسنگها

**Bugle-horn,** *n.* A hunting horn : ترهي - شکاري نرسنگها

**Build,** *v. t.* To raise ; to construct ; to establish ; to strengthen : بنانا - تعمیر کرنا - اُٹھانا - قایم کرنا - قوت دینا * To—castles in the air, to form impracticable schemes : خیالي پلاؤ پکانا - من کے لڈو پهوڑنا * To build on, بهروسہ رکهنا (as : Never *build* on mere hopes or expectation : محض امید پر کبهي بهروسہ نہ کرنا) * Of a fine build, بڑا خوش قطع یا خوش اسلوب (as : He is a man of fine *build* : وہ بڑا خوش قطع آدمي هے) * A man of powerful build, قوی هیکل آدمي

**Building,** *n.* The act of constructing ; an edifice : تعمیر - عمارت - مکان

**Bulb,** *n.* A round scaly root, as onion, tulip, &c. : گانٹھ - پوتهي - ( of a thermometer ) پهک کوٹهي

**Bulbous,** *a.* Having or pertaining to bulbs or a bulb : گٹهیلا - گانٹهدار

**Bulge,** *n.* The protuberant part of a cask ; a protuberance : پیپے کا اوٹها هوا حصہ - ابهرن * *v. t.* To swell or jut out : پهولنا - اُبهرنا

**Bulk,** *n.* Magnitude ; size ; mass ; the largest part ; the greatest number : جسامت - قد - مقدار - بڑا حصہ یا تعداد

**Bulk-head,** *n.* A partition made across a ship with boards : جهاز میں تختوں کي دیوار

**Bulky,** *a.* Of great size ; large : قدآور - بڑا - جسیم - ضخامت کا

**Bull,** *n.* The male of bovine animals : سانڈ * A papal edict : پوپ کا حکم * A blunder : غلطي * An absurdity : خرافات * A paradox : کوئي بات جو ظاهرہ بیهودہ هو لیکن غور کرنے سے صحیح معلوم هو

**Bull's-eye,** *n.* گول روشندان - هدف کا بیچ یا مرکز

**Bull-dog,** *n.* A dog of particular form remarkable for his courage : بڑا چوڑے منهہ کا کتا

**Bull-dozing,** *n.* Intimidating ; bullying ; flogging : ڈرانا - دهمکانا - ڈانٹنا - کوڑے بازي کرنا

**Bullet,** *n.* A small ball : گولي

**Bulletin,** *n.* An official report : کیفیت یا اشتہار

**Bull-finch,** *n.* A singing bird : ایک گانیوالي چڑیا

**Bullion,** *n.* Gold or silver in the lump : چاندي یا سونے کي اینٹ

**Bullock,** *n.* A young bull ; an ox : بیل - بدهیا - نرگاؤ

**Prove**, *v. t.* or *i.* To test; to verify; to demonstrate; to experience; to turn out to be: - آزمانا تصدیق کرنا - ثابت کرنا - تجربہ کرنا - دیکھنا - پرکھنا

Syn. Verify, confirm, justify, show.

Ant.—Disprove refute.

**Provender**, *n.* Dry food for beasts; provisions: چارا - بھوسا - راتب - رسد - غدا - کھانا

**Proverb**, *n.* A wise saying; a maxim; a by-word: مقولہ - کہاوت - مسلہ - ضرب‌المثال - مثل

Syn. —Maxim. aphorism adage.

**Proverbial**, *a.* Comprised in a proverb: کہاوتي مشہور - عام * Widely spoken: زبان زد - مشہور

**Provide**, *v. t.* or *i.* To procure beforehand; to furnish; to afford; to take measures before hand: پہلے سے لا رکھنا - مہیا کرنا - دینا - پہلے سے تدبیر کرنا - فکر کرنا * To—against, To take measures against: خلاف تدبیر کرنا - کسی کے مقابلہ کي تجویز کرنا * To—for, To take care of beforehand: - پہلے سے فکر کرنا - پہلے سے سوچنا دور اندیشي کرنا - آگا سوچنا

**Provided**, *conj.* On condition; if: بشرطیکہ - اگر It is—, حکم ہے

**Providence,** *n.* Foresight; prudence: پیش بینی - دور اندیشی * Divine superintendence. خدائی نگہبانی * God: - پرمیشور - خدا - رب العالمین

**Provident,** *a.* Forecasting; prudent; economical: - عاقبت اندیش - پیش بین - کفایت شعار - کار ساز - جگتییا . آیندہ کی ضروریات کے لئے مہیا کر رکھنے والا

**Providential,** *a.* Effected by Providence: - خدائی نارائنی - ایشوری - پروردگار کا - جو خدا کے خاص احسان الہی کے انتظام سے ہو - خدا ساز *—escape. عمیل سے بچ جانا

**Providently,** *ad.* With prudent foresight: عاقبت اندیشی سے

**Province,** *n.* A conquered country; a portion or an empire; a tract; a department; the proper business or calling of any one: ملک مفتوحہ - صوبہ - علاقہ - اختیار - منصب - عہدہ خاص

**Provincial,** *a.* Of a province; local; rude: صوبہ کا - دیسی - گنوار - ناشایستہ - دیہاتی - گنوارو

**Provincialism,** *n.* A provincial peculiarity of speech or thought: دیسی محاورہ

**Provision,** *n.* Preparation: تیاری * Victuals: توشہ - رسد - کھانا * A condition: شرط - اقرار
*v. t.* To supply with articles of food: توشہ یا رسد مہیا کرنا - خوراک بہم پہونچانا

**Provisional,** *a.* Provided for present need; temporary: حال کے لئے - عارضی - چند روزہ

**Proviso,** *n.* A conditional stipulation: - شرط عبارت شرطی - شرطی دفع

**Provisory,** *a.* Temporary; conditional: چند روزہ - شرطی

**Provocation,** *n.* The act of exciting anger; incitement; stumulus: غصہ دلانیکا کام - جوش دہی اشتعال - تحریک

**Provocative,** *a.* Exciting: جوش دلانیوالا - محرک

**Provoke,** *v. t.* To challenge; to excite; to arouse; to irritate; to enrage; to offend: للکارنا - اشتعال دینا - اوکسانا - چھیڑنا - ناراض کرنا - غصہ دلانا - بیزار کرنا

**Provost,** *n.* The chief officer or magistrate of a city; the warden of a prison: - شہر کا اعلی حاکم کوتوال - قاضی القضات - جیل داروغہ

**Prow,** *n.* The forepart of a ship: جہاز کا اگلا حصہ

**Prowess,** *n.* Bravery; gallantry; military courage: - دلیری - بہادری - شجاعت - جوانمردی جرات

Syn. Valour, interpidity, courage, bravery.
Ant. Timidity, weakness.

**Prowl,** *v. t.* To wander stealthily in search of prey: شکار کے لئے چپکے چپکے پھرنا - ڈھونڈھتے پھرنا *
*n.* A roving for prey: شکار کی تلاش

**Proximate,** *a.* Nearest; immediate: قریب - نزدیک تقریبہ - متصل

**Proximately,** *ad.* By immediate relation; immediately: - قرابت سے - نزدیکی سے - تقریبا - آس پاس

**Proximity,** *n.* Immediate nearness: - نزدیکی قرب - قرابت

**Proximo,** *n.* A day of the next of the coming month: دوسرے یا آیندہ ماہ کی تاریخ

**Proxy,** *n.* The agency of a substitute; the person who acts for another; the writing by which he is deputed: عوض - قایم مقام - کسی کے بجاے کچھ کرنے کا اختیار - عوضی نامہ

**Prude,** *n.* A woman of affected modesty and reserve; one who pretends extreme propriety. وہ عورت جو دکھانے کے لئے بہت حجاب اختیار کرے - مکارہ - گھونگھٹی

**Prudence,** *n.* Practical wisdom; carefulness: پیش بینی - احتیاط - ہوشیاری - عقل

**Prudent,** *a.* Sagacious; discreet; wary; economical: - دانا - دور اندیش - ہوشیار - کفایت شعار - جزرس

**Prudently,** *ad.* Wisely; frugally: - عقلمندی سے کفایت شعاری سے - دانائی یا عاقبت اندیشی سے

**Prudery,** *n.* Affected modesty; affectation of virtue; coyness; excessive scrupulousness of conduct: - دکھاوے کی پارسائی - بناوٹ - شرم - حیا - چال چلن کی از حد خبرداری

**Prune,** *n.* A dried plum: * آلو بخارہ - کنار خشک
*v. t.or i.* To lop; to dress; to trim: - کاٹنا سنوارنا - چھانٹنا - تراشنا - قلم کرنا

**Pry,** *v. i.* To look closely: بغور دیکھنا - جھانکنا

**Psalm,** *n.* A scared song or hymn: بھجن - سرود عارفانہ

**Psalmist,** *n.* A writer of sacred songs : بھجن گانیوالا

**Psalmodist,** *n.* One who sings psalms : بھجن گانیوالا

**Psalmody,** *n.* The art of singing sacred songs : بھجن گانیکا ھنر

**Psalter,** *n.* The book of psalms : بھجنونکي کتاب

**Pshaw,** *int.* Expressing contempt : ھش - چھي چھي

**Psychologic,** *a.* Pertaining to the doctrine or study of the soul : روحاني

**Psychologist,** *n.* One who is versed in psychology : روحاني علم کا جاننے والا

**Psychology** (*si-kolo'-ji*) *n.* The science of the human soul : علم روح انساني - آتم و دیا

**Puberty,** *n* Ripe age in the sexes ; maturity : بلوغ - جواني - شباب

**Pubescence,** *n.* The state of puberty : بلوغ - شباب

**Public,** *a.* Pertaining to state or community ; open ; common ; notorious ; open to common use : خلقت یا رعایا کے متعلق - ظاھر - عام - مشھور - عام لوگوں کے واسطے - رعایا کا * **—house,** a shop for the retail of liquor : شرابخانہ - سراے * **In—,** in open view : کھلے خزانے - سب کے سامنے - علانیہ * **—functions,** کار سرکاري - کار ملکي * **—place,** سرکاري مکان - کھلي یا بے قید جگھہ * **—resort,** شارع عام - گذرگاہ عام * **—right,** حق الناس * **—tranquility,** عافیت خلایق * **—works,** گندہ کپتاني کا * **—works department,** گندہ کپتاني - محکمہ صیغہ تعمیرات سرکاري * **—weal,** رفاہ عام * *n.* The people at large : خلقت - خلق اللہ - عوام الناس

**Publican,** *n.* An inn-keeper ; a tax collector ; one licensed to retail spirituous liquors : سراے کا مالک - محصول وصول کرنیوالا - شراب کا لیسنس دار

**Publication,** *n.* The act of publishing ; proclamation ; a work printed and offered for sale : - طبع شہرت - اشتہار - چھپي ھوئي کتاب بیچنے کے لیئے

**Publicity,** *n.* General currency ; notoriety : شہرت - ظھور

**Publicly,** *ad.* Openly : علانیہ - ظاھرا

**Publish,** *v. t.* To make known ; to promulgate ; to print and offer for sale : ظاھر کرنا - پھیلانا - چھاپ کر بیچنا - شایع کرنا

Syn.—Announce, proclaim, advertise, disclose.
Ant.—Hide, conceal, suppress, hush up.

**Publisher,** *n.* One who publishes : شایع کرنیوالا - مشتھر کرنیوالا

**Puce,** *a.* Of a brownish purple colour : ارغواني - سیاھي مایل

**Pucker,** *v. t.* To gather into small wrinkles ; to rumple : چننا - سکوڑنا - بٹورنا

**Pudding,** *n.* An intestine : آنت * A kind of food variously compounded : گلگلا - ایک قسم کا پکوان

**Puddle,** *n.* A small muddy pool : پوکھر - گڑھیئا * *v. t.* To make turbid ; to stop up with clay : گندلا کرنا - مٹي سے بند کرنا

**Puerile,** *a.* Childish trifling : طفلانہ - لڑکونکا سا - ھلکا - حقیر

**Puerility,** *n.* Childishness : لڑکپن - اوچھاپن

**Puerperal,** *a.* Pertaining to childbirth : - جاپے کا سوھر کا * **—fever,** پرسوت

**Puff,** *n.* A slight gust of wind ; a whiff : ھوا کا جھوکا - جھکورا * An empty expression of praise : جھوٹا بڑھاوا - خالي باتیں

**Puff,** *v. t.* or *i.* To inflate with air ; to praise with exaggeration ; to pant ; to blow : - ھوا سے پھولانا ھوا بھرنا - مبالغہ کرنا - دم بھرنا - پھونکنا * **To—away,** to blow away : پھونک سے اڑانا * **To—out,** to blow out ; to swell out : بجھانا - پھولنا * **To—up,** to swell up : پھولنا * **Puff, not against the wind,** آسمان کا تھوکا منھہ پر آتا ھے

**Puffy,** *a.* Swelled out ; bloated ; bombastic : پھولا ھوا - ھوا بھرا ھوا - الفاظ

**Pug,** *n.* A monkey ; a lap-dog : بندر - چھوٹا کتا

**Pugh,** *int.* Expressing contempt : ھش چھي چھي

**Pugilist,** *n.* A boxer : مشت زن - گھونسا باز

**Pugnacious,** *a.* Disposed to fight ; quarrelsome : لڑاکا - جھگڑالو

Syn.—Contentious, fighting.
Ant.—Pacific, considerate.

**Pugnacity,** *n.* Inclination to fight : لڑائي کي رغبت - جھگڑالوپن - لڑنے کا شوق

**Pugnose,** *n.* A short thick nose : چھوٹي موٹي ناک * A snub : بد مزاج شخص

**Puisne,** (*pu' ne*) *a.* Younger inferior : - ادنی چھوٹا - کمتر

**Puissance,** *n.* Strength ; might : طاقت - زور - قوت - توانائي

**Puissant,** *a.* Strong ; mighty : قوي - مضبوط - طاقت ور - زور آور

**Puke,** *v. i.* To vomit ; to retch : قے کرنا - رد یا اولٹي کرنا * *n.* A vomit : قے - رد

**Pule,** *v. t.* To whine like a child ; to whimper : لڑکے کي طرح ٹھنکنا - بچے کي طرح رونا - رولانا

**Pull,** *v. t.* or *i.* To draw ; to tug ; to haul ; to pluck ; to rend ; to move by pulling : کھینچنا - گھسیٹنا - تاننا - توڑنا - اکھاڑنا - نوچنا - پھاڑنا - کھینچکر لیجانا - کھینا * **To—down,** to demolish ڈھانا - گرانا * To subvert : پست کرنا - موقوف کرنا * **To—off,** to pluck : توڑنا * To take off : اتارنا * **To—on,** to draw on : چڑھانا * **To—one through,** to help one through a difficulty : نکال لیجانا * **To—on,** to draw out ; to extract : کھینچنا - نکالنا * **To—the long bow,** to exaggerate : مبالغہ کرنا * To boast : ڈینگ مارنا * **To —through,** to get thuough with difficulty : دقت سے نکل آنا * **To—up,** to tear up by the root : جڑ سے اکھاڑنا * To stop : روکنا * **To—a finch,** کسي بھولے کو مونڈنا * **To—apart,** - ٹوٹ جانا * گرجانا - لاغر ھوجانا **To be—ed down,** پھسکنا * **To—up stakes,** کسي جگھہ سے روانہ ھونے کي تیاري کرنا

**Pull,** *n.* The act of pulling ; an effort ; a pluck ; a twitch : کھینچ - کشمکش - کوشش - جھٹکا - مروڑ - اینچا تاني

**Pullet,** *n.* A young hen or chicken : مرغي - چوزہ - مرغي کا بچہ

**Pulley,** *n.* A small wheel for a running cord : چرخي - گھرني - گراري

**Pulmonary,** *a.* Pertaining to the lungs ; affecting the lungs : پھیپھڑے کے متعلق - پھیپھڑے پر اثر کرنیوالي

**Pulp,** *n.* The soft, succulent part of a fruit ; marrow : گودا - مغز - ملگوبہ * *v. t.* To reduce to a soft mass ; to deprive of pulp : نرم کرنا - گودا نکال لینا

**Pulpit,** *n.* An elevated place of desk in a church for a preacher : ممبر - گرجے میں واعظ کے لئے اونچي جگھہ

**Pulpy,** *a.* Soft ; fleshy : ملائم - نرم - گودے دار - پلپلا

**Pulsate,** *v. i.* To beat or throb : دھڑکنا - چلنا - اچھلنا - پھڑکنا

**Pulsation,** *n.* A beat or throb : دھڑک - جنبش - ٹھپک - حرکت - چال

**Pulse,** *n.* The beating of arteries ; vibration : نبض - ناڑي - حرکت * Peas, beans, etc. : مٹر - ارھر وغیرہ * **To feel one's pulse,** نبض یا ناڑي دیکھنا

**Pulverisation,** *n.* The act of reducing to power : چور کرنا - سفوف بنانا

**Pulverise,** *v. t.* To reduce to dust or fine powder : سفوف کرنا - چور کرنا - پیسنا

**Pumice,** *n.* A sort of porous stony substance frequently ejected from volcanoes : جھانوان

**Pump,** *n.* A machine for raising water of other fluids : پاني اٹھانیکي کل - پمپ - پچکاري * **Suction —,** دمکش * *v. t.* or *i.* To raise with a pump : پچکاري سے کھینچنا * To draw out by artful questions ; to work a pump : بھید لینا - پمپ سے پاني نکالنا - پچکاري چلانا

**Pumpkin,** *n.* A well-known plant and its fruit : لوکي - کدو - کھنڈا - پیٹھا

**Pun,** *n.* A word or expression with two different meanings : ذومعني لفظ - دو ارتھي * *v. i.* To quibble on words : ذومعني کہنا - لطیفہ کہنا

**Punch,** *n.* A tool for making apertures : چھیني - برما * A well-known beverage composed of spirits, water and sugar : شراب اور چیني کا شربت * A buffoon : مسخرہ * An instrument for stamping holes : سوراخ کرنیکا آلہ مثلاً ٹکٹ تراش * *v. t.* To perforate ; to strike ; to poke : چھیدنا - مارنا - ڈھکیلنا - دھکا لگانا

**Puncheon,** *n.* A perforating tool ; a cask : چھیني - برما - پیپا

**Punchinello,** *n.* A buffoon ; a puppet : مسخرا - بھانڈ

**Punctillio,** *n.* A nice point in behaviour or ceremony : باریکي - موشگافي - تکلف

**Punctilious,** *a.* Very nice in behaviour ; very formal : تکلف مزاج - مھذب - نازک طبع

**Punctual,** *a.* Exact ; prompt : ٹھیک - مستعد - وقت کا پابند - منضبط

**Punctually,** *ad.* Exactly ; scrupulously : ٹھیک وقت پر - صحت سے - ٹھیک طور سے

**Punctuate,** *v. t.* To mark with stops : وقت کي علامات لکھنا

**Punctuation,** *n.* The act or method of pointing a writing or discourse : عبارت میں وقف کے علامات لکھنے کا عمل

**Punctum,** *n.* A point ; full stop : نقطہ - پورے ٹھہراؤ کا نشان

**Puncture,** *n.* A small hole or wound made by a pointed instrument ; a prick : سوراخ - سال * *v. t.* To prick : گڑونا - چبھونا

**Pungency,** *n.* Sharpness ; tartness ; causticity : تیزي - ترشي - چر پراھٹ - جلن

**Pungent,** *a.* Sharp ; biting ; acrid ; caustic ; pricking ; severe : تیز - چرپرا - ترش - کھ'ر - جلانیوالا - چبھتا ھوا - گھستا ھوا - سخت - بھاري

**Punish,** *v. t.* To afflict with pain for a fault or crime ; to chastise ; to correct : سزا دینا - سیاست کرنا - تعزیر کرنا - نصیحت کرنا - سدھارنا - درست کرنا

Syn.—Chastise, correct, scourge.

Ant.—Recompense, reward.

**Punishment,** *n.* The infliction of pain or suffering for a crime or fault : سزا - تعزیر - سیاست - عقوبت * Capital—, سزا قتل - پھانسي * Corporal—, سزا جسماني * Cumulative—, سزاء متعدد

**Punitive,** *n.* Awarding or inflicting punishment : سزا کا - تعزیري

**Punster,** *n.* One who plays upon words ; a quibbler : ذو معني کہنے والا - جگتباز

**Punt,** *n.* A flat-bottomed boat : چپٹي ناؤ

**Punt,** *v. t.* To propel a boat by pushing with a pole against the bed of the water : لگوي سے کھینا

**Puny,** *a.* Small and weak ; petty : چھوٹا اور کمزور - خورد - کوچک - ننھا - کم رتبہ

**Pup,** *v. i.* To bring forth whelps : بچہ دینا - بیانا * *n.* A puppy ; a whelp : کتے کا بچہ - پلا - درندہ جانور کا بچہ

**Pupa,** *n.* A chrysalis : کیڑے کے پیدایش کي تیسري حالت

**Pupil,** *n.* A scholar ; a ward ; a disciple : شاگرد - نابالغ - چیلا * The apple of the eye : آنکھہ کي پتلي - مردمک چشم

**Pupilage,** *n.* The state of being a pupil or ward : شاگردي - طلمیزي - طالبعلمي - نابالغي

**Pupilary,** *a.* Pertaining to pupil or ward : شاگرد یا نابالغ کے متعلق * Of the pupil of the eye : آنکھہ کي پتلي کا

**Puppet,** *n.* A doll ; a small image moved by wires in a show : گڑیا - کٹ پتلي - لعبت * One meanly under the control of another : جو شخص کٹ پتلي کي طرح کسي کے اختیار میں ھو

**Puppy,** *n.* A whelp : پلا * A conceited and insignificant fellow : مغرور - حقیر شخص

**Purblind,** *a.* Near sighted ; dim-sighted : جسکو قریب سے دکھلائي دے - چندھا

**Purblindness,** *n.* Shortness of sight : چندھا پن - دھند

**Purchase,** *v. t.* To acquire ; to buy ; to obtain by outlay of money or labour : حاصل کرنا - خریدنا - محنت یا روپیہ کے عیوض میں لینا * *n.* Buying ; property ; acquisition ; pursuit : خریداري - مال - حصول - تعقب * His life is not worth a day's purchase, اسکي جان بڑے خطرہ میں ہے * Free—, خوش خرید

**Purchaser,** *n.* A buyer : خریدار - گاھک - مشتري

**Pure,** *a.* Clear ; unpolluted ; sheer ; absolute ; genuine ; innocent ; chaste : صاف - بے داغ - نرا - بالکل - خاص - کھرا - کورا - مبرا - بے گناہ - پاک * A—villain, پکا - پورا حرامزادہ - دغاباز - دامن - عفیفہ

Syn.—Unmixed, clear, true, chaste, undefiled.

Ant.—Mixed, impure, foul.

**Purely,** *ad.* Innocently ; merely ; chastely : بے گناہ سے - صرف - پاک دامني سے - صفائي سے

**Purgation,** *n.* The act of cleansing ; purification ; evacuation of the bowels : صفائي - اسہال - بریئت

**Purgative,** *n.* Cleansing ; cathartic : مصفي - مسہل * *n.* A cathartic : جلاب

**Purgatory,** *n.* A place after death where souls are supposed to be purged from impurity : دوزخ - نرک - اعراف * *a.* Cleansing : صاف کرنیوالا

**Purge,** *n.* A cathartic medicine : جلاب - مسہل * *v. t.* or *i.* To cleanse, to purify ; to clarify ; to evacuate the bowels : صاف کرنا - پاک کرنا - الایش دور کرنا - مسہل لینا - جلاب لینا

**Purification,** *n.* The act of making pure ; a cleansing ; lustration : طہارت - صفائي - پاکي

**Purifier,** *n.* A cleanser ; a refiner : - صاف کرنیوالا - میل دور کرنیوالا

**Puriform,** *a.* Like pus : پیپ کا سا

**Purify,** *v. t.* or *i.* To make clear ; to refine ; to become pure : - صاف کرنا - میل دور کرنا - شستہ کرنا - گناہ یا آلودگي سے پاک کرنا - پاک ہونا

**Purist,** *n.* One excessively nice in the choice of words : موشگاف - نکتہ سنج - بہت چیدہ الفاظ استعمال کرنے والا منشي - مصنف - شستہ نویس

**Purity,** *n.* Cleanness ; innocence ; chastity : - صفائي - معصومیت - پاک دامني - عصمت - تقوي - نکوئي - عفت - پاکیزگي

**Purl,** *v. i.* To flow with a gentle murmur ; to eddy : آہستہ آہستہ بہنا - بھنور پڑنا - لہرانا * *n.* A ripple ; a gentle murmur : لہر - بہنے کي آواز * An embroidered border ; lace : گوٹا - کناري - لیس

**Purlieu,** *n.* An enclosure ; environ ; district : احاطہ - گرد نواح - ضلع

**Purloin,** *v. t.* To steal ; to filch : - چوري کرنا - چورانا - دزدي کرنا

**Purple,** *a* Red tinctured with blue : لال نیلا ملا * بادشاہي - سلطاني : Regal * ہرا - ارغواني - بیجني *n.* A colour compounded by the union of blue and red : - نیلا اور لال ملکر بنا ہوا رنگ - بیجني ارغواني * A purple robe or dress : - ارغواني پوشاک - شاہي رتبہ * Born in the —, جامہ سلطاني - خلعت یا خاندان کا

**Purport,** *n.* Meaning ; tenor ; tendency : - معني - مطلب - منشاء مدعا - مراد - مقصد * *v. t.* To import ; to signify : معني رکھنا - مراد رکھنا - ظاہر کرنا

**Purpose,** *n.* End ; aim ; design ; intention : - انجام - غرض - مقصد - منصوبہ - ارادہ * On—, intentionally : قصداً * To the—, to the matter in question : برمحل مطلب * An answer to the—, جواب با ثواب * On—, سے ارادہ * Public—, کار بے فایدہ - لاحاصل - بے * To no—, سرکاري یا ملکي * To what—, کاہے کو - کس لئے * مصرف - نکما * *v. t.* or *i.* To intend ; to mean ; to wish ; to design : ارادہ کرنا - مطلب رکھنا - خواہش کرنا - منصوبہ کرنا

**Purposely,** *ad.* Intentionally on purpose : - ارادتاً - عمداً - دیدہ دانستہ

**Purr,** *n.* See Pur.

**Purse,** *n.* A small bag for money : - تھیلي - کیسہ - بٹوا * ہمیاني * A long—, دولت - روپیہ - بہت * A light—, کم مایہ - غریبي - افلاس * Sword and —, فوج اور روپیہ - تیغ و دیغ * Let your —be your master : جتني چادر دیکھو اتنے پانوں پسارو * Keep your - and your mouth close, تھیلي اور منہ دونو بند رکھو * *v. t.* To put in a purse ; to pucker : - تھیلي میں رکھنا - تہہ کرنا - سکوڑنا

**Purse-pride,** *n.* Pride of money : - روپیہ کا غرور - روپیہ یا پیسہ کا گھمنڈ

**Purser,** *n.* The paymaster of a ship : جہاز کا تحویلدار

**Purslain,** *n.* A succulent potherb : ایک قسم کي سبزي لونیا - خرفہ - قلفا

**Pursuance,** *n.* A following after ; prosecution ; consequence : * پیروي - تعقب - تعمیل - نتیجہ In—of, in execution of : بہ تعمیل

**Pursuant,** *a.* Done in consequence ; conformable : موجب - موافق - مطابق - حسب

**Pursue,** *v. t.* To chase : تعاقب کرنا * To seek ; to prosecute ; to carry on : - تلاش کرنا - درپے ہونا * To follow : پیچھا کرنا * To pursue a sensible course, عاقلانہ طریق اختیار کرنا * How long will you *pursue* such a line of conduct : تم کب تک ایسي چال چلوگے * *Pursue* your studies : کتابوں کے مطالع میں لگے رہو

Syn.—Follow, chase, seek, persist.

**Pursuit,** *n.* The act of following ; course of business or occupation ; prosecution : - تعاقب - شغل - کار و بار - درپے ہونا - پیچھے پڑنا - کوشش - تلاش - تلاش علم * The *pursuit* of knowledge : - تفتیش * Literary—s, اشغال علمي * مشغلہ علم و ہنر

**Pursuivant,** *n.* A state messenger : - شاہي پیغامبر - سفیر

**Pursy,** *a.* Swelled ; fat and short winded : - پھولا ہوا - جسکا دم جلد پھول اٹھے - دم چڑھا - شیر دم

**Purtenance,** *n.* Appurtenance : لوازمہ * The pluck of an animal : حیوان کا پھیپھڑہ جگر اور شش

**Purulence,** *n.* The generation of matter ; pus : پیپ کی پیدایش - ریم - مواد

**Purulent,** *a.* Consisting of matter : پیپہا - ریم سے بھرا ہوا

**Purvey,** *v. t.* or *i.* to provide ; to buy in provisions ; to cater : بہم پہنچانا - رسد خریدنا - کھانیکا سر انجام کرنا

**Purveyance,** *n.* Procurement ; management ; بہم رسانی - انتظام رسد

**Purveyor,** *n.* One who provides victuals ; a caterer : رسد یا خوراک بہم پہنچانیوالا- بھنڈاری - مودی

**Purview,** *n.* The body of a statute ; scope : مضامین آئین - منشا یا اختیار کی حد - وسعت - حد

**Pus,** *n.* The matter of an abscess : ریم - پیپ - مواد

**Push,** *v. t.* or *i.* To impel by pressure ; to butt ; to drive ; to press ; to importune ; to make a thrust : ڈھکیلنا - ٹکر مارنا - گاڑنا - دبانا - تنگ کرنا - پیلنا * **To—on,** to urge forward : آگے بڑھانا-جلدی کرنا * **To—up,** to slide up ; to raise : اُٹھانا * **To—down,** دے مارنا - پٹک دینا * **To—out,** نکال باہر کرنا * *n.* A thrust ; emergency ; an attack ; a vigorous effort : - ہول - بھو نکا - کھونچا - ریل - ضرورت - حملہ - جہد * A pimple : پھنسی

**Pushing,** *a.* Enterprising ; energetic : - الوالعزم - صاحب ہمت - چست و چالاک - کاروبار میں اپنی ہمت سے خوب ترقی کرنے والا

**Pusillanimity** *n.* Cowardice ; timidity : - بزدلی - نامردی

**Syn.—Cowardliness, fear, timidity.**

**Ant.—Bravery, fortitude.**

**Pusillanimous,** *a.* Mean-spirited ; timid ; feeble : نامرد - بے ہمت - ڈرپوک - بزدل - کمزور

**Puss, Pussy,** *n.* A cat ; a hare : بلی - خرگوش

**Pustulate,** *v. i.* To form into blisters : - آبلہ ڈالنا - پھپولا پڑنا

**Pustule,** *n.* A small blister : چھالا - پھپولا

**Put,** *v. t.* To place ; to set ; to offer ; to apply ; to express ; to urge ; to oblige ; to propose : - رکھنا - بیٹھالنا - درخواست کرنا - لگانا - ظاہر کرنا - اُسکانا - تحریک دینا - مجبور کرنا - پیش کرنا * **To—about,** to change the course of : رخ پھیرنا - گھومانا * To cause inconvenience : تکلیف دینا * **To—an end to,** to stop : روکنا - موقوف کرنا * **To—away,** to renounce : ترک کرنا * To divorce : طلاق دینا * **To—back,** to delay ; to hinder : دیر کرنا - روکنا * **To—by,** to save : پس انداز کرنا * **To—down,** to deposit : جمع کرنا * To suppress : مغلوب کرنا - دبانا * To write down : قلمبند کرنا * To degrade : ذلیل کرنا * **To—forth,** to propose : پیش کرنا * To hold out : بڑھانا * To shoot out : خوشہ نکالنا * To exert : کام میں لانا * **To—in,** to insert : داخل کرنا * **To—in mind,** to remind : یاد دلانا * **To—in practice,** کام میں لانا - استعمال کرنا * **To—the case,** حالت فرض کرنا * **To—the hand to,** پکڑنا - مصروف ہونا * **To—this and that together,** نتیجہ نکالنا * **To—to a stand,** روکنا - ٹھہرانا * **To—to rights,** درست یا باتربیت کرنا * **To—up to,** اطلاع دینا * **To—off,** to laid aside : اُتار ڈالنا * To defer or postpone : ملتوی کرنا * To leave the shore : لنگر اُٹھانا * **To—on,** to wear : پہننا * To assume : بناوٹ کرنا * To encourage : آمادہ کرنا * **To—out,** to extinguish : بجھانا * To exert : کام میں لانا * To place at interest : سود پر لگانا * To sprout : خوشہ نکلنا * To publish : شایع کرنا * **To—together,** to unite, to add together : ملانا - جوڑنا * **To—up,** to offer : دینا * To start from a cover : نکل آنا * To raise up : اُٹھانا * To hoard : جمع کرنا * **To—up at,** to take lodgings at : ٹھہرنا - ٹکنا * **To—up with,** to endure patiently : برداشت کرنا - ضبط کرنا * **To—one on a false scent,** to misdirect : بہکانا * **To—one's best leg foremost,** to walk quickly : جلدی جلدی چلنا * **To—one's shoulder to the wheel,** to help another in the doing of a work : سہارا دینا * **To—out of countenance,** to make one abashed : شرمندہ کرنا

**Putative,** *a.* Supposed ; reputed : - قیاسی - فرضی - مشہور

**Putid,** *a.* Mean ; worthless , vile : - حقیر - نکما - کمینہ

**Put-off,** *n.* An evasion ; an excuse : - حیلہ - بہانا - عذر - حیلہ حوالہ

**Putredinous,** *a.* Stinking ; rotten : - گندہ - سڑا - متعفن

**Putrefaction,** *n.* Rottenness : سڑاینڈ - بوسیدگی

**Putrescent,** *a.* Becoming putrid ; growing rotten : بوسیدہ - بدبو دار - بسا ہوا

**Putrefy,** *v. t.* or *i.* To render putrid ; to rot : سڑانا - سڑنا

**Putrid,** *a.* Decomposed ; rotten ; corrupt : اوبسا ہوا - سڑا ہوا - گندہ - فاسد

**Putter-on,** *n.* Instigator : اسکانے والا - فتنہ انگیز

**Putter-out,** *n.* One who puts out money at interest : وہ جو روپیہ سود پر چلاتا ہے - مہاجن

**Puttock,** *n.* The kite : چیل

**Putty,** *n.* A kind of paste or cement used by glaziers : پٹین * *v. t.* To cement with putty : پٹین سے جوڑنا

**Puzzle,** *n.* Perplexity ; a kind of riddle ; an ingenious toy : حیرانی - پریشانی - معما - گورکھ دھندا * **—headed,** having confused ideas : جسکے خیالات ابتر ہوں - پریشان دماغ * *v. t.* To confuse ; to perplex ; to entangle : حیران کرنا - گھبرانا - چرکری بھلا دینا - سراسیمہ کرنا - اولجھانا

**Pygmy,** *n.* A dwarf : بونا

**Pyramid,** *n.* A solid structure standing on a triangular square or polygonal base and ending in a point at the vertex : مینار - مخروطہ مخروطہ

**Pyre,** *n.* A funeral pile : چتا - سوختنی چیز کا انبار

**Pyriform,** *a.* Having the form of a pear : ناشپاتی کی شکل کا

**Pyrogenous,** *a.* Igneous : آتشی - آتش دار

**Pyrology,** *n.* The science of heat : علم حرارت

**Pyromancy,** *n.* Divination by fire : شگون یا فال جو آگ سے لیا جاوے

**Pyrometer,** *n.* An instrument for measuring degrees of heat : پیمانہ حرارت

**Pyrotechnics,** *n.* The art of making fireworks : آتشبازی بنانے کا فن

**Pyrotechnist,** *n.* A manufacturer of fireworks : آتشباز

**Python,** *n.* A genus of long nonvenomous serpents : اجگر

# Q

**Quack,** *v. i.* To cry like a duck : بطخ کی طرح بولنا - * شیخی کرنا - لاف زنی کرنا : * To boast : قاں قاں کرنا * *n.* An empty pretender ; a charlaton ; a mountebank : شیخی باز - لافزن - جھوٹا طبیب - نیم حکیم - بط کی آواز

**Quackery,** *n.* Ignorant pretension to skill in medicine ; imposture : جھوٹی طبابت - فریب - دغابازی - پاکھنڈ - کٹھ بیدی

**Quadragenarian,** *a.* Consisting of 40 ; forty years' old : چالیسہ - چالیس سال کا

**Quadrangle,** *n.* A quadrilateral figure : ذواربعتہ الاضلاع - ذواربعتہ الزاویا - شکل چوگوشہ

**Quadrangular,** *a.* Having four angles : چوگوشیہ - ذواربعتہ الزاویا

**Quadrant,** *n.* The quarter of a circle : ربع دایرہ * The fourth part : چوتھائی * An instrument for measuring altitudes : بلندی ناپنے کا آلہ

**Quadrat,** *n.* A block of type-metal lower than the letters : ایک چوپہل ٹکڑا جو ٹایپ کی خالی جگھہ میں کام آتا ھے

**Quadrate,** *a.* Square ; divisible by four ; suitable : مربع - چار برابر حصوں میں تقسیم ہونے کے لایق - مطابق - موزوں - سجل

**Quadratic,** *a.* Of a square : مربع کا

**Quadrature,** *n.* The act of squaring ; a square : تربیع مربع

**Quadrennial,** *a.* Comprising or occurring once in four years : چوسالہ - چوبرکھی

**Quadrilateral,** *a.* Having four sides and four angles : ذواربعتہ الاضلاع و زاویا - چوگوشیہ

**Quadrille,** *n.* A kind of dance : ایک طرح کا ناچ

**Quadripartite,** *a.* Divided into four parts : چار حصوں میں تقسیم کیا گیا

**Quadruped,** *n.* An animal having four feet : چوپایہ

**Quadruple,** *a.* Four-fold : چارگنا - چہار چند

**Quadruplicate,** *a.* Four-fold : چوگنا - چوچند * *v. t.* To double twice over : چوگنا کرنا - دونے کو دونا کرنا

**Quaff,** *v. t.* or *i.* To drink copiously ; to drink luxuriously : چڑھا جانا - خوب پینا - بکثرت پینا - سڑک جانا

**Quaggy,** *a.* Boggy ; spongy : - دلدلا - دلدلدار سوراخدار

**Quagmire,** *n.* A shaking marsh : دلدل - دهسان

**Quail,** *n.* A bird : بٹیر - اوا * *v. t.* or *i.* To sink ; to lose heart ; to give way ; to shrink : - ڈوبنا ہمت ھارنا - دبانا - جھجھکنا - سمٹنا

**Quaint,** *a.* Odd ; singular ; fanciful ; nice neat : عجیب - انوکھا - نفیس - اچھا - ستھرا

**Quaintness,** *n.* Nicety : لطافت - انوکھاپن - خصوصیت

**Quake,** *v. i.* To shudder ; to shake ; to tremble : کانپنا - هلنا - تھرتھرانا - لرزنا * *n.* A shake ; a shudder : لرزہ - تھرتھراهٹ

**Qualification,** *n.* Legal power or ability : - مجاز * لیاقت - خوبي - وصف - کمالیت - استعداد * Modification ; diminution : ترمیم - تخفیف - کمي

**Qualify,** *v. t.* or *i.* To fit : - موافق یا قابل کرنا سزاوار کرنا - بنانا * To vary ; to limit ; to soften ; to diminish : تبدیل کرنا - محدود کرنا - ملایم کرنا - گھٹانا

**Quality,** *n.* A distinguishing attribute : - خاصیت صفت - گن * A trait ; a character ; rank ; accomplishment ; superior birth ; skill ; profession : خاصہ - ڈھنگ - رتبہ - درجہ - شرافت - هنر - حکمت - پیشہ - صیغہ فن * **The quality,** کے اعلی درجہ لوگ - نجبا - امرا - شرفا - صاحبان والا مرتبت

**Qualm,** *n.* A throe ; nausea ; compunction ; nausea : - مروڑ - ابکائي - خدشہ - مطلي - خلش پشیماني

**Qualmish,** *a.* Sick at the stomach ; squeamish : متلایا ھوا - تنک مزاج

**Quandary,** *n.* A state of perplexity ; doubt : حیراني - شبهہ

**Quantitative,** *a.* Relating to quantity : متعلق بہ مقدار

**Quantity,** *n.* Greatness ; extent ; measure ; bulk ; amount : - عظمت - حد - اندازہ - جسامت مقدار

**Quantum,** *n.* Quantity ; amount : - معتاد - تعداد * —**valebat,** بیچي هوئي چیز کي مالیت کي نالش مقدار

**Quaq,** *v. i.* To quiver ; to throb : دهڑکنا - ہلنا

**Quarantine,** *n.* Inhibition of intercourse with the shore : منسطر یا بندر گاہ تک آمدو رفت کي ممانعت - قرنطینہ - وبائي مرض کے سبب کسي شخص مقام دیهہ وغیرہ کي علحدگي

**Quarrel,** *n.* A brawl ; a wrangle ; a dispute : ان بن - ناچاقي - تنازعہ - تضیہ - جهگڑنا * *v. i.* To dispute violently ; to wrangle ; to cavil ; to antagonize : - جهگڑنا - تضیہ کرنا - نقطہ چیني کرنا خلاف هونا * **To quarrel with one's bread and butter,** اپني روزي کے دشمن هونا - اپني روزي کو خود نقصان پهونچانا

**Quarrelsome,** *a.* Apt to quarrel ; irascible ; petulant : جهگڑالو - غصہور - جهکي - فتنہ باز

**Quarry,** *n.* A place where stones are dug : مقام جہاں سے پتهر کهودا جاے * Game ; a heap of game killed : شکار - صید * *v. t.* To dig stones ; to prey : پتهر کهودنا - شکار کرنا

**Quarryman,** *n.* One who works in a quarry : کان میں کام کرنے والا

**Quart,** *n.* The fourth part of a gallon : چوتهائي گیلن

**Quartan,** *a.* Of the fourth : چوتهیا * Occurring every fourth day : چهار روزہ چوتهیا

**Quartan,** *n.* An ague which occurs every fourth day : بخار - بخار جو چوتهے دن آتا هے

**Quarter,** *n.* A fourth part : پاؤ - چهارم - ربعہ * The fourth part of a hundredweight, *i. e.*, 28lbs : ۲۸ پونڈ کا ایک وزن * A measure of 8 bushels : ۸ بشل کا پیمانہ * One of the four cardinal points : اطراف اربعہ میں سے کوئي ایک * A particular region of a town or city : محلہ * The fourth part of the carcass of a quadruped : کسي ذبح کئے هوے جانور کا چوتهائي ٹکڑا * Mercy shown by a conqueror to the enemy : پناہ - شرن *—pl. Residence : - قیام سکونت * **To keep—,** کسي حد کے اندر رهنا - قابو میں رهنا * **n—,** صلح یا رفاقت سے * دوستانہ طور پر * **To keep fair—,** کسي کا وفادار رهنا * **Close—s,** قول یا روبرو * **Head—,** صدر مقام * **To ask—,** پناہ مانگنا - جان بخشي چاهنا * **To give or show—,** جان بخشي کرنا - جان کي امان دینا

Syn.—District, region, tract.

**Quarter,** *v. t.* or *i.* To divide into four equal parts ; to cut to pieces ; to station soldiers ; to lodge : - چار برابر حصے کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا سپاهیوںکو متعین کرنا - ٹهرانا - ٹکانا

**Quarterage,** *n.* A quarterly allowance : سہ ماهي تنخواہ

**Quarter-day,** *n.* The day when quarterly payment of rent or interest is made : قسط سہ ماهي کا آخر روز

**Quarterdeck,** *n.* The short upper deck : جہاز کي چھوٹي اوپر کي منزل

**Quarterly,** *a.* Recurring every three months : سہ ماہي * *a.* Once in a quarter of the year : تين مہينہ ميں ايک بار * *n.* A periodical published once in a quarter of a year : سہ ماہي رسالہ

**Quartermaster,** *n.* An officer whose duty is to provide quarters, provisions, etc., for the army : افسر فوج جو خيمہ و رسد وغيرہ کا انتظام کرتا ہے

**Quartern,** *n.* A gill ; the fourth of a pint : چوتھائي پنٹ دو چھٹانک - آدھہ پاؤ

**Quarters,** *n. pl.* Military station ; residence : فوجي مقام - سکونت - مسکن - رہنے کي جگہہ * To beat up the—of, مال دينا - حرج کرنا * To come to close—, دست بدست کي لڑائي پڑنا * Winter quarters, موسم سرما کي چھاوني

**Quartette,** *n.* A stanza of four lines : رباعي - قطعہ - چوبولا - چو مصرع

**Quarto,** *n.* A book in which a sheet is folded into four leaves : چو ورقہ

**Quartz,** *n.* Rock crystal : ايک قسم کا پتھر - پتھوري بلوري پتھر

**Quash,** *v. t.* To crush ; to quell ; to extinguish ; to make void ; to annul : توڑنا - دبانا - فرو کرنا - پامال کرنا - منسوخ کرنا - کل عدم کرنا

**Quatern,** } *a.* Consisting of four as quatern
**Quaternary,** } leaves : چوکڑا - چوپتيا

**Quaternion,** *n.* A set or group of four : چار کي صف يا قطار

**Quatrain,** *n.* A stanza of four lines rhyming alternately : رباعي - سورٹھا

**Quaver,** *v. i.* To vibrate ; to shake in vocal utterance : لرزنا - تھرتھرانا - لغزش کرنا * *n.* A rapid vibration : تيز تھرتھراہٹ - لغزش

**Quay,** (*ke*) *n.* A mole ; a wharf : پشتہ - گھاٹ

**Quayage,** *n.* Wharfage : گھاٹ پر جہاز پر اوتراؤي - گھاٹ پر مال اتارنے يا چڑھانيکا محصول

**Queachy,** *a.* Shaking ; moving : ہلتي ہوئي - متحرک - جنبش کرتي ہوئي

**Queasy,** *a.* Stick ; qualmish ; fastidious : جسکا جي متلاتا ہو - متلايا ہوا - متلي لانے والي - مقي - قئي آور - نازک پسند - عالي دماغ

**Queen,** *n.* The consort of a king ; a female monarch : ملکہ - بيگم * شہ A piece in chess : شطرنج کا وزير * Queen dowager, بيوہ بادشاہ بيگم * —mother, ملکہ مادر * —regent, —regnant, ملکہ حکمران - راج راني * —bee, چھتے کي مادين مکھي

**Queer,** *a.* Odd ; singular ; whimsical : عجيب - طرفہ - نادر * A—fish, آدمي جسکي عجيب عادتيں ہوں - عجيب آدمي - طرفہ معجون

**Queerly,** *ad.* Oddly ; singularly : طرفہ طور پر - عجيب طور پر

**Quell,** *v. t.* To subdue ; to crush ; to quiet ; to calm : دبانا - فرو کرنا - مطيع يا پامال کرنا - تشفي کرنا - تسکين دينا

**Quench,** *v. t.* To extinguish ; to slake ; to put out ; to destroy : سرد کرنا - ٹھنڈا کرنا - بجھانا - گل کرنا - برباد کرنا - تلف کرنا

**Quenchless,** *a.* Inextinguishable ; irrepressible : ناقابل ہو - لازوال - امٹ - نہ بجھنے والا

**Querimonious,** *a.* Quarrelsome : complaining : جھگڑالو - شاکي

**Querist,** *n.* One who asks questions : سوال پوچھنے والا - مستفسر

**Quern,** *n.* A stone hand-mill for grinding corn : چکي - جانتا

**Querulous,** *a.* Habitually complaining ; peevish : شاکي - گلہ کرنيکا عادي - تنک مزاج

**Query,** *n.* A question : سوال * The sign of interrogation : علامت سوال * Doubt : شک * *v. t.* or *i.* To make inquiry ; to ask a question ; to doubt : استفسار کرنا - سوال پوچھنا - شک کرنا

**Quest,** *n.* The act of seeking ; search ; request ; desire ; examination : تلاش - جستجو - التجا - درخواست - خواہش - امتحان - تحقيقات

**Question,** *n.* An interrogation : استفہام - سوال * Disquisition : تحقيقات * Doubt ; controversy : شک - شبہہ - مباحثہ * Trial : جھگڑا - تفتيش - آزمايش * Matter to be inquired into : وہ شي جسکي تحقيقات کي جاے - امر مباحثہ طلب - مدعا * Begging the—, assuming something without proof : کسي بات کو بلا ثبوت فرض کر لينا * In—, under discussion : زير مباحثہ * Above mentioned : مذکور بالا * Out of—, undoubtedly : بے شک * Out of the—, not worthy of consideration : ناقابل

* شک کرنا * To call in—, to doubt : لحاظ —of decision, امر تنازع * To call in—, * سوال اشاري * Leading—, جرح کرنا - ھجت لانا Out of the—, خراج از مقدمہ * To beg the —, * استدلال کرنا - دعوی کو فرض ماننا * To obey orders without—, سپاھي کو لازم ھے کہ بلا چون و چرا حکم احکام مانے * v. t. or i To ask a question ; to debate ; to doubt ; to challenge : سوال کرنا - پوچھنا - بحث کرنا - جھگڑا کرنا - شبھہ کرنا - شک کرنا - جرح کرنا - حجت کرنا

**Questionable,** *a.* Doubtful ; uncertain ; disputable ; admitting of being questioned : مشتبہ - مشکوک - بے قابل پرسش - ٹھیک - بحث طلب - سوال طلب

**Syn.**—Disputable, debatable, doubtful.

**Questioner,** *n.* An inquirer : سوال کرنیوالا - مستفسر

**Questionless,** *a.* Doubtless ; certain : بے شک و شبھہ - یقیني - لاریب

**Quib,** *n.* A sarcasm ; a gibe : طنز - طعنہ - تشنہ - ملامت

**Quibble,** *n.* An evasion of the truth ; a prevarication : راستي سے گریز - حیلہ حوالہ - بہانہ - ٹال مٹول * A low conceit : غرور - گھمنڈ * A cavil : عیب * جوئي - حرف گیري * *v. i.* To evade ; to prevaricate ; to pun : بچنا - گریز کرنا - حیلہ حوالہ کرنا - ٹال جانا - مغالطہ دینا - ذومعني کہنا

**Quibbler,** *n.* A punster : لطیفہ گو - جگت باز - سخن ساز

**Quick,** *a.* Alive ; nimble ; prompt ; rapid ; hasty ; sensitive ; pregnant : زندہ - تیز - مستعد - جلد - پھرتیلا - شتاب - ذي حس - باحس - ذي ہوش - حاملہ - باردار *ad.* Nimbly ; soon : تیزي سے - شتابي سے - جلد - بلا توقف *n.* A living animal or plant : زندہ جانور یا درخت * The living flesh ; the sensitive part : جیتا گوشت - جاندار حصہ

**Quicken,** *v. t.* To make alive ; to cheer ; to accelerate ; to refresh : زندہ کرنا - خوش کرنا - تروتازہ کرنا - تیز چلانا - تیز کرنا

**Quicklime,** *n.* Lime unquenched : بري - اھک کاي - چونا - سفیدي

**Quickly,** *ad.* Speedily ; nimbly : جلدي سے - تیزي سے

**Quickness,** *n.* Speed ; celerity ; briskness ; keenness ; acuteness of perception ; pungency of taste : جلدي - تیزي - شتابي - چالاکي - زود - زود فھمي - تیز طبعي - چرپراھٹ - - تلخي - تیزي

**Syn.**—Swiftness, fleetness, rapidity, velocity.

**Ant.**—Slowness.

**Quick-sand,** *n.* Sand sinking under the feet : ریگ روان - چور بالو - دلدل - بجھن - دھسان

**Quickset,** *n.* A living plant set to grow for a hedge : مھندي وغیرہ کي قسم کا درخت جو ٹٹي گھیرنے کے لئے لگایا جاتا ھے

**Quicksighted,** *a.* Acute of perception : تیز نظر - تیز نگاہ

**Quicksilver,** *n.* Mercury : پارہ - سیماب

**Quick-witted,** *a.* Of ready wit : حاضر جواب - زیرک - تیز فہم

**Quiddle,** *v. i.* To waste time in trifling employments : لھو لعاب میں وقت ضایع کرنا - تضیع اوقات کرنا

**Quiescence,** *n.* Rest ; repose ; silence : سکون - آرام - راحت - چین - اسایش - خاموشي

**Quiescent,** *a.* Calm ; unruffled ; silent : مطمین - ساکت - استھر - غیر متحرک

**Quiet,** *a.* Still ; free from alarm or disturbance ; calm ; smooth ; peaceable ; retired : ساکت - بے شور وفساد - باقرار - خاموش - ھموار - صلح پسند - گوشہ نشین * *n.* Repose ; security ; tranquillity : آرام - آسایش - قرار * *v. t.* To still ; to pacify ; to allay : تسکین دینا - فرو کرنا - دھیرج دینا

**Quietism,** *n.* Tranquillity of mind : اطمینان - دھیرج

**Quietly,** *ad.* Peaceably ; patiently : چپکے سے - صبر سے

**Quietness,** *n.* Stillness ; tranquillity ; silence : سکوت - آرام - چین خاموشي - چپ

**Quietude,** *n.* Rest ; tranquillity : آرام - قرار - تسکین

**Quietus,** *n.* Rest : آسودگي - آرام * Death : * موت A final settlement : آخري تصفیہ

**Quill,** *n.* A large strong feather ; a pen : بڑا مضبوط پر - پر کا قلم * A—driver, صاحب قلم - منشي - بابو * To arry a good—, *خوش خط لکھنا *v. i.* To plait ; to wind on a quill : موڑنا - پر پر لپیٹنا

**Quilt,** *n.* A thick cover for a bed : توشک - گدا - رضائي * *v. t.* To stitch one cloth upon another : ایک کپڑے پر دوسرا کپڑا سینا - توشک بنانا - رضائي بنانا

**Quinary,** *a.* Consisting of five; arranged by fives : پانچ کا پھورترا

**Quince,** *n.* A tree and its fruit : ایک قسم کا درخت اور اوسکا پھل - بہي

**Quinine,** *n.* An alkaloid obtained from trees of the genus : کونین

**Quinquangular,** *a.* Having five angles or corners : پنج گوشہ - مخمس

**Quinquennial,** *a.* Happening every five years : پنج سالہ

**Quinsy,** *n.* An inflammation of the tonsils : خناق - گلے کي گلٹھي کا پھولنا - کنٹھ مالا

**Quintain,** *n.* A figure or object to be tilted at : نیزہ بازي کا نشانہ

**Quintal,** *n.* A weight of hundred pounds : سو پونڈ کا وزن

**Quintan,** *n.* A fever occurring every fifth day : بخار جو ہر پانچویں روز آوے

**Quintessence,** *n.* (L. quintaessentia, the fifth essence) the highest essence; concentrated extract : اعلي جوھر - ست - ھیرا - لب لباب

**Quintuple,** *a.* Fivefold : پانچ پرت - پنج گنا *v. t.* To multiply by five; to make fivefold : پانچ سے ضرب دینا - پنج گنا کرنا

**Quip,** *n.* A sarcasm; a jibe; a jeer : - طعن - طعنہ - طنز *v. t.* or *i.* To sneer at; to scoff; to jibe : بولي مارنا - طعن کرنا - طنز کرنا - تمسخر کرنا

**Quire,** *n.* A body of singers : * گانیوالونکا طایفہ · 24 sheets of paper : کاغذ کا دستہ - ۲۴ تختے

**Quirk,** *n.* An artful subterfuge; a shift; a quip; smart taunt : - جگت - حیلہ - ٹالا بٹالا - رمز - آوازہ - طعن

**Quit,** *v. t.* To absolve; to abandon; to forsake; to repay; to perform : رھا کرنا - آزاد کرنا - چھوڑ * دینا - ترک کرنا - ادا کرنا - انصرام دینا - بجا لانا
To quit cost, لاگت یا مول دینا * To— scores, حساب بے باق کرنا - چکتا کرنا * To be— with برابر ھونا

Syn.—Leave, relinquish, resign, surrender.

Ant. Occupy, seek.

**Quit,** Absolved; free; clear : - بري - آزاد مبرا - پاک

**Quitclaim,** *n.* Relinquishment of a claim : a deed of release : باز دعوي - دعوي چھوڑ دینے کي دستاویز

**Quite** *ad.* wholly; perfectly : - بالکل - تمام - پورا سراسر

**Quit-rent,** *n.* A small reserved rent : - لگان مقررہ مقررہ خراج

**Quits,** *ad.* Square; on equal terms : - تصفیہ چکتا - انفصال

**Quittance,** *n.* Discharge from a debt or obligation; recompense : باز دعوي - چھٹکارا - فارغخطي عوض - معاوضہ - اجر

**Quiver,** *n.* A sheath for arrows : ترکش * A shiver : لرزہ * *v. t.* To shake; to shiver; to be agitated : ھلنا - کانپنا - تھرتھرانا - ھیرا جانا

**Quixotic,** *a.* Aiming at an impossible ideal, Romantic; absurd : ناممکن خیال کو پورا کرنے کے درپے - منصوبہ باز خیالي - عجیب - بے سروپا

**Quixotism,** *n.* Romantic and absurd notions; visionary schemes : عجیب خیالات - خیالي پلاؤ

**Quiz,** *n.* A riddle, a jest; an odd fellow : * چیستان پہیلي - معمہ - لطیفہ - ھزل - عجیب شخص *v. t.* To puzzle; to banter; to hoax; to spy or peer into : گھبرانا - چھیڑنا - ھنسي کرنا - تہیرا کرنا جھانکنا یا تاکنا

**Quizzical,** *a.* Comical : - خندہ آور - خوش کرنیوالا دللگي باز

**Quodlibet,** *n.* A nice point; a subtility : باریک بات - دقیقہ - رمز

**Quoif,** *n.* A cap or hood : برقع - ٹوپي

**Quoin,** *n.* A wedge; an external angle : - کونہ گوشہ بیروني

**Quoit** (*koit*), *n.* A circular iron ring to be pitched at a mark : لوھے چکر جو نشانہ مارنیکے لئے دور پھینکا جاتا ھے * *v. t.* To throw or play at quoits : چکر میں نشانہ مارنا

**Quondam,** *a.* Former : سابقہ - پیشینہ - آگے کا

**Quorum,** *n.* A bench of justices; a number for transacting business : اجلاس عدالت - اتنے اشخاص جو اجراے کار کے لئے کافي ھوں

**Quota,** *n.* A proportional share; a part assigned to each : حصہ رسدي - حصہ - بخرا

**Quotation,** *n.* The passage cited : عبارت جسکا حوالہ دیا جاوے * The price of an article named or specified : حوالہ - کسي خاص شے کي نرخ - مول

**Quote,** *v. t.* To cite : حوالہ دینا * To name the current price of : نرخ بتانا - دام بتلانا

**Quoth,** *v. i.* Said ; spoke : کہا

**Quotidian,** *a.* Daily ; occurring every day : روزمرہ - روزانہ - همیشہ - هرروزي * *n.* A fever which returns every day : روزانہ تپ

**Quotient,** *n.* The number resulting from the division of one number by another : حاصل قسمت - خارج قسمت - لبدہ

# R

**Rabbet,** *n.* Groove in the edge of a board : چول - چھري - چول کا سوراخ - سال - جوڑ کي جھري - درز - پتیام

**Rabbi,** *n.* A Jewish teacher or doctor of the law ; a chief : پیر یہود - یہودي قانون داں سردار

**Rabbit,** *n.* A well-known animal of the hare kind : خرگوش - کھرھا

**Rabble,** *n.* A noisy crowd ; a mob : گنواروں یا رذیلونکي بھیڑ - اژدهام - هجوم - تیلي تنبولي - رمدو بھٹو - دھنئے جولاھے - عوام - چھوٹي قوم

**Rabid,** *a.* Furious ; mad : غضب ناک - دیوانہ - باولا - پاگل - سودائي - غضب ناک

**Rabidness,** *n.* Furiousness ; madness : غضب ناکي - دیوانگي - باولا پن

**Race,** *n.* A rapid course ; a running ; a contest in running ; progress : تیز رفتار - دوڑ - شرط بدي دوڑ - ترقي * Family ; a breed ; a root ; flavour : خاندان - نسل - پیڑھي - جماعت - جڑ - اصل - بنیاد - مزہ - ذایقہ * Course of life : دور زندگي - اوش - رفتار

**Race,** *v. i.* To run swiftly ; to contend in running : جلد دوڑنا - شرط بدکر دوڑنا

**Race-ginger,** *n.* Ginger in the root : سونٹھ - ادرک

**Race-ground,** *n.* A place set apart for racing : گھوڑ دوڑ کا میدان - چوگان

**Race-horse,** *n.* A horse bred for running : گھوڑ دوڑ کا گھوڑا

**Raceme,** *n.* A cluster ; a bunch : جھونپ - گچھا - خوشہ

**Racer,** *n.* A race-horse : گھوڑ دوڑ کا گھوڑا

**Racial,** *a.* Pertaining to lineage or breed : نسل یا خاندان کے متعلق

**Raciness,** *n.* Peculiar and piquant flavour : عجیب تیز مزہ خاص طرحکي نمکیني یا لطف

**Rack,** *n.* An engine of torture : شکنجہ * Anguish : سیاست * A grate : آتش دان * A wooden frame for hay : جانورونکو گھاس کھلانیکا اوڑا * Flying, broken clouds : اوڑتا ہوا بادل * A frame work on which articles are arranged : کپڑا رکھنے کي کھونٹي - کھونٹي * Rack and rum, تہس نہس * To go to—, غارت یا برباد ہونا * To put to rack ستانا - دکھ دینا

**Rack,** *v. t.* To stretch unduly ; to twist ; to torture ; to heighten : حد سے زیادہ تاننا - نچوڑنا - مروڑنا - تکلیف دینا - عذاب دینا - بڑھانا

**Racket,** *n.* Noisy talk ; din ; شور غل غپاڑا * A bat used in tennis : ٹینس کھیلنے کا ڈنڈا

**Rack-rent,** *n.* An annual rent raised to the utmost : سالانا کرایہ انتہا درجہ کا - سخت لگان

**Racy,** *a.* Strong ; rich ; piquant ; spirited : تیز مصالحدار - مزہدار - شوخ - زندہ دل

Syn. Spicy, spirited, lively, smart.

Ant. Cold, dull, insipid, stupid.

**Raddle,** *n.* A hedge : ٹٹي * A weaver's tool : جولاھیکا اوزار * *v. t.* To twist together ; to interweave : ملاکر بٹنا - بٹنا - گوندھنا - بننا

**Radiance,** *n.* Brilliancy ; brightness : چمک - آفتاب - اُجالا - روشني - تجلي

Syn.—Lustre, brilliancy, splendour, glare.

Ant.—Dimness, dulness, opaque, obscurity, shade.

**Radiant,** *a.* Giving out rays ; shining ; sparkling : نور افشاں - چمکدار - روشن - چمکیلا - منور - نوراني - متجلي

**Radiate,** *v. t.* or *i.* To emit beams ; to issue in a direct line from a point : پرتو ڈالنا - نور افشاں ہونا - چمکنا - تاباں ہونا - درخشاں ہونا - شعاع کا سیدھے خط میں انعکاس کرنا

**Radiation**, *n.* Emission of rays ; beamy brightness : نور افشاني - منور تجلي - چارہ - انعکاس - شعاع ريزي - اخراج و افشاني

**Radiator**, *n.* A body from which rays proceed : جسم جس سے شعاع یا کرن نکلیں

**Radical**, *a.* Original ; fundamental ; thorough going : پورا - اصلي - ذاتي - بنيادي * Innate ; primitive : جبلي - طبعي - قديمي - ابتدائي * —heat, حرارت غريزي - اصلي گرمي * —moisture, رطوبت اصلي * —sign, علامت جزر * *n.* A primitive word : اصلي لفظ - مادہ - دھاتو * A democrat : جمہوري حکومت کا طرفدار - حامي آزادي

**Radically**, *ad.* Originally ; fundamentally ; essentially : بالاصل - بالذات - ضرورتا - في الحقيقت

**Radication**, *n.* The act of taking root : جڑ پکڑنا - مضبوطي - استحکام

**Radicle**, *n.* That part of the seed of a plant which becomes a root : بيج کا وہ حصہ جو جڑ ہو جاتا ہے - انکور

**Radish**, *n.* An annual plant : مولي - ترب

**Radius**, *n.* The semi-diameter of a circle : نصف قطر - اردہ بياس

**Radix**, *n.* A primitive word ; the root : اصل لفظ - مادہ - جڑ - بيخ

**Raff**, *n.* A jumble : خلط - ملط * Refuse : کوڑا - آخور * The scum of society ; the rabble : چھوٹے لوگ - عوام * *v. t.* To sweep : بہارنا - جھاڑنا * The rob : چھین لینا - چوري کرنا

**Raffle**, *v. t.* or *i.* To dispose of by means of a raffle ; to engage in a raffle : چٹھي چھوڑنا - قرعہ اندازي کرنا - پاسہ پھینکنے میں شریک ہونا * *n.* A petty kind of lottery : چٹھي - لاٹري - جوا - قرعہ اندازي

**Raft**, *n.* A float of logs : لٹھوں کا بیڑا - کڑیوں کا بیڑا * *v. t.* To carry on or in a raft : بیڑے پر لیجانا

**Rafter**, *n.* A roof-timber : کڑي - دھني - ترک

**Rag**, *n.* A torn piece of cloth ; a shred ; a fragment : چیتھڑا - گودڑ - لتا - ٹکڑا

**Ragamuffin**, *n.* A paltry fellow ; a blackguard : گدڑیا - پاجي آدمي - چیتھڑیا پیر

**Rage**, *n.* Furry ; vehemence ; extreme violence ; violent desire : غضب - خشم - تیزي - شدت - تندي - جذبہ - شوق * To vent one's—on a person, بخار نکالنا - غصہ اتارنا

Syn.—Anger, vehemence, excitement.

Ant.—Softness, mildness, patience.

**Rage**, *v. i.* To be furious with anger : جھنجھلانا - غصہ میں ہونا * To ravage : غارت کرنا * To prevail with fatal effect, as an epidemic : بشدت پھیلنا - برپا ہونا - عالمگیر ہونا

**Ragged**, *a.* Tattered ; uneven ; jagged ; dressed in rags : پھٹا پرانا - ناھموار - کھردرا - دندانا دار - چیتھڑے پہنے ہوئے - پر نشیب و فراز * —voice, پھٹي آواز

**Raging**, *a.* Furious ; violent : تند - قہر ناک - شدید

**Ragout**, *n.* A highly seasoned dish of meat and herbs ; a stew : مسالحہدار گوشت اور ترکاري - قورمہ - نیم پخت گوشت

**Raid**, *n.* A hostile incursion ; a foray : یورش - چڑھائي - حملہ - دھاوا

**Rail**, *n.* A bar of wood or metal : لکڑي یا لوہے کي پٹري یا چھڑ * Railway : ریل کي سڑک * *v. t.* To inclose with rails ; to send by rail : کٹھرا لگانا * لوہے کي سڑک کے ذریعہ سے روانہ کرنا * *v. t.* To travel on a railway : سڑک آھني یا ریل پر سفر کرنا * *v. i.* To utter reproaches ; to scold : ملامت کرنا - گالي گلوچ کرنا * To—at one another, جھڑکنا

**Railing**, *n.* A fence ; a series of rails : کٹھرا - پٹریاں * Insulting and reproachful language : دشنام - طعنہ - گالي

**Raillery**, *n.* Banter ; jesting language : تشنیع - ھزل - دل لگي - مذاق - تمسخر - عجو ملیح - ظرافت

**Railway**, *n.* A road on which bars of iron are laid for wheels to run on : سڑک جسپر لوہے کي پٹریاں بچھي ھوں - ریل

**Raiment**, *n.* Clothing in general vestments : کپڑا - پوشاک - جامہ - لباس

**Rain**, *n.* Water falling in drops : برکھا - مینھہ - مہسلادھار * To—cats and dogs, بارش - باران - برسنا - بڑي شدت سے برسنا * *v. t.* or *i.* To pour or fall in drops : بارش ہونا - مینھہ پڑنا - برسنا - ترشح ہونا

**Rainbow**, *n.* A many coloured bow or arch formed by the refraction and reflection of rays of light from drops of rain : قوس قزح - دھنش

**Rainfall,** *n.* The water that falls in rains : برسات کا پاني - مينهہ کا پاني - بارش

**Rain-guage,** *n.* An instrument for measuring the rain fall : برسات کا پاني ناپنے کا آلہ - مقياس بارش

**Rainy,** *a.* Abounding with rain ; wet : - برساتي * A—day, (Fig.), Evil times : گاڑھے دن

**Raise,** *v. t.* To lift upward : اُوپر اُٹھانا - اُونچا کرنا * To exalt : ترقي دينا - سرفراز کرنا * To increase : - بڑھانا - زيادہ کرنا * To excite : - برانگيختہ کرنا - بھڑکانا * To recall from death : مردہ کو جلانا * To set upright ; to erect : برپا کرنا - کھڑا کرنا * To levy : تحصيل کرنا * To breed ; to grow ; to swell ; to heave - پيدا کرنا - جمنا - اونا - اوپجنا - پھولنا * To cause to grow : اوگانا - بونا - اوپجانا - پھيلانا * To bring into being : - ہستي ميں لانا - وجود دينا * To give rise to : - پھيلانا - عام کرنا - مشتہر کرنا * اڑانا - شور و غل مچانا - اٹھانا * **To—a blockade or a siege,** to terminate operations : حملہ يا محاصرہ ختم کرنا * **To—a false report,** جھوٹي خبر اڑانا * **To—the wind,** - ہوا بندھنا ساکھہ جمانا - اودھار لينا

**Syn.**– Lift, elevate, erect, originate.

**Ant.**– Cast, lower, reduce.

**Raisin,** *n.* A dried grape : - خشک انگور - منقي کشمش - داکھہ - آب جوش - مويز

**Rajah,** *n.* A native prince : راجہ

**Sovereign** (*Pr. Suv'er-en*), *a.* Supreme in power ; chief ; predominant : اعلی - عظیم مطلق - بالاتر - برترین

**Sovereign,** *n.* A supreme ruler : فرمانروا - بادشاہ * A gold coin of England equal to 20s. : پاونڈ - انگلینڈ کا سونے کا سکہ برابر ۲۰ شلنگ کے

**Sovereignty,** *n.* Supremacy ; dominion : نوبت سروري - بادشاهت - شهنشاهي - فرمانروائي - عمل - قلمرو - راج

Syn.—Kingdom, empire, dominion.

**Sow,** *n.* A female swine : سوري - مادہ خوک * *v. t.* or *i.* To scatter as seed for growth ; to spread : تخم ریزي کرنا - بونا - پهیلانا * To—dissension, فساد کا بیج بونا

**Spa,** *n.* A spring of mineral water : فلز آمیز پانیکا چشمہ

**Space,** *n.* Distance ; room ; interval : فاصلہ - جگهہ - کشادگي - گنجایش - وقفہ - اثناے - عرصہ - فاصلہ * *v. t.* To arrange intervals between : برابر فاصلہ پر لگانا

**Spacious,** *a.* Extensive ; ample ; wide : کشادہ - فراخ - وسیع - چوڑا

Syn.—Ample, capacious.
Ant.—Limited, restricted.

**Spade,** *n.* A shovel for digging : بیلچہ - کدال - پهوڑا * A suit of cards : اینٹ کا رنگ * To call a—a—, to call things by their proper names : چیزوں کا ٹهیک ٹهیک نام لینا * *v. t.* To dig with a spade : پهاوڑے سے کهودنا

**Span,** *n.* Nine inches : ۹ انچ * The space from the end of the thumb to the end of the little finger when extended : بالشت * Spread of an arch : محراب کي چوڑائي * Any short duration : وقفہ - تهوڑا عرصہ

**Span,** *v. t.* To measure with span ; to arch over : بالشت سے ناپنا - محراب لگانا

**Spangle,** *n.* Anything sparkling and shining : چمکتي هوئي چیز - ستارہ * *v.* To set with stars to glitter : ستارے جڑنا - جهمچهانا

**Spaniel,** *n.* A sporting dog : شکاري کتا * A fawning person : خوشامدي شخص * *a.* Fawning : چاپلوس - خوشامدي

**Spanish,** *n.* The language of Spain : اسپین کي زبان * *a* Relating to Spain : اسپین کے متعلق

**Spank,** *v. t.* To strike with the open hand : کهلے هوئے هاتهہ سے مارنا - طمانچہ مارنا

**Span-new,** *adj.* Brand-new ; quite new : بالکل نیا - کورا - تهہ درز

**Spar,** *n.* A long piece of timber : دهني * A mast : مستول * Bar of a gate : بینڈا * *v. i.* To fight with fists ; to box : گهونسہ بازي کرنا - لڑنا - مکے چلانا

**Spare,** *v.t.* or *i.* To save ; to withhold ; to give up ; to treat ; to be frugal : بچانا - باز رهنا - چهوڑنا - جزرسي سے خرچ کرنا - بچانا - دقت کرنا - کفایت کرنا - دے سکنا - قرض دے سکنا * To—the rod, چهڑي کو کام میں نہ لانا - ضرورت پر سزا نہ دینا * *a.* Frugal ; scanty ; lean : جزرس - قلیل - دبلا

**Sparing,** *a.* Thrifty : کفایت شعار

**Sparingly,** *adv.* Frugally ; not lavishly : کفایت سے فضول خرچي کے ساتهہ نهیں

**Spark,** *n.* A particle of fire : چنگاري * A gay man ; a lover : چهیلا - عاشق - یار - عاشق تن - چهیل چهبیلا

**Sparkle,** *n.* A little spark ; lustre : نور - چنگاري - چمک * *v. i.* To emit sparks ; to glitter : چنگاري چهوڑنا - چمکنا

**Sparkling,** *a.* Emitting sparks ; lively ; shining :- نور افشان - چنگیاں چهوڑنے والا - شرر افشاں - خوش - فرح افزا - چمکتا هوا - جهلکتا هوا

**Sparrow,** *n.* A small familiar bird : گوریا - کنجشک

**Sparse,** *a.* Thin ; scattered : پهیلا هوا - تتر بتر

**Spartan,** *a.* Pertaining to Sparta : اسپارٹا کے متعلق * Hardy ; brave : قوي - سخت - دلیر

**Spasm,** *n.* An involuntary contraction of muscles ; a sudden fit or effort : تشنج - مروڑ - اینٹهن

**Spasmodic,** *a.* Conclusive ; اینٹهن کا - تشنجي

**Spatter,** *v. t.* To sprinkle with water, mud, etc : پاني کیچڑ وغیرہ ڈالنا * To defame ; to soil : بدنام کرنا - عیب لگانا

**Spavin,** *n.* A disease in horses : متا - هڈا - گهوڑوں کي بیماري

**Spawn,** *n.* The eggs of fishes or of frogs : مچهلي یا مینڈک کے انڈے

**Spawner,** *n.* A female fish : مادہ مچهلي

**Spay,** *v. t.* To castrate as a female beast : مادہ کو خصي کرنا

**Speak,** *v. t.* or *i.* To talk ; to say ; to utter words ; to pronounce ; to converse : بولنا - کهنا

کلام کرنا - تلفظ کرنا - بات چیت کرنا * **To—for,** to argue in favour of : موافق بحث کرنا - طرفداري کرنا * **To—out,** to speak louder : زور سے بولنا - کھل اُٹھنا * To speak unreservedly : سفارش کرنا * صاف صاف کھدینا * **To—up** to express one's thoughts freely : صاف صاف یا کھول کر کھدینا * **To—well for,** to be a favourable indication of : اچھي علامت هونا - دلیل هونا * **Speak when you are spoken to, come when you are called,** بوچھیں جب بولئے بلاویں جب جایئے * **To—one fair,** کسي کا ذکر خیر کرنا * **To—comfort,** تسلي دینا * **To—daggers,** برق دلدوز باتیں سنانا

**Speaker,** *n.* One who speaks : بولنے والا - متکلم

**Spear,** *n.* A long pointed weapon ; a lance : بھالا - برچھي - نیزہ * *v. t.* To kill with a spear : بھالا مارنا - نیزہ سے مار ڈالنا

**Spearman,** *n.* One armed with spear : بلم بردار - نیزہ بردار

**Special,** *a.* Particular ; uncommon ; appropriate : خاص - عجیب - مخصوص

**Speciality,** *n.* A particular case : خصوصیت - تخصیص

**Specially,** *ad.* Particularly ; chiefly : خصوصاً - خاصکر

**Speciality,** *n.* Particularity : خصوصیت - خاصة مواخذۂ خاص (*Law*).

**Specie,** *n.* Coined money : روکڑ - نقد - زرنقد سکہ

**Species,** *n.* Kind ; sort ; class : نوع - قسم - جنس - ذات - درجہ

**Specific,** *a.* Distinguishing one from another ; particular ; definite : ذاتي - قسمي - خاص - مخصوص * (*Med.*) خاص مرض کي * *n.* An efficacious medicine : مخصوص دوا - تیر بہدف لگنا - حکمي دوا

**Specification,** *n.* Act of specifying ; thing specified : تخصیص - تفصیل - تصریح - تشخیص

**Specify,** *v. t.* To mention particularly : خصوصیت کرنا - تصریح کرنا - بیان کرنا - تفصیل وار کہنا

**Specimen,** *n.* Sample ; pattern : مثال - نمونہ - بانگي

**Specious,** *a.* Obvious ; showy ; pleasing ; colourable ; plausible : ظاهري - خوشنما - نمایشي - دھوکے کا - ملبوس

**Speck,** *n.* A small stain ; a spot : داغ - دھبہ * *v. t.* To spot : داغي کرنا - دھبہ ڈالنا - چتي دار کرنا

**Speckle,** *n.* A small speck : چتي - داغ * *v. t.* To mark with small spots : داغدار کرنا - چتي ڈالنا

**Spectacle,** *n.* A show ; a public exhibition : نمایش - تماشہ - سوانگ * *n. pl.* An optical instrument to assist the sight : عینک - چشمہ

**Spectator,** *n.* A looker on ; a beholder :- دیکھنے والا - تماشائي

**Spectral,** *a.* Pertaining to a spectre ; ghostly : آسیب سے تعلق رکھنے والا - آسیبي

**Spectre,** *n.* An apparition ; a ghost : سایہ - بھوت - پریت - آسیب

**Spectrum,** *n.* A visible form ; an image presented to the eyes after removing them from a bright or coloured object : صورت جو آنکھوں کو روشني سے پھیرنے کے بعد نظر آئے

**Speculate,** *v. i.* To meditate : خیال کرنا - تصور کرنا * To purchase in expectation of a rise in value : اُمید پر سوداگري کرنا

**Speculation,** *n.* The act of speculating ; mental view : خیال - تصور - منصوبہ * A mercantile transaction : تجارت بہ اُمید منفعت

**Syn.**—Contemplation, theory, scheme, conjecture.

**Ant.**—Fact, proof, truth.

**Speculative,** *a.* Contemplative ; theoretical : متفکر - خیالي - غیر مصدق - غیر متحقق

**Speculum,** *n.* A mirror or looking-glass ; a reflector of polished metal : آئنہ - درپن

**Speech,** *n.* A particular language : بولي * A formal discourse ; oration : تقریر - کلام - بیان - وعظ * بولچال - گفتگو **Speech is the picture of the mind,** کلام دل کي تصویر ہے

**Speechless,** *a.* Deprived of speech ; mute : بے سخن - بے زبان - گونگا

**Speed,** *n.* Quickness ; haste ; despatch : تیزي - جلدي - پھرتي * *v. t.* or *i.* To hasten ; to prosper ; to despatch ; to aid : جلدي کرنا - سرسبز کرنا - جلد بھیجدینا - مدد کرنا

**Speedy,** *a.* Quick ; swift ; nimble : تیز - پھرتیلا - چالاک چنچل

**Spell,** *n.* A story or tale : قصہ افسانہ * A charm : سحر - جادو * A brief period : عرصۂ قلیل * A change of work : کام کی باری - بدلی * *v. t.* or *i.* To tell or name the letters of : ھجے کرنا * To take a turn at work : باری سے کام کرنا * To charm : سحر کرنا - جادو کرنا - ٹونا کرنا

**Spell-bound,** *a.* Bound as by a spell : جادو سے بندھا ھوا

**Spelling,** *n.* Act of naming the letters of a word : ھجے

**Spelt,** *n.* A species of wheat cultivated in Germany : ایک قسم کا جرمنی کا اناج - پمن یا کٹھیا گیہوں

**Spelter,** *n.* Zinc : غیر خالص جست

**Spence,** *n.* The place where provisions are kept : غلہ خانہ - نعمت خانہ - بھنڈار

**Spencer,** *n.* A kind of short coat worn by females : صدری - فتوحی

**Spend,** *v. t* or *i.* To lay out ; to consume ; to waste ; to expend : خرچ کرنا - صرف کرنا - تلف کرنا * اڑا دینا - خرچ کر ڈالنا * Spend not where you may save, spare not where you must spend, اتھاو نہیں جہاں بچا سکو جہاں اٹھانا چاھئے وھاں بچاو مت

**Spendthrift,** *n.* A prodigal : فضول خرچ - اڑاؤ - مصرف

**Sperm,** *n.* Animal seed : منی - نطفہ - دھات - بیج * Spawn of fishes or frogs ; spermaceti : مچھلی یا مینڈکوں کے انڈے - دریائی جنور کے سر کا تیل

**Spermaceti,** *n.* A fatty substance obtained from the head of whales : دریائی مچھلی کے سر کا تیل

**Spew,** *v. t.* To vomit ; to eject : قے کرنا - رد کرنا

**Sphere,** *n.* A globe ; an orb ; circuit ; province ; post : کرہ - گولا - قبہ - دائرہ - صوبہ - جگہہ

**Spherical,** *a.* Globular ; round : کروی - گول - مدور

**Sphericity,** *n.* Roundness : globosity : گولائی - مدوریت

**Sphereoid,** *n.* A body nearly resembling a sphere : شکل تقریبا مدور

**Spherule,** *n.* A little sphere or globe : چھوٹا کرہ - چھوٹی گولی

**Sphinx,** *n.* A fabulous monster with the body of a lion and the face of a virgin : ایک خیالی جانور جسکا بدن مثل شیر کے اور چہرہ مثل عورت کے ھے

**Spice,** *n.* An aromatic substance ; a sample : مصالحہ - نمونہ *v. i.* To season with spice : مصالحہ دار کرنا

**Spicery,** *n.* Spices collectively : گرم مصالح - کرانہ

**Spicule,** *n.* A small spike : کیل

**Spicy,** *a.* Abounding with spices ; fragrant ; pungent ; showy : مصالحہ دار - خوشبودار - تیز - نمایشی

**Spider,** *n.* A web-spinning insect : عنکبوت - مکڑی

**Spike,** *n.* An ear of corn or grain : خوشہ - بال * A large nail : میخ - کیلا

**Spike,** *v. t.* To fasten with a spike : میخ ٹھونکنا - جڑنا

**Spikenard,** *n.* A highly aromatic plant : جٹاماسی

**Spiky,** *a.* Having a sharp point or points : نوکیلا - نوکدار

**Spile,** *n.* A small peg or wooden pin : لکڑی کی کھونٹی

**Spill,** *v. t.* or *i.* To suffer to fall or run out of a vessel ; to shed ; to be shed ; to run over : گرا دینا یا چھلکانا - ڈھلکانا - ڈھلنا - چھلکنا - بہنا

**Spin,** *v. t.* or *i.* To draw out and twist into threads ; to twirl : کاتنا - گھومانا یا گھومنا * To —a yarn, to tell a long story : لنبی کہانی کہنا - کتھا کہنا - لمبی چوڑی ھانکنا

**Spinage,** *n.* A garden plant : ایک قسم کی نبات - پالک

**Spinal,** *a.* Belonging to the back bone : ریڑھ کا

**Spindle,** *n.* The pin used in spinning : تکلا * The fusee of a watch : گھڑی کا ایک پرزہ

**Spine,** *n.* The back bone ; a large thorn : صلب - ریڑھ - خار - سول

**Spiniferous** *a.* Thorny : کٹیلا - خار دار

**Spinner,** *n.* One who spins ; a spider : کاتنے والا - مکڑی

**Spinous,** *a.* Full of thorns; thorny: کنٹیلا - خار دار

**Spinster,** *n.* A woman who spins: کاتنے والي عورت * An unmarried woman: دوشیزه

**Spiny,** *a.* Thorny: خار دار - کنٹیلا * Perplexed: پریشان

**Spiracle,** *n.* A breathing-hole; a small aperture: دم لینیکا سوراخ - سوراخ

**Spiral,** *a.* Winding like a screw: پیچواں - پیچدار

**Spire,** *n.* A winding line like the threads of a screw; a curl; a twist: لپیٹ - پیچ * A steeple: مینار * A blade of grass: گھاس کا پتا

**Spirit,** *n.* Breath; the soul: دم - جان - روح * A ghost: آسیب - بھوت * Animation: جان * Vivacity: زندہ دلي * Enthusiasm; courage: جوش - سرگرمي - دلیري * Good humour: مزاج - طبیعت * The essential part of anything; essence: جوہر - ست - عطر * Real meaning: اصل معني * A distilled liquor: شراب - عرق
To pluck up spirits, همت باندھنا - ڈھارس باندھنا * To lose -, همت هارنا

Syn. 1. Apparition, phantom, spectre.
2. Liviliness, warmth, glow.
3. Earnestness, ardour, enthusiasm, zeal.

——, *v. t.* To animate; to excite; to encourage: همت بڑھانا - جرات دینا * To kidnap: پھسلانا

**Spiritual,** *a.* Not material; incorporeal; mental; religious; pertaining to the moral feelings: روحاني - غیر جسماني - نفساني - اندروني - باطني - دیني - مذهبي - پاک صاف

**Spiritualism,** *n.* Spiritual character: روحاني خاصیت * The doctrine of the existence of spirit distinct from matter: یہہ اصول کہ روح کا وجود مادي اشیاء سے علیحدہ هے * Belief that deceased persons can be communicated with a spiritual medium: روحاني ذریعہ سے مردوں سے بات چیت کرسکنے کا عقیدہ

**Spirituality,** *n.* An ecclesiastical body: دیني جماعت

**Spiritualize,** *v. t.* To render spiritual: روحاني بنانا - لطیف کرنا

**Spirt,** *v.t.* To throw out in a stream: فوارہ نکالنا - پھوهار نکالنا - کلي کرنا * *n.* Sudden ejection: پھوهار

**Spiry,** *a.* Spiral; pyramidal: پیچدار - بشکل مینار

**Spissated,** *a.* Thickened: موٹا - گاڑھا

**Spissitude,** *n.* Thickness of soft substances: گاڑھا پن

**Spit,** *n.* A pointed iron prong or bar on which meatis roasted: سیخ - سیخچہ * Saliva: تھوک * *v. t.* or *i.* To put upon a spit: سیخ میں گودنا * To throw out saliva from the mouth: تھوکنا

**Spite,** *n.* Malice; rancour; hatred: بغض - کینہ - عداوت In—of, in defiance of; notwithstanding: بخلاف - باوجود - تسپر بھي * *v. t.* To hate; to treat maliciously; to thwart; to vex: بغض رکھنا - کینہ رکھنا - مخالفت کرنا - دق کرنا

**Spiteful,** *a.* Full of spite; malicious: پر کینہ - کینہ ور

**Spitfire,** *n.* An irascible person: غصہ ور آدمي

**Spittle,** *n.* Saliva; moisture of the mouth: تھوک - رال - لعاب

**Spittoon,** *n.* A vessel to receive spittle: پیکدان - اوگال دان

**Splash,** *v. t.* or *i.* To spatter with water or mud; to strike and dash about water: پاني یا کیچڑ کي چھینٹیں ڈالنا - چھینٹیں اڑانا - گنگھولنا

**Splashy,** *a.* Wet; dirty: کیچڑیلا - میلا

**Splay,** *a.* Spread; turned outward: پھیلا هوا - باهر کي طرف جھکا هوا

**Splay-footed,** *a.* Having the foot turned outward: جسکے پیر باهر کي طرف پھرے هوئے هوں

**Spleen,** *n.* The milt: طحال - سپرز - تلي * Anger; ill-humour; melancholy: غصہ - غضب - رنج - ملال

**Spleeny,** *a.* Angry; peevish; melancholy: غصہ ور - تند خو - چڑچڑا - ملول - رنجیدہ

**Splendent,** *a.* Shining; bright; illustrious: منور - روشن - تاباں

**Splendid,** *a.* Shining; magnificent; illustrious: منور - روشن - عالیشان - عظیم الشان - دھوم دھام کا

**Splendour**, *n*. Great brightness ; magnificence : pomp : روشني - جاره - جاه و جلال - شان و شوکت - رونق

**Splenetic**, *a*. Peevish ; gloomy ; angry : تنک مزاج - زود رنج * *n*. A person affected with spleen : طحال کا مريض

**Splice**, *v. t.* To join together the ends of a rope : جوڑنا - سانٹنا - دو رسيوں کو بغير گانٹھ ديئے جوڑنے عمل پاني کرنا *To -the main brace, ... نشه پاني کرنا

**Splint**, *n*. A thin piece of wood to hold a broken bone when set : کھپاچ * *v. t.* To fasten with splints : کھپاچ باندھنا

**Splinter**, *n*. A thin piece of wood : - کھپاچ - چھپٹي - نرچ

**Split**, *v. t.* or *i*. To divide lengthwise ; to rend ; to burst : چيرنا - پھاڑنا - جدا کرنا - پھوٹ جانا * To —hairs, to be too critical : - بال کي کھال نکالنا * نکته چيني کرنا - باريک بيني کرنا * To —upon, to divulge a secret : راز فاش کرنا * To –on a rock, * اميديں اور مقاصد تلف کر بيٹھنا - مہلک غلطي کر بيٹھنا To make all –, * بڑا ترارل يا شور مچانا * *n*. Fissure ; separation : - شق - دراز - شگاف - چير - جدائي

**Splutter**, *n*. A bustle ; stir ; tumult : - رول چرل غل غپاڑا * *v. i.* To speak hastily and confusedly : جلد جلد اور بے ٹھکانے بولنا

**Spoil**, *v. t.* or *i*. To plunder ; to vitiate ; to ruin ; to decay : - لوٹنا - غارت کرنا - بگاڑنا - خراب کرنا - برباد کرنا - بوسيده کرنا - سڑنا * You must— before you spin, *آدمي کچھ کھو کے سيکھتا ہے *n*. Pillage ; robbery ; corruption : - لوٹ غنيمت - تاراج - ڈکيتي - بربادي - ابتري

**Spoke**, *n*. The radius of a wheel : * پہيئے کا آرا * The round of a ladder : * سيڑھي کا ڈنڈا - آڑ - روک To put a –in one's wheel, چلتي گاڑي ميں روڑا اٹکانا - کسي کے کام ميں معترض ہونا - کام چلنے نه دينا

**Spokesman**, *n*. One who speaks for another : جو دوسرے کي طرف سے بولے - شخص نمائنده

**Spoliation**, *n*. Plunder ; pillage : - لوٹ - ڈاکا غارتگري

**Spondee**, *n*. A poetic foot of two long syllables : دو رکن کا ايک وزن

**Sponge**, *n*. A soft porous marine substance : اسپنج يا اسفنج - سونا - بادل * A mean sycophant : خوشامدي ٹٹو - ٹکڑ خور - طفيليا - لقمه جو *To throw up the –, ہار مان لينا * Sponge cake, اندرسه - کھجلا * *v. t.* To cleanse with a sponge : اسپنج سے صاف کرنا * To live by mean arts : حقير و حيلوں سے زندگي بسر کرنا

**Spongy**, *a*. Of an easily compressible texture : نرم - پولا - پلپلا

**Sponsor**, *n*. A godfather ; a surety : - دھرم باپ فعل ضامن - ضامن

**Spontaneity**, *n*. Voluntariness ; willingness : خود اختياري - رضامندي - خود متصرفي

**Spontaneous**, *a*. Of one's own free will ; voluntary : اختياري - منداني - طبع ذاد - خود رو

**Spool**, *n*. A hollow cylinder used by weavers, etc. : جولاہو کي چرخي - اٹيرن - پرنيا * *v. i.* To wind on spools : چرخي پر چڑھانا

**Spoon**, *n*. A small ladle for taking up liquids : چمچ - کھرچھا - ڈوئي * A soft simple fellow : ساده لوح * —meat, پتلا کھانا - لپسي - ہريرا

**Spoonful**, *n*. The quantity which a spoon is able to contain : چمچه بھر - کرچھي بھر

**Spoony**, *a*. Simple ; silly ; being in love : ساده لوح - بيوقوف - عاشق

**Sport**, *n*. Pastime : کھيل * Mirth : چہل - تفريح * Fun : تماشا * Mockery : ہنسي - مذاق ٹھٹھا * Hunting : شکار * In—, مزاقن * *v. t.* or *i*. To divert ; to play ; to make merry ; to exhibit : خوش کرنا - کاول کرنا - کھيلنا - ہنسي ٹھٹھا کرنا - نمائش کرنا

**Sportive**, *a*. Gay ; merry ; playful : - خوش طبع بشاش - کھلاڑي - چنچل - زنده دل

**Sportsman**, *n*. One who pursues field sports : شکاري

**Spot**, *n*. A stain : داغ - دھبه * A place : - جگه مقام * Disgrace : کلنک - بدنامي * Upon the –, immediately : وہيں - اسي جگه - في الفور * *v. t.* To stain ; to mark ; to tarnish : دھبه ڈالنا - نشان ڈالنا - داغ لگانا - کلنک لگانا

**Spotless,** *a.* Free from stain or impurity; pure; immaculate : بے داغ - صاف - پاک

**Spotty,** *a.* Full of spots : دھبےدار - داغدار - چتّی دار

**Spousal,** *a.* Nuptial; bridal; conjugal : نکاح کا - شادي کا - بیاہ کا - متعلق به شوهر و زوجه * *n.* Marriage : شادي - بیاہ - نکاح

**Spouse,** *n.* A husband or wife : خصم یا جورو

**Spout,** *n.* A pipe; a projecting mouth of a vessel : نل - ٹونٹي * Water spout : پاني جو سمندر میں فوارے کي طرح اونٹھتا هے * *v. t.* To issue out of a narrow orifice : فوارہ کي طرح پاني چھوڑنا - اوچھالنا

**Sprain,** *n.* A violent strain of the muscles or ligaments of a joint without dislocation : مروڑ - مروچ - مڑک * *v. t.* To overstrain the ligaments of joint : مروڑنا - موڑنا - موچ کھانا

**Sprat,** *n.* A small fish of the herring family ایک قسم کي چھوٹي بحري مچھلي

**Sprawl,** *v. i.* To lie with the limbs stretched out; to spread irregularly : ہاتھہ پانو پھیلاکر لیٹ جانا - چت پڑنا - پھیلنا - بکھیرنا

**Spray,** *n.* A small shoot or branch : ٹہني - سر شاخ - جھونرا - * The foam of the sea : سمندر کا پھین - سنتھي

**Spread,** *v. t.* or *i.* To extend in all directions; to unfurl; to divulge : پھیلنا - پھیلانا - بڑھانا - بچھانا - تاننا - کھولنا - مشهور کرنا * **To—about,** to publish : مشتهر کرنا * To diffuse : پھیلنا * To disperse : پراگندہ کرنا * **To—like wildfire,** to get abroad in no time : آناً فاناً پھیل جانا *

**Spread the table, and contention will cease,** دستر خوان بچھا جھگڑا مٹا * *n.* Extent; expansion : وسعت - پھیلاؤ

**Spree,** *n.* Frolic; noisy merriments; a carousal : ناچ کود - جشن - میخوشي - هنسي مزاق

**Sprig,** *n.* A small branch; a twig : ٹهني - شاخ

**Sprightful,** *a.* Lively; brisk; gay : خوش طبع - چست - پھرتیلا - خرم - زندہ دل - خوش

**Sprightly,** *a.* Brisk; lively; active : چالاک - خوش طبع - زندہ دل - تیز - چست - چالاک

**Spring,** *v. t.* or *i.* To leap : کودنا - اُچھلنا * To issue : پھوٹنا - نکلنا * To arise : اُٹھنا * To start : چونک پڑنا * To shoot up; to grow; to thrive : اوگنا - نمود هونا - سرسبز هونا * To fly back : لچکنا * To produce quickly : نکالنا - پیدا کرنا * To fire as a mine; to burst : اُڑانا - پھوڑنا * To split : چیرنا - پھاڑنا * **To—a leak,** to let in water suddenly : پاني پھوٹ نکلنا-کوئي جوڑ کھل جانا که پاني اندر آنے لگے * **To—a mine,** سرنگ اُڑانا * **To—at,** to leap towards : جست کرنا - جھپٹنا * **To—forth,** to rush out : نکلنا - جست کرنا * **To—on, upon,** to assault : حمله کرنا * **To—up,** to grow : اُگنا - پھوٹنا * *n.* A leap; a flying back : جست - جھپٹ - پھلانگ * The season of the year when plants begin to grow : موسم بہار * A fountain : چشمه - فوارہ - سوتا

**Springe,** *n.* A noose; snare : دام - پھندا - سرک - پھانسي

**Spring-tide,** *n.* The tide at the new and full moons : سمندر کے پاني کاچڑھاؤ جو سدي دوج اور پونوں کے بعد هوتا هے - جوار

**Springy,** *a.* Elastic; full of springs : لچکدار - چشموں اور سوتوں سے بھرا هوا

**Sprinkle,** *v. t.* To scatter in drops; to besprinkle; to wash : چھڑکنا - چھینٹنا - دھونا - تر کرنا

**Sprite,** *n.* A spirit; a demon : جن - بھوت - پریت

**Sprout,** *v. i.* To shoot; to germinate; to grow : کلے نکلنا - ڈالي جمنا - اوگنا - کلیانا ابھرنا * *n.* The shoot of a plant : کلا - کوپل

**Spruce,** *a.* Neat; trim; foppish : نفیس - عمدہ - بنا ٹھنا - بانکا - البیلا * *n.* An evergreen tree; a species of fir : صنوبر - سرو - جھاؤ

**Spruceness,** *n.* Neatness without elegance : fineness : صفائي - سجاوٹ - بناؤ ٹھناؤ عمدگي

**Spry,** *a.* Nimble; active; vigorous : چالاک - چست - مستعد - پھرتیلا - قوي

**Spud,** *n.* An implement somewhat like a chisel used for destroying weeds : چپٹي کھرپي

**Spume,** *n.* Froth; foam : جھاگ - پھین - کف

**Spumous,** *a.* Foamy; frothy : جھاگ - پھینا دینے والا

**Spunk,** *n.* Touchwood; mettle; pluck : ایک لکڑي جو آگ کو چھوتے هي جل اُٹھتي هے

**Spur,** *n.* A goad, worn at the heel : مہمیز - کانٹا * Incitement : ترغیب * Branch of a mountain :

پیڑ کي شاخ * On the—of the moment, at once : فوراً - اناً فاناً

**Spur,** *v. t.* or *i* To prick with spurs ; to incite ; to hasten ; to press forward : - مہمیز مارنا - اُکسانا * تحریک کرنا - ترغیب دینا - تیز کرنا - دوڑانا * Spur not a free horses to death, چلتے بیل کے ار مت مارو

**Spurious,** *a.* Counterfeit : - ساختہ - جعلي مصنوعي * Bastard : حرامي

**Spurn,** *v. t.* To kick ; to scorn ; to reject with disdain : لات مارنا - ٹھوکر مارنا - حقارت کرنا - ناپسند کرنا - بیقدري کرنا * *n.* A disdainful rejection : بیقدري - حقارت

**Spurt,** *v. t.* or *i.* To drive or force out violently as a liquid stream from a pipe or small orifice ; to issue out in a stream : - نکالنا - اوچھالنا اوچھلنا - پھوٹنا - خروج کرنا * *n.* A sudden violent gush ; a short, violent effort : اخراج - نکاس

**Sputter,** *v. i.* To emit saliva from the mouth : تھوکنا - رال ٹپکانا * To speak hastily ; to jabber : جلد جلد بولنا - بکنا

**Sputum,** *n.* Matter exporated ; spittle ; saliva : کھنکار - تھوک

**Spy,** *n.* One who watches another's motions ; a scout : دور سے * مخبر - جاسوس - بھیدیا - گوینده * *v. t.* or *i.* To gain sight of ; to discover ; to detect ; to inspect secretly ; to search narrowly : دیکھنا - جھانکنا - تکنا - کھوجنا - دریافت کرنا - سُراغ لگانا - جاسوسي کرنا - تلاش کرنا - بھید لگانا

**Spy-glass,** *n.* A small telescope : دوربین

**Squab,** *a.* Fat ; thick and stout ; unfeathered : موٹا - جسیم - مضبوط - بے پر و بال * *a.* A young pigeon : کبوتر کا بچّہ * A stuffed sofa cushion : مسند - گدا

**Squabble,** *v. i.* To quarrel ; to debate peevishly ; to wrangle : تکرار کرنا - قضیہ کرنا - جھگڑا کرنا - حجت کرنا * *n.* Dispute : قضیہ - جھگڑا

**Squad,** *n.* A division of a company in a regiment : فوج کا چھوٹا حصہ * Any small party : چھوٹي جماعت

**Squadron,** *n.* A body of cavalry : سواروں کا غول * A detachment of ships : بیڑا جہازوں کا

**Squalid,** *a.* Dirty, foul ; filthy : گندہ - میلا

**Squall,** *n.* A sudden gust of wind : - ھوا کا جھونکا آندھي * A loud scream : کوک - چلاھٹ - چیخ * A black Squall, کالي آندھي * *v. i.* To scream or cry out violently : چیخنا - کلکیانا - چلانا

**Squally,** *a.* Gusty : اندھي یا جھونکے کے ساتھ

Syn—Gusty, blustering, stormy, tempestuous.

**Squalor,** *n.* Filthiness ; nastiness : - غلاظت - گندگي میلاپن

**Squander,** *v. t.* To scatter or spend lavishly : اُڑا دینا - صرف کرنا - اڑانا - برباد کرنا - گنوانا

**Squanderer,** *n.* A spendthrift : اڑاؤ - فضول خرچ

**Square,** *a.* Having four equal sides and right angles : چوگوشہ - مربع * Perpendicular : سیدھا - عمودي * True ; fair ; honest : - واجب مناسب - صاف - سچا * Even : برابر - ھموار * A square man, چوڑا - چکلا آدمي * Square dealing, ایمان کا سودا * The account is—, حساب پر چھا ھے * All—, بیباق - خوشي راضي * Come off—, برابر نکلنا * *n.* Square figure : شکل مربع * A carpenter's instrument : گونیا * The product of a number or quantity multiplied by itself : مربع - مجذور - برگ * Level : سطح * On the—, ایمانداري سے * To be at—, لڑنا * To break no squares, برخلاف نہ کرنا * To play upon the square, ایمانداري سے کھیلنا * To see how the—goes, دیکھنا کہ کس طرح کھیل چلتا ھے

——*v. t.* or *i.* To reduce to a square ; to turn : چوگوشہ کرنا - موڑنا * To compare with : ملانا * To adjust : ٹھیک کرنا - بیباق کرنا * To make even : ھموار یا چورس کرنا * To multiply by itself : مربع یا مجذور کرنا * To suit : ٹھیک آنا * To be on the—, to be honest : ایماندار ھونا * To—off, to take an attitude of offence : ناراض ھوجانا - برا ماننا * To—up, to balance up : حساب کتاب طے کرنا * To dispute : لڑنا - جھگڑنا

**Squash,** *v. t.* To press into pulp ; to crush : کچلنا - پچکانا - دبا دینا - مسلنا * *n.* A sudden fall of a heavy soft body : دھماکا * A kind of gourd : ایک قسم کي لوکي

**Squat,** *v. i.* To sit down on the hams or heels : پالتھي مار کر بیٹھنا * *n.* The posture of sitting on

the hams or heels : پالتھي - چار زانو * *a.* Cowering ; short or thick : - نیہورا هوا - جھکتا هوا اُکڑوں بیٹھا هوا - ناٹا - موٹا

**Squatter,** *n.* A settler on land without a legal title : کسي زمین پر بلا استحقاق بسنے والا

**Squeak,** *v. i.* To utter a sharp shrill cry : - چیخنا ککیانا - چچیانا - کرکنا

**Squeal,** *v. i.* To cry as with pain : - ککیانا - چیخنا چچیانا * *n.* A shrill, sharp prolonged cry of a pig : چیخ

**Squeamish,** *a.* Delicate ; fastidious : - نازک مزاج تنک مزاج

Syn.– Scrupulous, dainty, fastidious.
Ant.– Coarse, easy.

**Squeeze,** *v. t.* or *i.* To compress ; to crush ; to press closely : کھینچنا - دبانا - ملنا - کچلنا - پیس - نچوڑنا - کاڑنا * *n.* A pressure between bodies ; a gripe . دباؤ - نچوڑ - کھینچ

**Squib,** *n.* A firework : - چھچھوندر - آتشبازي ایک * A petty lampoon : هجو * To throw a—, برلي مارنا - اوازہ پھینکنا * *v. i.* To throw squibs : برلي مارنا - آواز پھینکنا

**Squill,** *n.* Wild onion : جنگلي پیاز

**Squint,** *v. i.* To see obliquely : - کن ترچھا دیکھنا انکھیوں سے دیکھنا

**Squint-eyed,** *a.* Having eyes that squint : اینچا تانا

**Squire,** *n.* A gentleman next in rank to a knight : ایک سرداري خطاب - بہادر * A country gentleman : زمیندار * A beau : چھیلا * *v. t.* To attend as a squire : - همراه رهنا - هم رکاب هونا

**Squirrel,** *n.* A pretty rodent animal that lives on the trees : گلهري

**Squirt,** *n.* An instrument with which a liquid is ejected in a stream ; a syringe ; a small jet : پچکاري - فوارہ

**Stab,** *v. t.* or *i.* To pierce with a pointed weapon ; to thrust ; to kill ; to injure : - خنجر مارنا * گونچنا - بھونکنا - هلاک کرنا - زخمي کرنا - گھایل کرنا *n.* The thrust of a pointed weapon ; a secret stroke or blow : گھونپ - بھونک - هول - زخم - گھاؤ

**Stability,** *n.* Firmness ; steadiness ; constancy : مضبوطي - پائداري - استقلال - دهیرج

**Stable,** *a.* Firmly established ; firm ; durable ; constant : - مستحکم - مستقل - مضبوط - استوار پائدار - پکا - قائم مزاج * *n.* A house or shed for horses and other beasts : گھوڑسال - اصطبل یا طویلہ* *v. t.* or *i.* To put or keep in a stable ; to dwell in a stable : - اصطبل یا طویلہ میں رهنا یا باندهنا اصطبل یا طویلہ میں رهنا

**Stack,** *n.* A pile of hay, corn ; etc. : - ڈهیر - تودہ تودہ کرنا یا انبار - ٹال * *v. t.* To pile in a stack : انبار لگانا

**Staddle,** *n.* Anything which serves for support : ٹیک - بیساکھي - ڈنڈا

**Staff,** *n.* A stick carried in the hand for support or defence : - لاٹھي - چھڑي * A support : سہارا * A badge of office : علم - عصا * Officials of a department : کسي سرشتہ کے ملازم * The – of life, روٹي - زندگي کا سہارا * The—of one's age, ملازم - عصا پیري بڑھاپے کا سہارا * Staff-officer, سپاہ جو سپہ سالار کے ساتھ هو * To put down one's —, سکونت اختیار کرنا

**Stag,** *n.* The male red-deer : بارہ سنگا

**Stage,** *n.* A raised platform ; a theatre ; any place of exhibition ; a place of rest ; a halting place ; degree of advance : مچان - چبوترا - تماشا گاہ - تماشگاہ - مرحلہ - منزل - فرودگاہ - درجہ

**Stage coach,** *n.* A coach that runs from one place to another at stated times : ڈاک کي گھوڑا گاڑي

**Stage player,** *n.* An actor ; a theatrical performer : نقال - سوانگیا

**Stagger,** *v. i.* To reel ; to give way : ڈگمگانا لڑکھڑانا - لغزش کرنا - نچیانا * To have the –s, جھولا مارنا * *v. t.* To reel ; to hesitate ; to shake : شک میں ڈالنا - لرزانا

**Stagnancy,** *n.* The state of being without motion : استادگي - قیام

**Stagnant,** *a.* Not flowing ; motionless ; impure ; dull : * بند - ساکن - بے حرکت - گدلا - کاهل - سست – water. کھڑا پاني

**Stagnate,** *v. i.* To cease to flow ; to be motionless : پاني کے بند هوجانا - ساکن هونا - رکنا

**Stagnation,** *n.* Condition of being stagnant; cessation of flowing or action : إستادگي - رکاؤ

**Staid,** *a.* Sober; steady; regular : سنجیدہ - مستقل قائم مزاج

**Stain,** *v. t.* To spot; to dye; to tarnish : دھبہ ڈالنا - داغ لگانا - رنگنا - کلنک لگانا - بدنام کرنا * *n.* A spot; taint; disgrace : دھبہ - داغ - بدنامي - رسوائي

**Stainless,** *a.* Spotless; pure; immaculate : بے داغ - صاف - بے عیب

**Stair,** *n.* A step or series of steps for ascending : سیڑھي - زینہ

**Stair case,** *n.* The place for stairs : سیڑھي - زینہ

**Stake,** *n.* A stick pointed at end : میخ - چوب - کھونٹا * Post : کھمبھا * Anything pledged in a wager : بازي * **At—,** in danger : خطرے میں * At hazard : داؤں پر - بازي میں * *v. t.* To support or defend with stakes; to mark the limits by stakes; to pledge; to wager : چوبوں یا میخوں سے مضبوط کرنا - میخوں سے حد بندي کرنا - إقرار کرنا - شرط کرنا - بازي لگانا

**Stalactite,** *n.* A pendent cone of carbonate of lime resembling an icicle in form : دھات کا ٹکڑا جو برف کے ٹکڑے کے مانند کسي غار کي چھت سے لٹکا ہو

**Stale,** *a.* Vapid; tasteless; decayed; not new : پھیھوندا - اُبسا ہوا - بے مزہ - کہنہ - باسي * *n.* A long handle; a decoy : دستہ - چھلاوا * *v. i.* To make water : پیشاب کرنا (جانوروں کا)

**Staleness,** *n.* Vapidness : بوسیدگي - کہنگي

**Stalk,** *n.* The stem of a plant : ڈنٹھل - ڈالي * A high, proud walk : غرور کي رفتار - اکڑ کي چال * *v. t.* or *i.* To walk with high and proud steps; to approach under cover or by stealth : اکڑ کر چلنا - اینٹھ کر چلنا - چھپ کر یا چپکے چپکے جانا

**Stalking-horse,** a mask to conceal some design : شکار کي ٹٹي - آڑ - اوٹ

**Stall,** *n.* A stand; a stable; a bench, a booth : چبوترہ - اصطبل - طویلہ - گھڑسال - تخت - کرسي - خوانچہ - دوکان

**Stallion,** *n.* A horse not castrated used for raising stalk : گھوڑا - سانڈ جو آختہ نہ ہو - اسپ نر

**Stalwart,** *a.* Brave; strong : جوانمرد - قوي - مضبوط

**Staminate,** *a.* Composed of threads : سوت یا دھاگوں سے جنا ہوا

**Stammer,** *v. t.* or *i.* To stutter; to falter; to hesitate : لکنت کرنا - تتلانا - ہکلانا - پس و پیش کرنا * *n.* Defective utterance : لکنت - تتلاہٹ

**Stamp,** *v. t.* or *i.* To beat with foot : پاؤں سے پیٹنا * To impress : نقش کرنا * To imprint : چھاپنا - ٹھپہ لگانا - مہر کرنا * To coin : سکہ بنانا * *n.* An instrument for making impressions : مہر * Impression; a thing stamped; cast; form : چھاپ - نقشہ - سکہ - ٹھپا - ڈول - قماش - ڈھنگ - انداز - طریق * **—paper,** ٹکٹ کا کاغذ

**Stampede,** *n.* A sudden panic amongst animals : بھگدڑ

**Stanch,** *v. t.* or *i.* To stop flowing; to cease to flow : خون وغیرہ بند کرنا - تھمنا یا بند ہونا

**Stanchion,** *n.* An upright prop or support : ٹیک - تھوني - ڈاٹ - سہارا

**Stand,** *v. i.* To remain erect; to be on end : کھڑا ہونا - استادہ ہونا * To be situated : واقع ہونا * To stop; to pause; to halt : ٹھہرنا - رکنا - تھمنا * To continue; to maintain; to last : قائم رہنا - مستقل ہونا - برقرار ہونا - چلنا * To persist; to insist : جاري ہونا - مصر ہونا - إصرار کرنا * To have efficacy : مروج ہونا * To be permanent : ثابت قدم رہنا * **To—against,** to resist : مقابلہ کرنا * **To—aside,** to retire to one side : ایک کنارے ہٹ جانا * **To—by,** to be present : موجود ہونا * To support, not to desert : مدد دینا - ساتھ دینا * **To—fast,** to be fixed : قایم یا جما رہنا * **To—for,** to espouse the cause of : حمایت کرنا * To side with : طرفداري کرنا * (*Naut.*) To sail in the direction of : کسي طرف کو روانہ ہونا * **To—off,** to keep at a distance : الگ یا دور رہنا * **To—in,** to cost : صرفہ پڑنا * **To—out,** to project : نکلنا - باہر نکلنا * To oppose persistently : ضد کرنا - اڑنا * **To—over,** to be put off : ملتوي ہونا * (*Naut.*) To leave land : سمندر کے رخ چلنا * **To—to,** to abide by; to adhere to : قایم رہنا - پابند رہنا * **To—up,** to rise to one's feet : کھڑا ہونا * to arise in order to speak : کچھ کہنے کو کھڑا ہونا * **To—up against,** to place one's self in opposition to : مقابلہ کرنا * **To—up for,** to rise in defence of : حمایت کے لئے کھڑا ہونا

**To—upon,** to set value on : قدر کرنا * To insist on : اصرار کرنا * **To—with,** to be consistent with : معقول ہونا - قرین مصلحت ہونا * **To—in need of,** to be in want of : ضرورت یا حاجت رکھنا * **To—one in good stead,** to be of great service : بڑے کام آنا **To—to reason :** عقل میں آنا

**Stand,** *v. t.* To place on end : کھڑا کرنا * To endure ; to sustain : سہنا - برداشت کرنا * To await : اِنتظار کرنا * **To—bail,** to become surety for : ضامن ہونا * **To—one's ground,** to keep one's place : اپني جگہہ قائم رکھنا - اڑا رہنا * **To—fire,** to remain while being shot at by an enemy without giving away : گولي چلنے کے وقت اپني جگہہ پر سے نہ ہٹنا * **To—in hand,** مفید مطلب ہونا - کام دینا * **To—to reason,** قرینہ عقل ہونا * **To—under,** اٹھانا - جھیلنا * **Is at a—to think,** نہیں سمجھتا کہ کیوں * **To make a—,** اڑے کھڑے ہونا

**Stand,** *n.* A place ; a station ; a halt ; a raised station ; something on which a thing is laid : جگہہ - مقام - ٹھکانا - اڈا - قیام - پڑاؤ - چبوترہ - ٹکٹکي - تپائي **To make a—,** مقابلہ کرنا - سامنا کرنا

**Standard,** *n.* An established rule or measure : مقررہ قاعدہ Rate : اندازہ - وزن - پیمانہ * A banner : جھنڈا - علم * Criterion ; an upright support : دستور - رسم - تھوني - ٹیکن * *a.* Having a fixed value ; recognised : مقرري - اقرار * **—bearer,** one who bears a standard : علم بردار - جھنڈا لیجانیوالا

**Standing,** *a.* Permanent ; lasting : دائمي - پایدار * Fixed : برقرار - قائم * Not flowing : جو رواں نہ ہو * Remaining erect : کھڑا - استادہ * Rank : درجہ - مرتبہ * **—army,** permanent body of soldiers : مستقل فوج * **—colour,** colour that does not wash out : پکا رنگ * **—crop,** corn not cut down : کھڑي فصل * **—order,** permanent regulation of a legislature : قانون یا حکم وقت * **—rigging,** fixed ropes : جہاز پر بندھي رسیاں * **—water,** stagnant water : بند اور گندا پاني * **—corn,** کھڑي کھیتي - زراعت استادہ

**Stand-point,** *n.* A fixed station ; a point of view : موقع - اُصول - مقام نگاہ داشت - بنا

**Stanza,** *n.* A portion of poem : بیت - قطعہ - رباعي

**Staple,** *n.* A settled market ; a principal production ; the chief ingredient ; the thread of wool, &c. ; a loop of metal : بازار - منڈي - جنس - سودا - مصالح - جز و اعظم - ریشہ - رشتہ - کنڈا - قلابہ * *a.* Settled ; chief : مقرر - اصل - خاص

**Stapler,** *n.* A dealer in staple commodities : فروشندہ - بیوپاري

**Star,** *n.* A luminous body in the heavens : کوکب - ستارہ - تارا * The figure of a star (thus *) used in printing ; asterisk : ( مثل * ) نشان ستارہ کا * A distinguished person : مشہور آدمي * A badge of honor : ستارونکا تمغہ * An actor : ناٹک کا سوانگیا * **Out of one's—,** کسي کي قسمت یا حیثیت سے بالاتر * *v. t.* To set or adorn with stars : ستاروں سے زینت دینا - افشاں چننا

**Starboard,** *n.* The right handside of a ship or boat : جہاز کا داہنا رخ جب کوئي شخص اوسکے سرے کي طرف منہہ کرکے کھڑا ہو

**Starch,** *n.* A substance used for stiffening cloth ; stiff ; formal manner : ماندي - کلف - اہار - نشاستہ - باضابطگي - باقاعدگي - ظاہرداري * *a.* Stiff ; precise : سخت - گاڑھا - ٹھیک - درست * *v. t.* To stiffen with starch : کلف دینا - ماندي دینا

**Starchy,** *a.* Stiff ; rigid : کلف دار - سخت - کڑا

**Stare,** *v. i.* To look earnestly ; to gaze : گھورنا - تاکنا - تکنا * **To—in the face,** to be undeniably evident : صاف ظاہر ہونا - اظہر من الشمس ہونا * *n.* A fixed look with open eyes : ٹکٹکي - تاک - نظر بازي

**Stark,** *a.* Stiff ; strong : سخت - مضبوط * Mere ; entire : محض - پورا - بالکل - مطلق * **—nonsense,** سراسر حماقت * *ad.* Wholly ; entirely : سراسر - بالکل خبطي * **—mad,** entirely mad : بالکل - تمام * **—blind,** اندھا سوس * **—naked,** ننگا مادر زاد - ننگ دھڑنگ

**Starling,** *n.* A well-known bird allied to the crow : شارک - مینا - ابلقہ - ببئي

**Starry,** *a.* Abounding with stars : کواکبدار - ستاروں سے بھرا ہوا

**Start,** *v. i.* To make a sudden and involuntary motion of the body through surprise, pain or any other feeling ; to shrink ; to wince : چونکنا - بھڑکنا * To spring up : کود پڑنا - اوٹھہ بیٹھنا * To

set out : روانہ ہونا - چادینا * To be dislocated : اکھڑ جانا * **To—after,** to set out in pursuit of : پیچھا یا تعاقب کرنا * **To—against,** to oppose : مخالف ہونا * **To—up,** to rise suddenly : اُٹھ بیٹھنا - یکایک بڑھ جانا

**Start,** *v. t.* To rouse suddenly from concealment : بھڑکانا * To begin : شروع کرنا * To set agoing : چلانا * To originate : نکالنا * To dislocate : اوکھاڑنا - ڈگانا - جگھہ سے ہٹانا * *n.* A sudden motion ; a spasm ; a sally ; alarm ; a tail : * روانگی - جوش - اینٹھن - پھڑکنا - کلانچ - چونک - دم **To have the—of,** to go in advance of : آگے نکل جانا - بڑھ جانا - کسی سے پہلے شروع کر دینا - کسی پر فوق لے جانا

**Startingly,** *adv.* By fits or starts : چونک کر - تعجب میں آکر

**Startle,** *v. t.* or *i.* To frighten ; to shock ; to surprise : ڈرنا - ڈرانا - دھمکانا - چوکانا - چونکنا

**Starvation,** *n.* The act of starving or state of being starved : فاقہ کشی - اوپاس

**Starve,** *v. t.* or *i.* To kill with hunger or cold ; to perish with hunger or want : بھوکوں مارنا - بھوک سے مرنا

**Starveling,** *a* Hungry , lean : بھوکا - لاغر - دُبلا - کمزور

**State,** *n.* Case : حالت - وضع طور - روداد * Rank ; dignity : مرتبہ - درجہ - رتبہ - کر و فر - شکوہ * A community : civil power : جماعت - فرقہ - ریاست - سرکار - سلطنت - ملکی اختیار * **—affairs,** معاملات ملکی * **—barge,** شاہی کشتی

**State,** *v. t.* To express the particulars of ; to narrate ; to recite : ظاہر کرنا - عرض کرنا - بیان کرنا * *a* Public ; royal سرکاری - شاہی

**Stately,** *a.* Majestic ; grand ; splendid ; magnificent : بلند - عالیشان - عظیم - شاہانہ - پر تمکنت - پر دبدبہ

**Stateliness,** *n.* Majesty ; magnificence ; dignity : عظمت - کبریائی - جاہ و جلال - دبدبہ - آن بان - شان و شوکت - تمکنت

**Statement,** *n.* A recital or arrangement of facts : بیان - اظہار - روداد - کیفیت - فرد حساب

**Statesman,** *n.* A politician : مدبر امور سلطنت - دیوان

**Statesmanship,** *n.* Political skill : سیاست مدن - مدبرانہ لیاقت یا کارروائی - فراست

**Static,** *a.* Pertaining to bodies at rest : متعلق بہ وزن * **Statical electricity,** بجلی جو رگڑ سے پیدا ہوتی ہے

**Statics,** *n. pl.* The science of bodies at rest : علم سکون اجسام - علم میزان الثقل

**Station,** *n.* Position ; office ; rank ; a railway stopping place : جگہہ - مقام - منصب - درجہ - رتبہ - ریل کے ٹھہرنے کی جگہہ * *v. t.* To place ; to set ; to fix in a certain place : نصب کرنا - قایم کرنا - بٹھالنا - ٹھہرانا - متعین کرنا

**Stationary,** *a.* Motionless ; fixed ; not improving : ساکن - مقیم - ٹھہرا ہوا - متعین

**Syn.— Fixed, firm, stable.**

**Ant.– Changeable, portable.**

**Stationer,** *n.* One who sells paper, pencils, pens, etc. کاغذ قلم وغیرہ بیچنے والا

**Stationery,** *n.* The articles sold by stationers, as paper, ink, quills, etc : سامان مثل کاغذ سیاہی قلم وغیرہ

**Statistics,** *n. pl.* A collection of facts and figures respecting in condition of the people in a state or respecting any particular class or interest : حال ملک وغیرہ اور نقشہ کیفیت رعایا - پیشہ وروںکا حساب کتاب

**Statuary,** *n.* Art of carving statues or images ; a group of statues ; a sculptor : بُت تراشی - مورتگری - مورتوںکا مجموعہ - بُت تراش

**Statue,** *n.* An image in marble or bronze :- مورت - بُت

**Statuesque,** *a.* Resembling a stature ; well-proportioned ; graceful : مثل بُت - مانند مورت - خوش تراش - بُت سا تراشا ہوا - سڈول - طرحدار - سجیلا

**Stature,** *n.* The natural height of a body : قد - قامت - ڈیل ڈول

**Status,** *n.* Position ; condition ; rank ; position of affairs ; state : رتبہ - درجہ - مرتبہ - پدوی - حالت - معاملات - حقیقت حال * **—in quo,** حالت سابقہ

**Statute,** *n.* An act of the legislature ; a law : قاعدہ - آئین - قانون

**Statutory,** *a.* Enacted by statute : آئین کي رو سے جاري کيا گيا - مجوزہ قانون

**Staunch,** *v. t.* To prevent the flow of ; to stop : بند کرنا - روکنا

**Stave,** *v. t.* To break a hole in ; to burst ; to delay : سوراخ کرنا - توڑنا - پھاڑنا - دير کرنا - توقف کرنا

**Stave,** *n.* A thin piece of timber for casks : - پٹري تختہ

**Stay,** *v. i.* To remain ; to dwell ; to stop ; to wait ; to trust : رهنا - قيام کرنا - ٹھہرنا - انتظار ديکھنا - راہ ديکھنا - بھروسہ کرنا - اعتبار کرنا

**Stay,** *v. t.* To restrain ; to delay ; to prop : - روکنا - ملتوي کرنا - تھامنا - اڑانا * To—the stomach, to satisfy hunger : * بھوک رفع کرنا - تسکين دينا * *n.* Continuance in a place ; stop ; prop ; support : قيام - سکونت - روک - آڑ - آسرا - سہارا

**Stays,** *n. pl.* A bodice ; corset : چولي - انگيا - سينہ بند

**Stead,** *n.* Place ; room : مقام - جگہہ * To stand one in good—, see under Stand. To—up, کسي کے بدلے کچھہ پورا کرنا مثلاً وعدہ

**Steadfast,** *a.* Firmly fixed ; constant ; resolute : مستحکم - مضبوط - قايم - ثابت قدم

**Steadily,** *ad.* Firmly ; with perseverance : مضبوطي سے - استقلال سے

**Steadiness,** *n.* Firmness ; constancy : - استواري مضبوطي - استقلال - ثابت قدمي - استحکام - مستعدي

**Steady,** *a.* Firm ; fixed ; constant ; uniform : مستقل - مستحکم - مضبوط - ثابت قدم - يکساں - هموار * *v. t.* To hold or keep firm ; to support : قايم رکھنا - مضبوط کرنا - سنبھالے رهنا

**Steak,** *n.* A slice of beef cut and broiled : گوشت کي بھني هوئي بوٹي

**Steal,** *v. t.* or *i.* To take without right or leave ; to pilfer ; to slip away : چوري کرنا - چرانا - دزدي کرنا - کھسک جانا - سٹک جانا * To—away, to march off quietly : چپکے سے چل دينا * To—march upon, to gain an advantage over stealthily : خفيہ کسي پر قابو پانا يا کسي سے سبقت ليجانا

**Stealth,** *n.* Act of stealing ; secret art : - دزدي چوري - پوشيدہ کام

**Stealthy,** *a.* Done by stealth : چوري چھپا - گپ چپ - پوشيدہ

**Steam,** *n.* The elastic vapour of boiling water : بھاپ - بخار - دھواں * *v. i.* To rise or pass off in vapour : بھاپ اوٹھنا - بخارات اوڑنا يا بننا * *v. t.* To exhale ; to evaporate : بھاپ بنا کے اوڑانا - بھاپ بنانا - ابخرے بنانا

**Steam boiler,** *n.* A strong vessel of iron in which water is converted into steam for supplying steam engines : ايک لوهے کا برتن جسميں پاني بھاپ ميں تبديل هوکر انجن وغيرہ کو چلاتا هے

**Steamer,** *n.* A vessel propelled by steam : دخاني جہاز - دھواں کش

**Steed,** *n.* A horse, especially, a spirited horse for state or war : جنگي گھوڑا - ترنگ

**Steel,** *n.* Iron combined ; an instrument for sharpening knives upon : فولاد اسپات - چاقو تيز کرنيکا اوزار * *v. t.* To make hard : - سخت کرنا کڑا کرنا

**Steep,** *a.* Greatly inclined ; precipitous : بہت ڈھالو - کھڑا * *n.* A precipitous place, hill, etc. : ڈھالو جگہہ - پہاڑي وغيرہ * *v. t.* To soak ; to macerate : تر کرنا - بھگونا

**Steeple,** *n.* A tower of church ; a spire : - گنبد گلت - مينار

**Steeple chase,** *n.* A horserace across the country : ايک قسم کي گھوڑ دوڑ جسميں باڑ ديوار وغيرہ کو پھاندنا پڑتا هے

**Steer,** *n.* A young castrated male of the ox kind : بدھيا - بچھڑا * *v. t.* or *i.* To direct ; to guide ; to pursue a course of action : جہاز چلانا - رهنمائي کرنا - چلنا - راہ لينا

**Steerage,** *n.* Act or practice of directing in a course : جہاز راني رهنمائي * An apartment in the fore part of a ship for inferior passengers : جہاز کے سامنے کا کمرہ ادني مسافروں کے لئے * Management : انتظام

**Steerer,** *n.* A pilot : جہاز چلانيوالا

**Stellar,** *a.* Pertaining to stars : ستاروں کے متعلق

**Stellate,** *a.* Resembling a star ; radiated : ستاروں کے مانند - کرندار

**Stelliform,** *a.* Like a star : ستاروں کے مانند - پرندار

**Stellography,** *n.* An inscription on a pillar : ستون پر نقاشي

**Stem,** *n.* The principal body of a plant, tree, &c. : درخت کا تنہ جس سے شاخیں نکلتي هیں * Origin ; the stock of a family : نسل - بنیاد * The prow of a ship : جہاز کا آگا

**Stem,** *v. t.* To oppose as a current ; to check : پاني چیرنا - دهار پر چڑهانا - روکنا

**Stench,** *n.* An ill smell ; offensive odour : تعفن - بدبو - باس

**Stenography,** *n.* Short hand writing : مختصر - حرف یا لفظ لکھنیکا فن - مختصر نویسي

**Stentor,** *n.* Any person having a powerful voice : بلند آواز شخص

**Stentorian,** *a.* Extremely loud ; able to utter a very loud sound : بلند آواز - دراز آواز

**Step,** *v. i.* To advance or recede by a movement of the foot or feet ; to walk slowly : قدم اوٹھانا یا بڑھانا - خراماں خراماں چلنا * **To—aside,** to walk to a little distance : هٹ جانا * To deviate from the right path : گمراہ هوجانا * To err : غلطي کرنا * **To—between,** to interpose : بیچ بچاؤ کرنا - درمیان میں پڑنا * **To—in,** to enter : داخل هونا - جا کودنا * **To—out,** to increase the length of the step : قدم بڑھانا * **To take a—,** to move ; to proceed : حرکت کرنا - کارروائي کرنا * *v. t.* To set as the foot ; to fix the foot of as a mast : قدم رکھنا - کھڑا کرنا

**Step,** *n.* A pace ; degree ; gait ; the round of a ladder ; proceeding : قدم - درجہ - مرتبہ - رفتار - سیڑھي - تدبیر - کارروائي - حرکت *—**by**—, by degrees : gradually : درجہ بدرجہ - رفتہ رفتہ * **In the first—,** ابتدا میں - اول - مقدم * **To take —s,** تدبیر کرنا

**Step-mother,** *n.* A mother by marriage only : سوتیلي ماں

**Steppes,** *n.* The extensive plains in southern Russia : جنوبي روس کے میدان

**Stereoscope,** *n.* A binocular instrument for viewing small pictures : چھوٹي تصویروں کے دیکھنے کا آلہ

**Stereotype,** *n.* A fixed metal type or block : سیسے کے حروف کي ڈھالي هوئي تختي * *v. t.* To make stereotype plates for : سیسے کے حرف کي تختي ڈھالنا

**Sterile,** *a.* Barren ; unfruitful : بانجھ - اوسر - بنجر - شور

**Sterility,** *n.* Barrenness ; unproductiveness : اوسر پن - بانجھ پن - بے ثمري

**Sterilize,** *v. t.* To make barren ; to render unproductive : اوسر کرنا - بنجر بنانا

**Sterling,** *n.* English money ; standard coin : انگریزي سکہ - مقرر سکہ * *a.* Pure ; genuine : خالص - اصلي - صاف

**Stern,** *a.* Austere ; harsh ; cruel : سخت - درشت - کڑا - بیرحم

**Stern,** *n.* The hind part of a ship or boat : جہاز یا کشتي کي پیچھاڑي

**Sternly,** *ad.* With an austere countenance ; harshly : ترشروئي سے - سختي سے

**Sternmost,** *a.* Furthest in the rear : سب سے پچھلا یا پیچھے

**Sternum,** *n.* The breast-bone : سینہ کي هڈي

**Sternutation,** *n.* The act of sneezing : چھینک

**Sternutatory,** *n.* A substance that provokes sneezing : چھینک لانیوالي چیز

**Stertorous,** *a.* Snoring ; breathing hoarsely : خرانا لیتے هوئے

**Stethoscope,** *n.* An instrument to distinguish sound in the chest : آواز سے پھیپھڑے کا حال دریافت کرنے کا آلہ - سینہ بین آلہ

**Stew,** *v. t.* or *i.* To boil slowly or with a simmering heat ; to seethe : دم پخت کرنا یا هونا - نرم آگ سے پکانا یا پکنا - چرانا * *n.* Meat stewed : قورمہ * Confusion : گھبراہٹ

**Steward,** *n.* A man employed to manage domestic concerns, servants, accounts ; a waiter on board a ship :- داروغہ - گماشتہ - کارندہ خانساماں بکاول

**Stibium,** *n.* Antimony : سرمہ

**Stich,** *n.* A line or verse : مصرعہ - شعر * A row or rank : قطار - صف

**Stick,** *n.* A piece of wood ; a cane ; a stab : لکڑي - چھڑي - لاٹھي - کھونچا * *v. t.* To pierce or stab : چبھانا - چھیدنا - بھونکنا * To thrust in : گھسیڑنا * To fit : گاڑنا * To cleave : چپکانا * *v. i.* To adhere ; to cling : چپکا رهنا - لگا رهنا - لپٹنا * To scruple ; to hesitate : هچکنا - پس و پیش کرنا *

To be hindered : اٹکنا - رکنا * To—at, to hesitate at : تامل کرنا - پس و پیش کرنا - ھچکنا * To—against, to glue to : لگنا - جوڑنا * To—by, to adhere to : ساتھہ دینا - چمٹنا * To be constant : رہنا کرنا * To—close, fast or tight, to adhere closely : وصل ھونا * To hold fast : زور سے پکڑنا * To—out, to project : اُبھرنا - نکلنا * To—to, to adhere to : جوڑنا - وصل کرنا * To persevere in : مستقل رھنا - ساتھہ رھنا * To—oneself up, to put on great airs : اکڑنا - بننا

**Stickiness,** *n.* Adhesiveness ; viscosity : لسلسا ھٹ - لس

**Stickle,** *v. i.* To contend or altercate : تکرار کرنا - حجت کرنا - جھگڑنا

**Stickler,** *n.* An obstinate contender : حجتي - تکراري - جھگڑالو

**Sticky,** *a.* Glutinous ; viscous : لسلسا - چپچپا

**Stiff,** *a.* Inflexible ; stubborn ; strong : سخت - نالایم - اکڑا ھوا - ضدي - سرکش - تیز - تند

**Stiffness,** *n.* Inflexibility ; obstinacy : سختي - ضد - گردن کشي - مچھول

**Stiffen,** *v. t* or *i.* To make or become stiff : سخت یا کڑا کرنا - سخت یا کڑا ھونا

**Stifle,** *v. t.* To choke ; to suppress ; to deaden : گلا گھونٹکر مارنا - گلا گھونٹنا - دابنا - داب رکھنا - مارنا - گل کرنا - بجھانا

**Stigma,** *n.* A brand ; any mark of infamy : لوھا لال گرم کرکے داغنے کا نشان - داغ - بدنامي - کلنک

**Stigmatize,** *v. t.* To mark with a brand or infamy ; to characterize by some reproachful epithet : داغ لگانا - بدنام کرنا - رسوا کرنا - ملامت انگیز لقب دینا

**Stile,** *n.* The face of a dial to form the shadow : دھوپ گھڑي کي پٹي * A frame of bars or step : سیڑھي

**Stiletto,** *n.* A small dagger : نیمچہ - خنجر - کٹار

**Still,** *v. t.* To silence ; to quiet ; to pacify : خاموش کرنا - چپ کرنا - تسکین دینا - تسلي دینا

